


# Books of Hadhrat Masih Mau'ud[as]














| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جلسہ سالانہ قادیان 1897ء کے موقع پر بیان فرمودہ تین تقاریر پر مشتمل ہے جو آپؑ نے مورخہ 25، 28 اور 30 دسمبر 1897ء کو ارشاد فرمائیں۔ یہ تقاریر حضرت مسیح موعودؑ نے اہم تربیتی امور پر ارشاد فرمائی ہیں جو کہ اخلاقی اور روحانی نشوونما کے لئے عمدہ غذا کی حیثیت رکھتی ہیں اور واقعۃً قاری کی تربیت کے لئے انفاخ قدسیہ کا کردار ادا کرتی ہیں۔ | **Anfakh-e-Qudsiya**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-156, Code-U-162<br>Price-45/- |
| آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے فصیح و بلیغ مدحیہ عربی قصیدہ رقم فرمایا جو کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے خاص تائید و نصرت کا نشان ہے۔ یہ قصیدہ اردو ترجمہ کے ساتھ ۷۰ اشعار پر مشتمل ہے۔ | **Al-Qaseedah**<br>(with Urdu Translation)<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-24, Code-U-215<br>Price-30/- |
| اس رسالہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وہ تمام الہامات درج فرمائے ہیں جن سے آپؑ کی وفات کے قریب ہونے کے اشارے ملتے ہیں۔ حضور علیہ السلام نے جہاں اپنی وفات کی خبر کے ساتھ ہی خلافت کے ایک دائمی سِلسلہ کی بھی بشارت دی، وہاں حضور علیہ السلام نے الٰہی منشاء کے ماتحت اشاعتِ اسلام اور تبلیغ احکام قرآن کے مقاصد کے لئے ایک دائمی اور مستقل اور روز افزوں نظام کے قیام کا اعلان فرمایا ہے جو نظام الوصیت کے نام سے مشہور ہے۔ | **Al-wasiyyat**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-40, Code-U-112<br>Price-20/- |
| سیدنا حضرت اقدس مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام نے اپنی معرکۃ الآراء کتاب حقیقۃ الوحی میں ضمیمہ کے طور پر ایک فصیح و بلیغ عربی حصہ الاستفتاء کے نام سے شامل فرمایا، جس میں مسلمانوں کی خستہ حالی کا ذکر کرتے ہوئے اسلام کے غلبہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کئے جانے والے انتظام اور معاندین کے انجام کا ذکر فرمایا ہے۔ نیز فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں اصلاح خلق کے لئے مجھے مامور فرمایا ہے اور میرے ساتھ اس کی تائید و نصرت اور وعدے و بشارتیں ہیں۔ کتاب میں حضورؑ نے اپنی چند پیشگوئیاں اور الہامات بھی درج فرمائے ہیں۔ کتاب ہذا عربی متن اور اردو ترجمہ کے ساتھ 239 صفحات پر مشتمل ہے جو نظارت نشر و اشاعت نے پہلی بار شائع کی ہے۔ | **Al-Istafta Zameema Haqeeqatul Wahi**<br>(Urdu Tarjama)<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>H.B, Pages-239<br>Code-U-269, Price-110/- |
| ''آریہ دھرم'' کی تالیف کی وجہ یہ ہوئی کہ قادیان کے آریہ سماجیوں نے پادریوں کی نقل کرتے ہوئے سیّد المعصومین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی پر نہایت گندے اور ناپاک الزامات لگائے اور بذریعہ اشتہار اُن کی اشاعت کی۔ دوسری وجہ یہ ہوئی کہ حضرت مسیح موعودؑ کو جب یہ معلوم ہوا کہ پنڈت دیانند صاحب آریوں پر زور دے رہے ہیں کہ وہ نیوگ کو اپنی بیویوں اور بہو بیٹیوں میں ویدک شرائط کے موافق رائج کریں تو مسئلہ نیوگ کے متعلق آپؑ نے پوری تحقیق کی اور اپنی تحقیقات کا نتیجہ اس کتاب میں بیان کیا۔ اور نیوگ کی برائیوں اور مفاسد کو واضح فرمایا نیز مسئلہ طلاق و متعہ وغیرہ پر آریوں کے اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں۔ اور فلسفۂ طلاق بیان فرمایا ہے۔ | **Arya Dharm**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-108<br>Code-U-118, Price-15/- |
| ''برکات الدعا'' سیدنا حضرت اقدس مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام کی معرکۃ الآراء کتاب ہے، جس میں دعا کی حقیقت و ماہیت، اہمیت و برکات اور قبولیت کی شرائط کا نہایت جامع رنگ میں ذکر کیا گیا ہے۔ اسی طرح دعا کے متعلق مسلمانوں میں پائے جانے والے غلط عقائد کی اصلاح فرمائی ہے۔ کتاب ہذا 47 صفحات پر مشتمل عمدہ کاغذ و پرنٹنگ کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ | **Barkat-ud-Dua**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-47, Code-U-122<br>Price-25/- |















| Book | Description |
|---|---|
| **Chashma-e-Maseehi**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-55<br>Code-U-126, Price-00/-<br>(out of Stock) | اس کتاب میں حضرت مسیح موعودؑ نے عیسائیوں کی مشہور کتاب ''ینابیع الاسلام'' کا جواب تحریر فرمایا ہے۔ ینابیع الاسلام کے مصنف نے یہ الزام لگایا تھا کہ قرآن کریم (نعوذ باللہ) گذشتہ انبیاء کی کتب مقدسہ سے سرقہ کر کے مرتب کیا گیا ہے۔ اس الزام کا جواب حضورؑ نے اس کتاب (چشمۂ مسیحی) میں تحریر فرمایا ہے نیز قرآن کریم کو زندہ معجزہ قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ آج تک کوئی اس کی نظیر پیش نہیں کر سکا۔ اس کے بعد حضور علیہ السلام نے موجودہ عیسائیت کے عقائد تثلیث، الوہیت مسیحؑ اور کفارہ وغیرہ کا ردّ پیش کیا ہے۔ چشمۂ مسیحی کے خاتمہ کے طور پر ایک رسالہ نجاتِ حقیقی کے نام سے شامل ہے جس میں حضورؑ نے یہ ثابت کیا ہے کہ نجات دراصل اس دائمی خوش حالی کے حصول کا نام ہے جو خدا تعالیٰ کی محبت اور معرفت اور تعلق سے حاصل ہوتی ہے۔ حضورؑ نے ثابت کیا کہ عیسائیت کے موجودہ عقائد پولوس کی ذہنی تخلیق ہیں۔ |
| **Do Aham Taqreeren**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-34<br>Code-U-134, Price-15/- | حضرت مسیح موعودؑ نے جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر 29، 30 دسمبر 1904ء کو دو اہم تقریریں مسجد اقصیٰ میں ارشاد فرمائیں۔ یہ تقریریں جنوری 1905ء میں اخبار ''الحکم'' اور ''البدر'' قادیان میں شائع ہوئیں۔ پہلی تقریر میں حضرت مسیح موعودؑ نے افرادِ جماعت کو حقیقی پاکیزگی اور تقویٰ کے حصول کی تلقین کرتے ہوئے مجاہدہ، تدبیر، دعا اور صحبتِ صادقین اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے نیز پاک ہونے کا طریق بیان کرتے ہوئے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ دوسری تقریر میں حضورؑ نے انقطاع دنیا اور قرب الٰہی کے حصول کا مضمون بیان فرمایا ہے۔ تربیت، اصلاح اور روحانی ترقی کے لئے یہ تقاریر بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ |
| **Fath-e-Islam**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-51, Code-U-143<br>Price-35/- | حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود بنا کر مبعوث کیا۔ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ الہام آپؑ پر منکشف کیا کہ: ''مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اُس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے۔'' چنانچہ آپؑ نے 1890ء کے آخر میں یہ رسالہ فتح اسلام تحریر فرمایا جو 1891ء کے اوائل میں شائع ہوا۔ اس رسالہ میں آپؑ نے اعلان فرمایا ہے کہ: ''مسیح جو آنے والا تھا یہی ہے۔ چاہو تو قبول کرو۔'' نیز فرمایا کہ ''مسیح کے نام پر یہ عاجز بھیجا گیا تا صلیبی اعتقاد کو پاش پاش کر دیا جائے۔ سو میں صلیب کے توڑنے اور خنزیروں کو قتل کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں۔'' یہ کتاب آپؑ کے دعویٰ کے حوالے سے ابتدائی اور اہم کتاب ہے۔ |
| **Fiqhul Masih**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-554<br>Code-U-422, Price-280/- | یہ کتاب شریعت کے اصول اور فقہی مسائل کے متعلق حضرت مسیح موعودؑ کے ارشادات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں حضرت مسیح موعودؑ کے مختلف فقہی معاملات پر فتاویٰ اور شریعت اسلام کو سمجھنے کے لئے آپؑ کے بیان فرمودہ بنیادی اصولوں پر مشتمل ارشادات واقتباسات کو آپؑ کی تحریرات اور ملفوظات سے جمع کر کے ایک جگہ پیش کیا گیا ہے۔ |
| **Government Angrezi aur Jihad**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-26, Code-U-145,<br>Price-00/- (out of Stock) | اس رسالہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے حقیقتِ جہاد اور اس کی فلاسفی بیان فرمائی ہے اور قرآن و حدیث اور تاریخ سے جہاد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا ہے کہ اوائلِ اسلام میں مسلمانوں کو بحالت مجبوری جو جنگیں کرنی پڑیں وہ محض وقتی اور مدافعانہ اور مذہبی آزادی قائم کرنے کے لئے تھیں۔ ورنہ اسلام سے بڑھ کر صلح و آشتی اور امن و سلامتی کا علمبردار کوئی اور مذہب نہیں ہے۔ |
| **Hamamatul Bushra**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-373<br>Code-U-283, Price-135/- | سیدنا حضرت اقدس مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہودؑ نے یہ عظیم الشان رسالہ (حمامۃ البشریٰ) 1893ء میں عربی زبان میں رقم فرمایا۔ اس میں آپؑ نے اپنے دعویٰ مسیحیت اور اس کے دلائل خوب وضاحت سے لکھے اور خروجِ دجال اور وفاتِ مسیحؑ اور نزولِ مسیحؑ اور ان سے متعلقہ امور پر سیرکن بحث کی اور مکفرین علماء کی طرف سے آپؑ کے عقائد اور آپؑ کے دعویٰ پر کئے جانے والے اعتراضات کے تفصیلی جوابات دیئے۔ نظارت نشر و اشاعت قادیان نے 373 صفحات پر مشتمل تصنیف ہذا عربی متن اور اردو ترجمہ کے ساتھ عمدہ کاغذ، خوبصورت جلد و پرنٹنگ میں شائع کی ہے۔ |














| | |
|---|---|
| رسالہ ہماری تعلیم حضرت مسیح موعودؑ کی ان تعلیمات کا خلاصہ ہے جو کہ کتاب ''کشتی نوح'' میں مذکور ہیں۔ یہ خلاصہ خود حضرت مسیح موعودؑ کے اپنے الفاظ میں ہے۔ اس رسالہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے بالعموم اپنی جماعت کے لئے روحانی اور اخلاقی تعلیم کو پیش فرمایا ہے۔ آپؑ نے ان تعلیمات پر عمل کرنے کے نتیجہ میں طاعون سے حفاظت کا خدائی وعدہ بیان فرمایا۔ یہ تعلیمات بصیرت، روحانیت اور سچائی سے اس قدر پُر ہیں کہ ہر ایک طالب حق اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ احمدیت کے عقائد اور معیار تقویٰ جس کا ہر احمدی سے تقاضا کیا گیا ہے، اس کو سمجھنے کے لئے یہ رسالہ بہت اہم ہے۔ | **Hamari Taleem**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-41, U-155<br>Price-00/- Out of Stock |
| کتاب ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' سیدنا حضرت مسیح موعودؑ کی معرکۃ الآراء تصنیف ہے جسے حضورؑ نے 1896ء میں منعقدہ مذاہبِ عالم کانفرنس۔۔۔ میں پڑھ کر سنانے کے لئے رقم فرمایا تھا۔ یہ مضمون سب مذاہب کے پیش کردہ مضامین پر بالا رہا۔ حضرت مسیح موعودؑ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر اس کتاب کے مضمون کے سب پر بالا رہنے کی پیشگوئی قبل از کانفرنس بذریعہ اشتہار کر دی تھی۔ یہ کتاب حسبِ شرائطِ کانفرنس پانچ سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کی یہ خوبی ہے کہ اس میں کسی دوسرے مذہب پر حملہ نہیں کیا گیا۔ بلکہ محض اسلام کی خوبیاں بیان کی گئی ہیں اور سوالات کے جوابات قرآن مجید ہی سے دیئے گئے ہیں جن سے اسلام کا تمام مذاہب سے اکمل اور احسن اور اتم ہونا ثابت ہوتا ہے۔ | **Islami Usool ki Philosophy**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-154, Code-U-377, Price-55/- |
| رسالہ اتمام الحجۃ حضرت مسیح موعودؑ نے مولوی رسل بابا امرتسری پر اتمام حجت کرنے کیلئے جون 1894ء میں شائع کیا۔ اس رسالہ کا کچھ حصہ عربی میں ہے اور کچھ اردو میں۔ اس میں حضرت مسیحؑ کے آسمان پر زندہ ہونے کا ردّ قرآن کریم، احادیث اور بزرگانِ سلف کے اقوال سے کیا ہے۔ **کتاب مواہب الرحمٰن**: اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کو یہ وعدہ عطا فرمایا تھا کہ آپؑ کے الدار میں رہنے والوں کو طاعون کے ٹیکے کی ضرورت نہیں۔ اس پر مصری جریدہ ''اَللِّوَاء'' کے ایڈیٹر نے اعتراض کیا کہ آپؑ نے ترکِ اسباب کیا اور دوا نہ کرنے کو مدارِ توکل قرار دیا۔ یہ امر لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ کے خلاف ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں آپؑ نے 1903ء میں عربی زبان میں کتاب ''مواہب الرحمٰن'' تصنیف فرمائی۔ آپؑ نے اس میں اس اعتراض کا جواب دیا۔ اور اپنے عقائد و جماعت کیلئے تعلیم درج کرتے ہوئے گزشتہ تین سالوں کے نشانات کا ذکر فرمایا۔ | **Itmam-ul-Hujja & Mawahibur Rahman**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-173, Code-U-282<br>Price-110/- |
| حضرت مسیح موعودؑ کو عطا کردہ الٰہی پیشگوئیوں کے مطابق پنجاب میں 1902ء میں طاعون کی صورت میں ایک خوفناک وباء ظاہر ہوئی۔ گورنمنٹ انگریزی نے اس سے بچنے کے لئے ٹیکے لگانے کی اسکیم شروع کی اور تحریر و تقریر کے ذریعہ یہ پروپیگنڈہ کیا کہ ہر شخص کے لئے ٹیکہ لگانا ضروری ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے ماہ اکتوبر 1902ء میں یہ کتاب (کشتی نوح) شائع فرمائی اور اس میں اس مہم کو سراہتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا ہے کہ تُو اور جو شخص تیرے گھر کی چار دیواری کے اندر ہوگا اور وہ جو کامل پیروی اور اطاعت اور سچے تقویٰ سے تجھ میں محو ہو جائے گا وہ سب طاعون سے بچائے جائیں گے۔ نیز حضورؑ نے اس کتاب میں اپنی جماعت کے لئے وہ تعلیم بیان فرمائی ہے جس کی پوری پابندی طاعون کے حملہ سے بچا سکتی ہے۔ نیز وہ ایسی پاک اور عمدہ تعلیم ہے کہ اگر جماعت کے سب افراد اس پر کَمَا حَقَّہٗ عمل پیرا ہو جائیں تو اُن کا نمونہ دنیا میں ایک عظیم الشان روحانی انقلاب پیدا کر سکتا ہے۔ | **Kishti-e-Nuh**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-108<br>Code-U-293, Price- 50/- |
| یہ رسالہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک لیکچر ہے جو ۲ نومبر ۱۹۰۴ء کو سیالکوٹ کے ہندوؤں اور مسلمانوں کے ایک کثیر مجمع میں پڑھا گیا۔ یہ ''لیکچر سیالکوٹ'' کے نام سے موسوم ہے۔ اِس لیکچر میں حضور علیہ السلام نے اسلام اور دوسرے مذاہب کا موازنہ کرتے ہوئے اسلام کی حقانیت اور زندگی کا ثبوت پیش فرمایا ہے۔ حضور علیہ السلام نے اس لیکچر میں پہلی مرتبہ ہندوؤں کے لئے کرشن ہونے کا دعویٰ پیش فرمایا ہے۔ | **Lecture Sialkot**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-52<br>Code-U-184, Price- 00/-<br>Out of Stock |
| یہ حضورؑ کا ایک لیکچر ہے جو 3 دسمبر 1904ء کو لاہور کے ایک عظیم الشان جلسہ میں پڑھا گیا تھا۔ یہ ''لیکچر لاہور'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس لیکچر میں حضورؑ نے اسلام، ہندو مذہب اور عیسائیت کی تعلیمات کا موازنہ پیش فرما کر اسلامی تعلیمات کی برتری ثابت فرمائی ہے۔ | **Lecture Lahore**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-54, Code-U-183, Price- 00/- (Out of Stock) |













| | |
|---|---|
| یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک لیکچر ہے جو ۴ رنومبر ۱۹۰۵ء کو لدھیانہ میں پڑھا گیا تھا۔ یہ لدھیانہ وہی شہر ہے جہاں سب سے پہلے حضورؑ کے خلاف فتویٰ کفر جاری کیا گیا تھا۔ حضور علیہ السلام نے اِس امر کو اپنی صداقت کا نشان ٹھہرایا ہے کہ علماء نے مل کر اس سِلسلہ کو مٹانے کی کوششیں کیں مگر ان کی کوششوں کا نتیجہ اُلٹ نکلا اور اللہ تعالیٰ کے الہامات کے مطابق اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سِلسلہ کے ساتھ ہی رہی۔ اس لیکچر میں مخاطب اکثر مسلمان تھے اس لئے حضور علیہ السلام نے اپنا اور اپنی جماعت کا اسلام کے بنیادی عقائد پر ایمان لانے کا اقرار فرمایا ہے اور تفصیل کے ساتھ حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کی وفات کو کتاب وسنت، اجماع اور قیاس سے ثابت فرمایا ہے۔ | **Lecture Ludhiana**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-60<br>Code-U-421, Price- 00/-<br>Out of Stock |
| حضرت مسیح موعودؑ نے 1878ء سے اپنے وصال 1908ء تک جو اشتہارات شائع فرمائے تھے وہ اسلام کی حقانیت اور آنحضرت ﷺ کی صداقت کے اثبات میں بڑی قدر و قیمت رکھتے ہیں۔ حضورؑ نے اپنے معاندین کو جتنے چیلنج اتمامِ حجت کے لئے دیئے اکثر وہ اشتہارات میں ہی درج ہیں۔ حضورؑ کے یہ اشتہارات حجج قاطعہ و براہینِ نیّرہ و زندہ خدا کے زندہ کلام سے پُر ہیں۔ حضورؑ نے اپنی کتاب ”فتح اسلام“ میں تائید حق اور اشاعتِ اسلام کیلئے جن پانچ شاخوں کا ذکر بایمائے الٰہی فرمایا ہے ان میں سے ایک اہم شاخ اشتہارات کی ہے۔ مجموعۂ اشتہارات جو ایڈیشن دوم میں دو جلدوں میں تھے حضور انور ایدہ اللہ کے ارشاد کی روشنی میں حسبِ سابق تین جلدوں میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب ھٰذا جلد اوّل پر مشتمل ہے۔ اس میں 1878ء سے دسمبر 1894ء تک کے اشتہارات شامل ہیں۔ | **Majmooa Ishtiharaat Vol-1**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Code-U-363, Price-280/- |
| حضرت مسیح موعودؑ نے 1878ء سے اپنے وصال 1908ء تک جو اشتہارات شائع فرمائے تھے وہ اسلام کی حقانیت اور آنحضرت ﷺ کی صداقت کے اثبات میں بڑی قدر و قیمت رکھتے ہیں۔ حضورؑ نے اپنے معاندین کو جتنے چیلنج اتمامِ حجت کے لئے دیئے اکثر وہ اشتہارات میں ہی درج ہیں۔ حضورؑ کے یہ اشتہارات حجج قاطعہ و براہینِ نیّرہ و زندہ خدا کے زندہ کلام سے پُر ہیں۔ حضورؑ نے اپنی کتاب ”فتح اسلام“ میں تائید حق اور اشاعتِ اسلام کیلئے جن پانچ شاخوں کا ذکر بایمائے الٰہی فرمایا ہے ان میں سے ایک اہم شاخ اشتہارات کی ہے۔ مجموعۂ اشتہارات جو ایڈیشن دوم میں دو جلدوں میں تھے حضور انور ایدہ اللہ کے ارشاد کی روشنی میں حسبِ سابق تین جلدوں میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب ھٰذا جلد دوم پر مشتمل ہے۔ اس میں فروری 1895ء سے دسمبر 1899ء تک کے اشتہارات شامل ہیں۔ | **Majmooa Ishtiharaat Vol-2**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-630, Code-U-386, Price-280/- |
| حضرت مسیح موعودؑ نے 1878ء سے اپنے وصال 1908ء تک جو اشتہارات شائع فرمائے تھے وہ اسلام کی حقانیت اور آنحضرت ﷺ کی صداقت کے اثبات میں بڑی قدر و قیمت رکھتے ہیں۔ حضورؑ نے اپنے معاندین کو جتنے چیلنج اتمامِ حجت کے لئے دیئے اکثر وہ اشتہارات میں ہی درج ہیں۔ حضورؑ کے یہ اشتہارات حجج قاطعہ و براہینِ نیّرہ و زندہ خدا کے زندہ کلام سے پُر ہیں۔ حضورؑ نے اپنی کتاب ”فتح اسلام“ میں تائید حق اور اشاعتِ اسلام کیلئے جن پانچ شاخوں کا ذکر بایمائے الٰہی فرمایا ہے ان میں سے ایک اہم شاخ اشتہارات کی ہے۔ مجموعۂ اشتہارات جو ایڈیشن دوم میں دو جلدوں میں تھے حضور انور ایدہ اللہ کے ارشاد کی روشنی میں حسبِ سابق تین جلدوں میں کر دیا گیا ہے۔ کتاب ھٰذا جلد سوم پر مشتمل ہے۔ اس میں فروری 1900ء سے مئی 1908ء تک کے اشتہارات شامل ہیں۔ | **Majmooa Ishtiharaat Vol-3**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Code-U-384, Price-245/- |













| | |
|---|---|
| "ملفوظات"حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ کا وہ پاکیزہ کلام ہے جسے آپؑ نے اپنی مجالس یا جلسہ سالانہ میں اپنے اصحاب ونومبائعین کی تعلیم وتربیت، احیاءِ دینِ اسلام اور قیامِ شریعت کیلئے وقتاً فوقتاً ارشاد فرمایا۔اسی طرح حضورؑ کے یہ ملفوظات تیرہ سو سال سے الجھے ہوئے مسائل پر حکم وعدل کے فیصلہ کُن موقف ،اسلام پر اعتراضات کے جوابات، آنحضرت ﷺ کی ذات سے آپؑ کا عشق، حضورؑ کے دعاوی، حقیقتِ دعا، روزمرہ زندگی کے واقعات اور احمدیت کی تاریخ کے اہم واقعات کی تفصیل جیسے قیمتی مواد پر مشتمل ہیں۔<br>جلد اول۔1891ء تا اگست 1900ء کے ملفوظات (516 صفحات)<br>جلد دوم۔ستمبر 1900ء تا دسمبر 1901ء کے ملفوظات (532 صفحات)<br>جلد سوم۔جنوری 1902ء تا دسمبر 1902ء کے ملفوظات (496 صفحات)<br>جلد چہارم۔یکم جنوری 1903ء تا 30 مارچ 1903ء کے ملفوظات (361 صفحات)<br>جلد پنجم۔اپریل 1903ء تا دسمبر 1903ء کے ملفوظات (393 صفحات)<br>جلد ششم۔جنوری 1904ء تا ستمبر 1904ء کے ملفوظات (367 صفحات)<br>جلد ہفتم۔2 اکتوبر 1904ء تا ستمبر 1905ء کے ملفوظات (360 صفحات)<br>جلد ہشتم۔اکتوبر 1905ء تا اکتوبر 1906ء کے ملفوظات (322 صفحات)<br>جلد نہم۔نومبر 1906ء تا 19 اکتوبر 1907ء کے ملفوظات (341 صفحات)<br>جلد دہم۔نومبر 1907ء تا مئی 1908ء کے ملفوظات (413 صفحات) | **Malfoozat Vol 1-10**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Code-U-411, Price-2465/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ نے اپریل 1899ء میں تصنیف فرمائی اور اس کی عام اشاعت پہلی بار 20 نومبر 1908ء کو ہوئی۔حضرت مسیح موعودؑ کی بعثت کا ایک عظیم الشان مقصد احادیث میں کسرِ صلیب یعنی صلیبی عقیدہ کا، جس پر موجودہ عیسائیت کی بنیاد ہے باطل ثابت کرنا بیان کیا گیا ہے۔اور وہ عقیدہ یہ ہے کہ حضرت مسیحؑ صلیب پر مر کر انسانوں کے لئے لعنتی بنے تا وہ انہیں شریعت کی لعنت سے آزاد کریں۔پس ضروری تھا کہ مسیح موعودؑ جس کا عظیم الشان کام کسرِ صلیب قرار دیا گیا تھا، وہ اس صلیبی فتنہ کو پاش پاش کرتا اور اس صلیبی عقیدہ کا جو مسئلہ کفارہ کی بنیاد ہے یا بہ الفاظ دیگر عیسائیت کی جان ہے، دلائل و براہین سے باطل ہونا ثابت کرتا۔اس مسئلہ کے متعلق حضرت مسیح موعودؑ نے اگرچہ اپنی دوسری تالیفات میں بھی ذکر فرمایا ہے لیکن اس کتاب میں اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے۔ | **Masih Hindustan Main**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-113<br>Code-U-301, Price- 40/- |
| یہ کتاب سلطان القلم حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات کے منتخب اقتباسات پر مشتمل ہے۔1989ء میں جماعت احمدیہ کے صد سالہ جشن تشکّر کی مبارک تقریب کی مناسبت سے عالمی سطح پر جو پروگرام ترتیب دیا گیا تھا اس میں شامل تھا کہ خدا تعالیٰ کے حضور سپاس گزاری اور اپنے جذبات تشکّر کے اظہار کے طور پر ایک سو سے زائد زبانوں میں قرآن کریم اور اس کی منتخب آیات، آنحضرتؐ کی منتخب احادیث اور حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہؑ کی تحریرات کے منتخب اقتباسات کے تراجم شائع کئے جائیں۔یہ کتابچہ اسی عظیم اور مبارک منصوبہ کا ایک حصّہ ہے جس میں 22 موضوعات پر حضرت مسیح موعودؑ کے نظم ونثر سے منتخب اشعار اور اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ | **Muntakhab Tehreerat**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-40<br>Code-U-201, Price- 25/- |












| | |
|---|---|
| **Naseem-e-Daawat**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-96<br>Code-U-205, Price-60/- | ۸رفروری ۱۹۰۳ءکوآریہ سماج نے ایک اشتہار نہایت گندہ اور گالیوں سے بھرا ہوا شائع کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اعتراضات کے پیرایہ میں توہین وتحقیر کے سخت الفاظ لکھے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپؑ کی جماعت کے معزز احباب کی نسبت زبان درازی کی۔ان کے سخت الفاظ اور گندی گالیوں کو دیکھتے ہوئے حضرت اقدس علیہ السلام کا دل تو یہی چاہتا تھا کہ ایسے گندہ دہن لوگوں سے خطاب نہ کیا جائے مگروحیٔ خاص سے آپؑ کو اس کا جواب لکھنے کے لئے حکم دیا گیا چنانچہ آپؑ نے یہ رسالہ نسیمِ دعوت تحریر فرمایا اور آریوں کے اعتراضات کا جواب لکھتے ہوئے بڑی تفصیل سے عیسائیوں اور آریہ سماج کے عقائد کا اسلام کے عقائد سے مقابلہ کرکے اسلام کی خوبیاں بیان فرمائیں۔ |
| **Nishaan-e-Aasmani**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-58<br>Code-U-206, Price- 15/- | اواخرمئی ۱۸۹۲ءمیں حضرت مسیح موعودؑ نے رسالہ ''نشان آسمانی''، جس کا دوسرا نام شہادت الملہمین ہے، تحریر فرمایا جو جون ۱۸۹۲ءمیں شائع ہوا۔ اور دوسری بار ۱۸۹۶ءمیں حضور علیہ السلام کی زندگی میں ہی شائع ہوا تھا۔اس میں آپؑ نے سائیں گلاب شاہ صاحب کی پیشگوئی اور شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ کی پیشگوئی درج فرمائی جن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دعویٰ کی صداقت ظاہر ہوتی ہے۔ |
| **Paigham-e-Sulah**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-35<br>Code-U-284, Price-30/- | کتاب پیغام صلح میں حضرت مسیح موعودعلیہ السّلام نے برِّ صغیر کی دو بڑی قوموں ہندوؤں اور مسلمانوں میں صُلح اور رواداری پیدا کرنے کی ایک دردمندانہ اپیل فرمائی ہے۔حضورؑ نے دونوں قوموں کی باہمی نفرت اور معاشرتی بُعد کی اصل وجہ مذہبی اختلاف کو قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ اسلام کی تعلیم تو یہ ہے کہ تمام مذاہب کے مسلّمہ بزرگوں اور صلحاء کا احترام کیا جائے اور ان کے مذہبی شعار کی حرمت کو قائم رکھا جائے۔آپؑ نے اپنے اِس مضمون میں انتہائی درد کے ساتھ اور خالصتاً ہمدردی کے طور پر ہندوؤں اور مسلمانوں کو محبت اور آشتی سے رہنے کی تلقین فرمائی ہے اور اہلِ اسلام کی طرف سے صلح کا ہاتھ بڑھایا ہے۔ |
| **Qadian ke Arya aur Ham**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B, Pages-41<br>Code-U-214, Price-00/-<br>(out of Stock) | قادیان کے آریوں کی طرف سے ایک اخبار''شبھ چنتک'' نکلا کرتا تھا اس میں ہمیشہ ہی اسلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف نہایت ناشائستہ زبان استعمال کی جاتی تھی۔اس اخبار میں لالہ شرمپت اور لالہ ملاوامل کی طرف منسوب کرکے ایک اعلان شائع کیا گیا تھا کہ ہم مرزا صاحب کے کسی بھی نشان کے گواہ نہیں ہیں۔حضورؑ نے رسالہ''قادیان کے آریہ اور ہم'' میں اپنے بہت سے ایسے نشانات کی تفصیل بیان فرمائی ہے جن کا تعلق مذکورہ دونوں آریہ صاحبان سے ذاتی طور پر تھا یا کم ازکم وہ ان کے عینی گواہ تھے۔آخر میں حضورؑ نے آریوں کے عقائد پر جرح فرمائی ہے اور اسلام کی صداقت اور آریہ مذہب کی حقیقی تصویر کو اپنی ایک نظم میں پیش فرمایا ہے۔ |
| **Shahadatul Quran**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-118<br>Code-U-228, Price-25/- | ایک شخص میاں عطا محمد نے اپنے خط کے ذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دریافت کیا کہ اس بات پر کیا دلیل ہے کہ آپؑ مسیح موعود ہیں یا کسی مسیح کا انتظار کرنا ہم کو واجب ولازم ہے۔انہوں نے اپنے خط میں لکھا کہ احادیث میرے نزدیک قابل اعتبار نہیں۔چونکہ سوال اہم تھا اس لئے حضورؑ نے اس کے جواب میں رسالہ''شہادت القرآن'' لکھا اور تین امور تنقیح طلب قائم کرکے ان کا مفصل جواب دیا۔**اوّل**۔یہ کہ مسیح موعود کے آنے کی خبر جو حدیثوں میں پائی جاتی ہے کیا یہ اس وجہ سے نا قابلِ اعتبار ہے کہ حدیثوں کا بیان مرتبۂ یقین سے دُور ومہجور ہے۔**دوسرے**۔یہ کہ کیا قرآن کریم میں اس پیشگوئی کے بارے میں کچھ ذکر ہے یا نہیں۔**تیسرے**۔یہ کہ اگر یہ پیشگوئی ایک ثابت شدہ حقیقت ہے تو اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ اِس کا مصداق یہی عاجز ہے۔اِن تینوں تنقیحات کو بدلائلِ بیّنہ آپؑ نے اس کتاب میں واضح فرمادیا ہے۔ |












| | |
|---|---|
| مسٹر سراج الدین صاحب پروفیسر ایف۔سی۔کالج لاہور پہلے تو مسلمان تھے پھر عیسائی ہو گئے تھے۔ ۱۸۹۷ء میں چند روز حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت میں رہے تو پھر اسلام کی فضیلت کے قائل ہو گئے۔لیکن جب لاہور واپس گئے تو دوبارہ پادریوں کے دام میں پھنس گئے اور پھر عیسائیت اختیار کر کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں چار سوالات ارسال کر دیئے۔آپؑ نے ان کے جوابات لکھ کر اور اُن کا نام ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' رکھ کر انہیں افادۂ عام کے خیال سے رسالہ کی صورت میں شائع کر دیا۔ | **Sirajuddin Esaie ke char Sawalon ka Jawab**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-49<br>Code-U-304, Price-00/-<br>(out of Stock) |
| اللہ تعالیٰ نے سیدنا حضرت مسیح موعودؑ کو عربی زبان میں تحریر و تقریر کا ملکہ اعجازی طور پر عطا فرمایا تھا۔اہلِ عرب کو پیغام حق پہنچانے کے لئے حضور علیہ السلام نے جولائی 1894ء میں فصیح و بلیغ عربی میں ایک کتاب 'سر الخلافہ' نام سے تصنیف فرمائی۔اس کتاب میں آپؑ نے مسئلۂ خلافت کے بارہ میں تفصیلی بحث فرمائی۔نیز ثابت کیا ہے کہ خلفائے راشدین برحق تھے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ سب صحابہ سے افضل تھے اور اسلام کے لئے آدم ثانی تھے۔اس کتاب میں آپؑ نے خلفائے راشدین پر شیعوں کے اعتراضات کے جواب دیئے ہیں۔پھر اہل سنت اور شیعوں کے آپسی جھگڑوں کا ذکر کر کے فیصلہ کا طریق پیش کیا ہے۔نیز عقیدہ ظہورِ مہدی کا ذکر کر کے اپنے دعویٔ مہدویت پر شرح و بسط سے بحث کی ہے۔علاوہ ازیں یہ کتاب آپؑ نے مولوی محمد حسین بٹالوی اور دوسرے مفکرین کے الزامات اور ان کی مولویت کی قلعی کھولنے کے لئے بوعدۂ انعام 27 روپیہ شائع کی۔کتاب ھٰذا عربی متن اور اردو ترجمہ کے ساتھ عمدہ کاغذ، خوبصورت جلد و پرنٹ میں شائع کی گئی ہے۔ | **Sirrul Khilafah**<br>(Urdu Tarjama)<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-254<br>Code-U-270, Price-110/- |
| حضرت مسیح موعودؑ نے مسئلۂ نیوگ کے بارے میں اپنی کتاب 'نسیم دعوت' میں ذکر کر کے اس کے نقائص کا ذکر فرمایا تھا۔ایک آریہ نے اس پر اعتراض کیا تو آپؑ نے یہ مختصر رسالہ 'سناتن دھرم' شائع فرمایا اور مسئلۂ نیوگ کے خلافِ غیرت اور خلافِ فطرتِ انسانی ہونے اور اس کی قباحتوں کا ذکر فرمایا اور ساتھ ہی سناتن دھرمیوں کی تعریف فرمائی۔پھر تبدیلیٔ مذہب کے لئے جن تین باتوں کا 'نسیم دعوت' میں ذکر ہے اُن کا اختصار کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔سو یہ مختصر رسالہ درحقیقت رسالہ 'نسیم دعوت' کا تتمہ ہے۔ | **Sanatan Dharm**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-16<br>Code-U-333, Price-00/-<br>(out of Stock) |
| قرآن کریم کے حقائق و معارف جو حضرت مسیح موعودؑ نے بیان فرمائے ہیں آپؑ کی 80 سے زائد کتب اور ملفوظات میں جا بجا مذکور ہیں۔ان تمام قرآنی حقائق و معارف کو یکجا کر کے سورتوں اور آیات کے لحاظ سے ترتیب وار کتابی صورت میں 8 جلدوں میں شائع کیا گیا ہے۔ان جلدوں میں حسبِ ذیل تفصیل کے مطابق سورتوں کی تفسیر شامل ہے:<br>جلد اوّل: سورۃ الفاتحہ کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات:416)، جلد دوم: سورۃ البقرۃ کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات:464)، جلد سوم: سورۃ آل عمران و سورۃ النساء کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات 465)، جلد چہارم: سورۃ المائدہ تا سورۃ الرعد کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات:432)، جلد پنجم: سورۃ ابراھیم تا سورۃ الحج کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات:416)، جلد ششم: سورۃ المؤمنون تا سورۃ فاطر کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات 437)، جلد ہفتم: سورۃ یٰس تا سورۃ الجمعۃ کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات: 444)، جلد ہشتم: سورۃ المنافقون تا سورۃ الناس کی تفسیر پر مشتمل ہے۔(صفحات:433) | **Tafsir Hazrat Masih Mau'ud[as]**<br>**Vol 1-8**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Code-Q-26, Price-1810/- |













| | |
|---|---|
| **Todhi-e-Maram**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-49<br>Code-U-246, Price-00/-<br>Out of Stock | حضرت مسیح موعودؑ نے 1891ء میں اپنے دعویٰ مسیحیت کا ذکر رسالہ ''فتح اسلام'' میں فرمایا تھا۔اس کے معاً بعد آپؑ نے مناسب خیال فرمایا کہ اس سے قبل کہ مخالفت میں قلمیں اُٹھیں یہ دعویٰ مفصل رنگ میں سمجھایا جائے۔ چنانچہ اس غرض کے لئے آپؑ نے رسالہ ''توضیح مرام'' تحریر فرمایا۔ |
| **Tazkaratush Shahadatain**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-119<br>Code-U-243, Price-00/-<br>Out of Stock | حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ کتاب 'تذکرۃ الشہادتین' ۱۹۰۳ء کی تصنیف ہے۔ اس کے دو حصے ہیں۔ حصہ اردو حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحبؓ رئیس اعظم خوست افغانستان اور ان کے شاگرد رشید میاں عبدالرحمٰن صاحبؓ کی شہادت کے واقعات پر مشتمل ہے۔ دوسرا حصہ عربی کے تین رسائل پر مشتمل ہے۔ پہلا رسالہ 'الوقت وقت الدعاء لا وقت الملاحم و قتل الاعداء' دوسرا رسالہ 'ذکر حقیقۃ الوحی و ذرائع حصولہ' اور تیسرا رسالہ 'علامات المقربین' کے نام سے شامل ہے۔<br>اس رسالہ میں شہادت کے واقعات بیان کرنے کے بعد حضرت مسیح موعودؑ نے اپنی جماعت کو اخروی زندگی کی تیاری کرنے اور دین کو دنیا پر مقدم کرنے کی تلقین فرمائی ہے۔ نیز جماعت احمدیہ کے عقائد بیان کیے ہیں۔ |
| **Zaroori Naseehat**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-15, Code-U-253<br>Price-00/-<br>Out of Stock | پمفلٹ ''ضروری نصیحت'' بانئ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہودؑ کے اُس معرکۃ الآراء خطاب پر مشتمل ہے جسے آپؑ نے اپنی وفات سے 9 دن پیشتر 17 مئی 1908ء کو لاہور میں دانشوروں کے مجمع میں اتمامِ حجت کے طور پر ارشاد فرمایا تھا۔ اس خطاب کو اخبارِ بدر قادیان نے 25 جون 1908ء کے شمارہ میں ''البلاغ المبین'' کے عنوان سے شائع کیا تھا۔ نیز ملفوظات جلد دہم کے صفحہ 382 تا 426 میں بھی یہ خطاب درج ہے۔ |
| **Zarooratul Imam**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-55<br>Code-U-252, Price-35/- | رسالہ ضرورت الامام حضرت مسیح موعودؑ نے ماہ ستمبر ۱۸۹۸ء میں صرف ڈیڑھ دن میں تالیف فرمایا۔ اس رسالہ کے لکھنے کی وجہ ایک دوست کی اجتہادی غلطی تھی جس پر اطلاع پانے سے آپؑ نے ایک نہایت دردناک دل کے ساتھ یہ رسالہ لکھا۔ اُس دوست نے اپنے الہامات اور خوابیں سُنائیں جس سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ آپؑ کو مسیح موعود نہیں مانتا اور نیز یہ کہ وہ مسئلہ امامتِ حقہ سے بے خبر ہے۔ لہٰذا آپؑ کی ہمدردی نے یہ تقاضا کیا کہ امامتِ حقہ سے متعلق یہ رسالہ لکھیں اور بیعت کی حقیقت تحریر کریں۔ اِس رسالہ میں آپؑ نے یہ بتایا ہے کہ امام الزمان کون ہوتا ہے؟ اور اُس کی علامات کیا ہیں اور اس کو دوسرے ملہموں اور خواب بینوں اور اہلِ کشف پر کیا فوقیت حاصل ہوتی ہے؟ |


# Books of Khulafa-e-Masih Mau'ud
















| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی اُن تقاریر پر مشتمل ہے جو آپ رضی اللہ عنہ نے مورخہ 27-28 اور 30 دسمبر 1915ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر بیان فرمائیں۔ ان تقاریر میں آپ رضی اللہ عنہ نے خلافت کی اہمیت و برکات بیان فرماتے ہوئے خلافت سے متعلق ہونے والے اعتراضات کے مدلل جوابات بیان فرمائے ہیں۔ خلافت کی اہمیت کو سمجھنے اور اس کی برکات سے متمتع ہونے کے لحاظ سے اس کتاب کا مطالعہ بہت ضروری اور مفید ہے۔ | **Anwar-e-Khilafat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-193, Code-U-302<br>Price-00/-<br>(out of Stock) |
| انوار العلوم جلد 19 سیدنا حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی 48-1947ء کی تقاریر و تحریرات پر مشتمل ہے جس میں اقوام عالم کی قیادت و رہنمائی کے لئے بلند پایہ مضامین درج ہیں جن کے مطالعہ سے علم و معرفت میں ترقی کے ساتھ ساتھ جماعتی خدمات و تاریخ سے آگاہی ہوتی ہے۔ یہ کتاب نظارت نشر و اشاعت نے پہلی بار شائع کی ہے جو 616 صفحات پر مشتمل ہے۔ | **Anwarul Uloom**<br>**Vol-19**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages- 616<br>Code-U-272, Price-200/- |
| سیدنا حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی 1948ء کی 6 عظیم الشان اور روح پرور تحریرات و تقاریر پر مشتمل یہ جلد ہے۔ اسی سال تقسیم ملک کا سانحہ پیش آیا اور آپ رضی اللہ عنہ نے اقوام کی راہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے اس اولوالعزم خلیفہ کی برکت سے جماعت کو دوسرا مرکز ربوہ عطا فرمایا۔ اسی طرح حضور رضی اللہ عنہ نے اپنی معرکۃ الآراء تصنیف دیباچہ تفسیر القرآن میں ضرورت قرآن اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت و سوانح اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت کے بیّن اظہار کے ساتھ ساتھ اس سلسلہ میں مخالفین کے اعتراضات کا دندان شکن جواب دیا ہے۔ کتاب "احمدیت کا پیغام" میں احمدیت کیا ہے اور کس غرض کیلئے اس کو قائم کیا گیا؟ اس سوال کا خوبصورت اور مدلل جواب دیا ہے۔ یہ ہر دو کتب بھی اس جلد کی زینت ہیں۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نظارت نشر و اشاعت قادیان نے 609 صفحات پر مشتمل یہ تصنیف عمدہ کاغذ اور جلد کے ساتھ افادہ عام کیلئے شائع کی ہے۔ | **Anwarul Uloom**<br>**Vol-20**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-609<br>Code-U-278, Price-195/- |
| یہ جلد سیدنا حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی دسمبر 1948ء تا جولائی 1950ء کی 24 عظیم الشان تحریرات و تقاریر پر مشتمل ہے۔ جلسہ سالانہ 1948ء اور 1949ء کے بصیرت افروز اور روح پرور خطابات، مجلس خدام الاحمدیہ کے اجتماع میں تینوں دن کے خطابات اور دیگر اہم مواقع اور تقاریب پر کئے گئے خطابات اس جلد میں شامل ہیں۔ اسی طرح آپ رضی اللہ عنہ کی پُر از معلومات تصنیف 'اسلام اور ملکیت زمین' بھی اس جلد میں شامل ہے جس میں آپ رضی اللہ عنہ نے ملکیت زمین کے بارہ میں اسلامی نقطۂ نگاہ بیان فرمایا ہے۔ جلد ہذا جہاں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے تبحرِ علمی کی آئینہ دار ہے وہاں یہ 1948ء تا 1950ء کے تاریخی حالات پر روشنی ڈالتی ہے۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نظارت نشر و اشاعت قادیان نے 631 صفحات پر مشتمل یہ تصنیف عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد کے ساتھ شائع کی ہے۔ | **Anwarul Uloom**<br>**Vol-21**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-631<br>Code-U-279, Price-205/- |
| یہ جلد سیدنا حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی ستمبر 1950ء تا مارچ 1952ء کی 22 مختلف روح پرور تقاریر و تحریرات پر مشتمل ہے۔ اہم جماعتی مواقع پر کی گئی یہ عظیم الشان تقاریر و تحریرات ہمارے لئے مشعل راہ اور تاریخ احمدیت کا ایک قیمتی سرمایہ ہیں۔ اس میں مجلس خدام الاحمدیہ کو مختلف حوالوں سے قیمتی نصائح، مجلس کے کاموں میں ان کی راہنمائی، جلسہ ہائے سالانہ 1950ء و 1951ء کے خطابات اور دیگر اہم مضامین شامل ہیں۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام نظارت نشر و اشاعت قادیان نے 659 صفحات پر مشتمل یہ تصنیف عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد کے ساتھ شائع کی ہے۔ | **Anwarul Uloom**<br>**Vol-22**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-659<br>Code-U-280, Price-205/- |
| یہ کتاب "دیباچہ تفسیر القرآن" سے ماخوذ ہے۔ اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کے متعلق بائبل کی پیشگوئیاں بیان کرتے ہوئے ثابت فرمایا ہے کہ ان پیشگوئیوں کے مصداق صرف اور صرف حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ گویا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود تمام انبیاء کا موعود تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت بھی تمام انبیاء کی موعود تھی۔ | **Aanhadhrat(saw) ke Barah me Bible ki Peshgoiyan**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages- 76, Code-U-323,<br>Price-00/- (out of Stock) |













| | |
|---|---|
| ’انوار العلوم‘ کی تیئیسویں جلد حضرت مصلح موعودؓ کی ۵/اپریل ۱۹۵۲ء تا نومبر ۱۹۵۳ء کی ۲۲ مختلف تقاریر وتحریرات پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں حضورؓ کے قیمتی فرمودات میں مختلف مواقع کے خطابات بھی شامل ہیں۔ اس جلد میں خدام الاحمدیہ کی ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۳ء کی تقاریب کے موقع پر ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے حضرت مصلح موعودؓ کی قیمتی نصائح، جلسہ سالانہ ۱۹۵۲ء کے موقع پر تینوں روز کے آپؓ کے خطابات، اس دور میں جن جماعتی دفاتر کے افتتاح ہوئے ان تاریخی مواقع پر آپؓ کے قیمتی خطاب شامل ہیں۔ ۱۹۵۳ء میں حکومت کی طرف سے قائم کردہ تحقیقاتی عدالتی کمیشن نے وحی ونبوت کے حوالے سے دس سوالات کے جوابات طلب کئے۔ حضورؓ نے ان سوالات کے جوابات بڑی شرح وبسط کے ساتھ دیئے جو ’مسئلہ وحی ونبوت کے متعلق اسلامی نظریہ‘ کے نام سے شائع بھی ہوئے۔ یہ قیمتی خزانہ بھی اس کتاب کی زینت ہے۔ اسی طرح صدر انجمن احمدیہ سے عدالتی کمیشن نے سات سوالات مسلمان اور کافر کی تعریف اور حیثیت کے حوالے سے کئے، ان کا جواب بھی حضورؓ نے تحریر فرمایا۔ یہ بھی اس جلد کا حصہ ہے۔<br>۱۹۵۳ء میں آپؓ نے اپنے دورہ کے دوران مختلف تقاریب میں جو خطابات فرمائے یہ خطابات بھی جلد ہذا کی زینت ہیں۔ جلد ہذا میں شامل تقاریر وتحریرات حضرت مصلح موعودؓ کی ولولہ انگیز قیادت اور آپؓ کے تبحرِ علمی کی آئینہ دار ہیں۔ | **Anwarul Uloom (Vol-23)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-595<br>Code-U-286, Price-185/- |
| حضرت مصلح موعودؓ عالم جوانی میں ہی مسند خلافت پر متمکن ہوئے اور آپؓ کا عہدِ خلافت نصف صدی سے زائد عرصہ پر محیط رہا۔ اس طویل مدت کے دوران آپؓ نے تحریر وتقریر کے ذریعہ گہرے علم وعرفان سے دنیا کو بہرہ مند فرمایا۔ جماعت کی ترقی، نظم وضبط اور اتحاد واتفاق کے عظیم الشان منصوبے بنا کر ان کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ ذیلی تنظیمیں قائم کر کے ان کو قدم قدم پر رہنمائی بخشی۔ نازک موقعوں پر عالم اسلام کی رہنمائی کی۔ غیر مسلم اقوام اور عام انسانیت کے لئے ایک قابل قدر مددگار و محسن رہے۔ فضل عمر فاونڈیشن نے اس عظیم اور موعود قائد کی تحریرات وتقاریر کو جو 1906ء سے 1961ء تک پھیلی ہوئی ہیں اور ان کی تعداد صدہا تک پہنچتی ہے، کو متفرق ماخذوں سے جمع کر کے زیرنظر مجموعہ میں پیش کیا ہے۔ | **Anwarul Uloom Vol-1-18**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Code-U-116,<br>Price-2180/- |
| خلافت ثانیہ کے انتخاب کے موقع پر جماعت کے بعض سرکردہ افراد نے خلافت کے مبارک اور بابرکت نظام کے جاری رہنے سے اختلاف کیا۔ اگر خلیفہ ہو بھی تو اس کے اختیارات کو محدود کرنے کی لاحاصل کوشش کی۔ اس کام میں مولوی محمد علی صاحب پیش پیش تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اپنی بہت سی تقاریر میں ان اختلافات کی وجوہات کو لوگوں کے سامنے لاتے رہے۔ بعض ایسے ممالک جہاں اُردو بولی اور سمجھی جاتی تھی ان جماعتوں کو نظام خلافت سے بدظن کرنے کے لئے مولوی محمد علی صاحب نے ایک کتاب انگریزی زبان میں The Split کے نام سے شائع کی۔ اس کے جواب میں حضرت مصلح موعودؓ نے ’آئینۂ صداقت‘ کے نام سے کتاب تحریر فرمائی۔ اس میں آپؓ نے اختلافات کے ایک ایک پہلو کو بڑی وضاحت سے پیش فرمایا ہے۔ اس کا انگریزی ترجمہ The Truth About the Split کے نام سے بھی شائع ہوا ہے۔ | **Aainaye Sadaqat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-183<br>Code-U-102, Price-50/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی ایک نہایت آسان اور عام فہم زبان میں تقریر ہے جسے آپؓ نے ۷ ،۲/اکتوبر ۱۹۴۸ء میں ارشاد فرمایا۔ اس کتابچے میں حضورؓ نے ان سب غلط فہمیوں کا جن میں جماعت احمدیہ کے مخالفین عام مسلمانوں کو مبتلاء کر دیتے ہیں، مختصر اور مدلّل رنگ میں ازالہ کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کے عالمگیر تبلیغی پروگرام کی وضاحت کی ہے نیز احمدیوں کو دوسری جماعتوں سے علیحدہ رکھنے کی وجہ بھی بیان فرمائی ہے جو سنجیدہ مزاج مسلمانوں اور متلاشیانِ حق کے لئے مددگار ثابت ہوگی۔ | **Ahmadiyyat Ka Paigham**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-53<br>Code-U-107, Price-20/- |
| 1924ء میں لندن میں ایک مذہبی کانفرنس منعقد کی گئی جو ویمبلے کانفرنس کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں دنیا کے تمام مذاہب کے چوٹی کے علماء کو اپنے اپنے مذہب کی خوبیوں کے بارہ میں لیکچر دینے کی دعوت دی گئی۔ حضرت مصلح موعودؓ نے اس کانفرس کیلئے ’احمدیت یعنی حقیقی اسلام‘ کے نام سے (24 مئی تا 6 جون 1924ء) دو ہفتہ سے بھی کم عرصہ میں ایک ضخیم کتاب ’احمدیت یعنی حقیقی اسلام‘ تصنیف فرمائی۔ اس کتاب کا خلاصہ حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ نے اس کانفرنس میں پڑھ کر سنایا۔ یہ لیکچر انوار العلوم جلد 8 میں شامل ہے۔ | **Ahmadiyyat Yani Haqiqi Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-251<br>Code-U-425, Price-185/- |











| | |
|---|---|
| کتاب ''برکات خلافت'' سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی ایک تقریر ہے جو آپؓ نے 27 دسمبر 1914ء کو جلسہ سالانہ کے موقع پر فرمائی۔اس میں آپؓ نے خلافت کی اہمیت،خلافت کی برکات،خلافت سے متعلق ہونے والے اعتراضات کے مدلل جوابات بیان فرمائے ہیں۔ | **Barkat-e-Khilafat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-111<br>Code-U-295, Price-45/- |
| کتابچہ ''دس دلائل ہستی باری تعالیٰ'' سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحبؓ نے دہریوں کے اعتراض کہ ''اگر خدا ہے تو ہمیں دکھادو ہم مان لیں گے'' کے جواب میں تحریر فرمایا جو پہلی بار مارچ 1913ء میں طبع ہوا۔اس میں آپؓ نے تحریر فرمایا کہ خدا کی ہستی چونکہ الطف سے الطف ہے لہٰذا ظاہری حواس خمسہ سے اسے معلوم نہیں کیا جا سکتا۔اس کا علم حاصل کرنے کے لئے اس قسم کی قیود کس طرح جائز ہو سکتی ہیں؟ خدا کی ہستی پر یقین رکھنے کے لئے بعض اور ذرائع اور دلائل ہیں۔چنانچہ آپؓ نے دس ایسے دلائل بیان فرمائے جو خدا تعالیٰ کی ہستی کا یقینی ثبوت ہیں۔ | **Das Dalail Hasti Bari Tala**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-27, Code-U-391,<br>Price-20/- |
| 'دیباچہ تفسیر القرآن' حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی معرکۃ الآراء تصنیف ہے۔اس میں یورپ کے نقادینِ اسلام کے مشہور اعتراضات کے دندان شکن جوابات دیئے گئے ہیں اور ضرورتِ قرآن کے موضوع پر نہایت لطیف رنگ میں بحث کی گئی ہے اور آنحضرت ﷺ کی مقدس سیرت کے واقعات از ولادت تا وفات ایسے عمدہ اور دلکش پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں جو اپنی نظیر آپ ہیں۔ | **Debacha Tafseerul Quran**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-595, Code-U-305<br>Price-245/- |
| یہ کتاب حضرت مصلح موعودؓ نے امیر امان اللہ خان فرمانروائے افغانستان کے لئے بطور اتمام حجت بصورت مکتوب تحریر فرمائی تھی۔اس کتاب کا فارسی ترجمہ کروا کر امیر امان اللہ خان کو بھجوایا گیا۔یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن فارسی زبان میں ہی شائع کیا گیا تھا۔بعد میں اس کتاب کے اردو زبان میں متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔اس کتاب میں حضرت مصلح موعودؓ نے عقائد احمدیت بیان فرماتے ہوئے معاندین سلسلہ احمدیہ کے تمام چیدہ اور مایۂ ناز اعتراضات کا انتخاب پیش کر کے ایسے مسکت اور تسلی بخش جواب تحریر فرمائے ہیں جو حق پسند طالبانِ تحقیق کو مطمئن و مسرور اور معاندین کو مبہوت و مفرور بنا دینے والے ہیں۔نیز اس کتاب میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت پر بکثرت دلائلِ ساطعہ اور براہین قاطعہ کے ساتھ ایسے دلکش اور دل نشین پیرائے میں بالتفصیل بحث فرمائی گئی ہے جو اپنی نظیر آپ ہے۔اس لحاظ سے یہ کتاب تبلیغ احمدیت کے نقطۂ نظر سے ایک خاص مقام اور اہمیت رکھتی ہے۔ | **Dawatul Ameer**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-386<br>Code-U-127, Price-130/- |













| | |
|---|---|
| کتاب ''فضائل القرآن'' سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی فضائل القرآن کے موضوع پر چھ عظیم الشان تقاریر کا مجموعہ ہے۔ ۱۹۲۸ء کے جلسہ سالانہ پر حضورؓ نے ان تقاریر کے سلسلہ کا آغاز فرمایا اور ۲۸ دسمبر ۱۹۳۸ء کو حضورؓ نے اس بلند پایہ علمی موضوع پر چھٹی تقریر فرمائی۔ ان تقاریر میں آپؓ نے قرآن کریم کے حقائق و معارف اور اس کے اسرارِ مخفیہ سے تعلق رکھنے والے علوم کے خزانوں پر مشتمل مضامین بیان فرمائے ہیں۔ ان تقاریر میں قرآن کریم کی عظمت اور عالی مرتبہ اور اس کے معانی و تفاسیر کا ایک نیا اور دلکش اسلوب نظر آتا ہے۔ آپؓ نے تفسیر القرآن کے ایسے مؤثر اصول پیش فرمائے ہیں جو عدیم المثال ہیں۔ | **Fazaailul Qur'an**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-420, Code-U-144<br>Price-230/- |
| کتاب ''فرموداتِ مصلح موعودؓ'' سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے بیان فرمودہ ان ارشادات اور فتاویٰ پر مشتمل ہے جو حضورؓ نے وقتاً فوقتاً اپنے خطبات، تقریروں، قضائی فیصلوں، سوال و جواب کی مجلسوں اور خطوط کے جوابات میں بیان فرمائے اور جو روزنامہ الفضل میں 1914ء تا 1963ء کے علاوہ جماعت کے دیگر اخبارات، رسائل اور حضورؓ کی کتب میں شائع ہوئے۔ اس تمام مطبوعہ و غیر مطبوعہ علمی خزانہ سے حضورؓ کے بیان فرمودہ فتاویٰ یکجا کئے گئے ہیں۔ حضرت مصلح موعودؓ کے یہ ارشادات بہت سے پیچیدہ علمی مسائل کو سمجھنے میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپؓ نے نہایت مشکل مسائل کو آسان پیرایہ میں بیان کر کے ہر ایک کے لئے ان معاملات تک رسائی آسان کر دی ہے۔ اس مجموعہ میں فقہی مسائل کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دَور کی نادر روایات بھی شامل ہیں۔ | **Farmudat-e-<br>Muslih Mau'ud**[ra]<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B,Pages-466, Code-U-353<br>Price-290/- |
| حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعودؓ نے جلسہ سالانہ قادیان 1921ء کے موقع پر حقائق و معارف سے پُر بصیرت افروز انداز میں ایک جامع اور معرکۃ الآراء تقریر فرمائی تھی۔ یہی تقریر کتابی شکل میں ''ہستی باری تعالیٰ'' کے نام سے شائع شدہ ہے۔ حضورؓ نے اس تقریر میں ہستی باری تعالیٰ کے آٹھ دلائل اور ان پر پیدا ہونے والے اعتراضات کے جوابات ارشاد فرمائے ہیں۔ | **Hasti Bari Tala**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-285, Code-U-157<br>Price-65/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک خطاب ہے جو آپؓ نے 26 فروری 1919ء کو مارٹن ہسٹاریکل سوسائٹی اسلامیہ کالج......کے ایک اجلاس میں فرمایا۔ حضورؓ نے تاریخ اسلام کے اُس زمانے کے بارے میں خطاب فرمایا جس میں مسلمانوں میں اختلافات کا آغاز ہوا اور جو مسلمانوں کے لئے پیچیدہ مسئلہ ہے۔ آپؓ نے اپنے اس لیکچر میں اسلامی تاریخ کے اس پیچیدہ حصہ کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ مدلل تاریخی حوالہ جات سے حل کرتے ہوئے حاضرین جلسہ کے سامنے اس فتنہ کی وجوہات کو عمدہ طریق پر واضح کیا ہے۔ | **Islam me Ikhtilafat Ka Aaghaz**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-128<br>Code-U-168, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی وہ معرکۃ الآراء اور انقلاب انگیز تقریر ہے جو آپؓ نے احمدیہ ہوسٹل میں 1945ء میں مورخہ 26 فروری کو فرمائی تھی۔ اس تقریر میں آپؓ نے اسلام کے اقتصادی نظام کے بارہ میں مفصل روشنی ڈالی ہے۔ یہ تقریر اڑھائی گھنٹے تک جاری رہی اور احمدی احباب کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں دیگر مسلم اور غیر مسلم احباب نے اس تقریر کو سنا، جن میں اکثریت اعلیٰ درجہ کے تعلیم یافتہ طبقہ کی تھی۔ | **Islam ka Iqtesadi Nizam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-157<br>Code-U-326, Price-55/- |
















| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کا ایک معرکۃ الآراء خطاب ہے جو آپؓ نے ۲۸ر دسمبر ۱۹۳۷ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر فرمایا ہے۔حضورؓ نے اپنے اس خطاب میں دنیاوی انقلابات اور روحانی دنیا میں برپا ہونے والے عظیم انقلابوں کا تاریخی حوالہ سے تذکرہ فرمایا ہے اور جماعت احمدیہ کے ذریعہ پیدا ہونے والے انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے احباب جماعت کو اُن کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔ | **Inqalab-e-Haqeeqi**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-159<br>Code-U-163, Price-50/- |
| احباب جماعت بالخصوص نومبائعین حضرات کیلئے جماعت احمدیہ کے عقائد سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی کتاب دعوت الامیر سے ماخوذ شائع کئے جارہے ہیں تاکہ ناواقف حضرات کو جماعت احمدیہ کے صحیح عقائد کا علم ہوسکے۔اوران لوگوں کی قلعی کھل سکے جو جماعت احمدیہ کی طرف جھوٹے طور پر غلط عقائد منسوب کرتے ہیں۔ | **Jamate Ahmadiyya k Aqayid**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-14<br>Code-U-340, Price-10/- |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے 1922ء میں باقاعدہ مجلس مشاورت کا قیام فرمایا اور تفصیل کے ساتھ شوریٰ کی غرض وغایت اور اہمیت پر زریں ہدایات دیں اور خطابات فرمائے۔آپؓ کے یہ خطابات فضل عمر فاؤنڈیشن۔۔۔نے خطابات شوریٰ کے نام سے مرتب کرکے شائع کئے ہیں۔خطابات شوریٰ جلد اوّل میں 1922ء تا 1935ء کے خطابات ہیں یہ جلد 647 صفحات پر مشتمل ہے۔نظارت نشرواشاعت قادیان نے پہلی بار شائع کی ہے۔ | **Khitabaat-e-Shura (Vol-1)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-647<br>Code-U-265, Price-00/-<br>Out of Stock |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے وہ خطابات جو آپؓ نے 1936ء سے 1943ء تک مجلس مشاورت کے تعلق سے ارشاد فرمائے، دوسری جلد میں شائع ہوئے ہیں۔یہ جلد 740 صفحات پر مشتمل ہے۔اور نظارت نشرواشاعت قادیان نے پہلی مرتبہ شائع کی ہے۔ | **Khitabaat-e-Shura (Vol-2)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-740<br>Code-U-266, Price-255/- |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وہ خطابات جو آپؓ نے 1944ء تا 1961ء مجلس مشاورت کے تعلق سے ارشاد فرمائے، تیسری جلد میں شائع ہوئے ہیں۔یہ جلد 744 صفحات پر مشتمل ہے۔اور نظارت نشرواشاعت قادیان نے پہلی مرتبہ شائع کی ہے۔ | **Khitabaat-e-Shura (Vol-3)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-744<br>Code-U-303, Price-230/- |
| حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے خطبات علوم ومعارف کا ایک انمول خزانہ ہیں اور پیش گوئی کے الہامی الفاظ ’’وہ علوم ظاہری وباطنی سے پُر کیا جائے گا‘‘ پر شاہدِ ناطق ہیں۔آپؓ کا دور خلافت نصف صدی سے زیادہ عرصہ پر محیط ہے جو ایک تاریخ ساز دور تھا۔اس نہایت کامیاب اور طویل دور میں آپؓ نے اپنے خطبات جمعہ کے ذریعہ جماعت کی تعلیم وتربیت میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔سیاسی، سماجی اور مذہبی افقوں پر نمودار ہونے والے ہر معاملے پر بروقت اور درست راہنمائی عطا فرمائی۔الغرض یہ خطبات جمعہ جماعت احمدیہ کا ایک بہت ہی قیمتی خزانہ اور سرمایہ ہیں۔جسے فضلِ عمر فاؤنڈیشن نے یکجا کرکے کتابی شکل دی ہے۔یہ جلد حضورؓ کے سن 1929ء اور سن 1930ء کے 67 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ | **Khutbat-e-Mahmood Vol 12**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-553<br>Code-U-424, Price-265/- |
| حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے خطبات علوم ومعارف کا ایک انمول خزانہ ہیں اور پیش گوئی کے الہامی الفاظ ’’وہ علوم ظاہری وباطنی سے پُر کیا جائے گا‘‘ پر شاہدِ ناطق ہیں۔آپؓ کا دور خلافت نصف صدی سے زیادہ عرصہ پر محیط ہے جو ایک تاریخ ساز دور تھا۔اس نہایت کامیاب اور طویل دور میں آپؓ نے اپنے خطبات جمعہ کے ذریعہ جماعت کی تعلیم وتربیت میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔سیاسی، سماجی اور مذہبی افقوں پر نمودار ہونے والے ہر معاملے پر بروقت اور درست راہنمائی عطا فرمائی۔الغرض یہ خطبات جمعہ جماعت احمدیہ کا ایک بہت ہی قیمتی خزانہ اور سرمایہ ہیں۔جسے فضلِ عمر فاؤنڈیشن نے یکجا کرکے کتابی شکل دی ہے۔یہ جلد حضورؓ کے سن 1935ء کے 48 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ | **Khutbat-e-Mahmood Vol 16**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-846<br>Code-U-426, Price-365/- |








**Khutbat-e-Mahmood**
**Vol 1-11**
by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)
H.B, Price-2765/-
Vol-1 Code-U-356
Vol-2 Code-U-349
Vol-3 Code-U-403
Vol-4 Code-U-404
Vol-5 Code-U-368
Vol-6 Code-U-405
Vol-7 Code-U-351
Vol-8 Code-U-350
Vol-9 Code-U-357
Vol-10 Code-U-352
Vol-11 Code-U-359

حضرت مصلح موعودؓ کا 52 سالہ دورِ خلافت جو ایک تاریخ ساز دور تھا اس نہایت کامیاب وطویل دور میں حضورؓ کے خطبات نے جماعت کی علمی وروحانی ترقی اور تعلیم وتربیت میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ دیگر علمی ورثہ کی طرح خطبات محمود کی جلدیں بھی حضورؓ کے بارے میں الہامی الفاظ ’’وہ علوم ظاہری وباطنی سے پُر کیا جائے گا‘‘ پر شاہدِ ناطق ہیں۔ یہ روحانی اور علمی ورثہ سلسلہ کے لٹریچر میں بکھرا ہوا تھا۔ فضل عمر فاونڈیشن ... نے اس جماعتی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے ان خطبات کو کتابی شکل میں شائع کیا ہے۔ اب نظارت نشر واشاعت قادیان کے زیر اہتمام فضل عمر فاؤنڈیشن انڈیا کو یہ جلدیں شائع کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ ان 10 جلدوں میں حسب ذیل تفصیل کے مطابق حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے خطبات شامل ہیں:

جلد 1: یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے خطبات عید الفطر کا مجموعہ ہے۔ (240/-)
جلد 2: یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے خطبات عید الاضحیٰ کا مجموعہ ہے۔ (210/-)
جلد 3: یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے خطبات نکاح کا مجموعہ ہے۔ (350/-)
جلد 4: یہ جلد 1910ء تا 1915ء کے 95 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (245/-)
جلد 5: یہ جلد 1916ء اور 1917ء کے 85 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (285/-)
جلد 6: یہ جلد 1918ء تا 1920ء کے 106 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (255/-)
جلد 7: یہ جلد 1921ء اور 1922ء کے 82 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (210/-)
جلد 8: یہ جلد 1923ء اور 1924ء کے 85 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (320/-)
جلد 9: یہ جلد 1925ء کے 44 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (205/-)
جلد 10: یہ جلد 1926ء کے 36 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (180/-)
جلد 11: یہ جلد 1927ء تا 1928ء کے 71 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ (265/-)

نوٹ: باقی جلدوں کی اشاعت کی کارروائی جاری ہے۔

**Khilafate Haqqa Islamiyyah**
by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)
P.B, Pages-20
Code-U-274, Price-15/-

سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے 27 دسمبر 1956ء کو جلسہ سالانہ کے موقع پر خلافت حقہ اسلامیہ کے عنوان پر ایک بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ اس تقریر میں آپؓ نے وعدہ الٰہی کی روشنی میں خلافت احمدیہ کے آئندہ ہمیشہ جاری رہنے نیز استحکام خلافت اور انتخابِ خلافت کے متعلق طریق کار کو نہایت ہی عمدگی، خوش اسلوبی اور وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا۔ 20 صفحات پر مشتمل اس تقریر کو نظارت نشر واشاعت نے ایک خوبصورت کتابچہ کی صورت میں افادۂ عام کیلئے شائع کیا ہے۔

**Khilafate Haqqa Islamiyyah aur Nizam-e-Asmani ki Mukhalifat aur uska Pase Manzar**
by Hadhrat Muslih Mau'ud [ra]
P.B, Pages-115
Code-U-406, Price-60/-

کتابچہ ’’خلافت حقہ اسلامیہ اور نظامِ آسمانی کی مخالفت اور اس کا پس منظر‘‘ سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ کا وہ اہم خطاب ہے جو آپؓ نے جلسہ سالانہ .... کے موقع پر 27 دسمبر 1956ء کو ارشاد فرمایا تھا۔ اس خطاب میں حضورؓ نے آیت استخلاف سے خلافت کی اہمیت واضح کرتے ہوئے خلافت موسویہ اور خلافت اسلامیہ کی مماثلت بتائی ہے۔ اسی طرح جماعت احمدیہ میں خلافت کی بشارت اور اس کے نفاذ کا تفصیلی ذکر فرمایا ہے۔ نیز اس نظامِ آسمانی یعنی خلافت کی مخالفت کے پس منظر پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے اس کے بدانجام کا نقشہ کھینچا ہے۔
















| | |
|---|---|
| یہ معرکۃ الآراء کتاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی ایک زبردست تقریر ہے جو آپؓ نے ۱۹۳۹ء میں خلافت جوبلی کی تقریب کے موقع پر ''خلافت راشدہ'' کے موضوع پر فرمائی۔ اس کتاب میں نظام خلافت کی ضرورت واہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد خلافت راشدہ کی مختصر تاریخ اور حالات وواقعات بیان کئے گئے ہیں نیز نظام خلافت اور خلیفۂ وقت کا مقام اور اختیارات بیان کرتے ہوئے اس پر ہونے والے اعتراضات کے مدلل اور مسکت جوابات دیئے گئے ہیں۔ حضورؓ نے اس کتاب میں خلافت احمدیہ کے قیام اور خلافت ثانیہ کے انتخاب کے موقع پر پیدا ہونے والے حالات اور غیر مبائعین کی نظامِ خلافت کے خلاف کی جانے والی سازشوں کا بھی تفصیلی ذکر فرمایا ہے۔ | **Khilafat-e-Rashida**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-144<br>Code-U-178, Price-00/-<br>Out of Stock |
| کتاب ''ملائکۃ اللہ'' حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعودؓ کی پُرمعارف وحقائقِ سماوی سے بھرپور روح پرور تقریر ہے جو حضورؓ نے ۲۸، ۲۹ دسمبر ۱۹۲۰ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے بابرکت موقع پر ارشاد فرمائی۔ حضورؓ نے اس باریک ودقیق موضوع پر نہایت سلیس اور بصیرت افروز انداز میں روشنی ڈالی ہے۔ اپنی اس تقریر میں حضورؓ نے قرآن کریم کی رو سے ملائکۃ اللہ کی حقیقت وضرورت، ان کی اقسام، ان کے فرائض وخدمات کے علاوہ فرشتوں کے وجود پر دلائل اور اُن سے متعلق شبہات واعتراضات اور وہموں اور غلط فہمیوں کو دور کرتے ہوئے مفصل ومدلل جوابات پیش فرمائے ہیں۔ | **Malaikatullah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-126, Code-U-188<br>Price-45/- |
| کتاب 'منصب خلافت' سیدنا حضرت المصلح الموعودؓ کا ایک بصیرت افروز خطاب ہے جو کہ آپؓ نے ۱۲/اپریل ۱۹۱۴ء کو فرمایا۔ اس میں آپؓ نے خلیفہ کے بنیادی فرائض اور تبلیغ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے مولوی محمد علی صاحب اور اُن کے ساتھیوں کے خیالات کہ حضرت مسیح موعودؑ کی اصل جانشین انجمن ہے، کا ردّ فرمایا بلکہ دلائل سے واضح فرمایا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اصل جانشین قرآن پاک، احادیث اور اقوالِ بزرگان کی رُو سے خلافت ہے۔ | **Mansab-e-Khilafat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-58, Code-U-190<br>Price-00/-<br>(out of Stock) |
| یہ کتاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی دو تقریروں کا مجموعہ ہے جو آپؓ نے بتاریخ 27، 28/دسمبر 1925ء کو جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ پر قادیان میں ارشاد فرمائیں۔ اس کتاب میں حضورؓ نے نہایت سادہ اور عام فہم انداز میں وہ طریق بتائے ہیں جن سے انسان گناہوں سے پاک ہوسکتا ہے اور نیکیوں کی راہ پر چل پڑتا ہے۔ | **Minhaj-ut-Talibeen**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-118, Code-U-198<br>Price-40/- |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی معرکۃ الآراء کتاب دیباچہ تفسیر القرآن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسوانح کا حصہ "نبیوں کا سردار" کے عنوان سے متعدد بار شائع ہوچکا ہے۔ موجودہ ایڈیشن اسی کتاب سے اضافہ کے ساتھ ۳۲۱ صفحات پر مشتمل دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ نظارت نشرواشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے چیدہ چیدہ واقعات بیان ہوئے ہیں۔ | **Nabiyon Ka Sardar**[saw]<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B,Pages-321, Code-U-203<br>Price-85/- |
| یہ کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی مبلغین کے لئے ان زرّیں نصائح پر مشتمل ہے جو حضورؓ نے 12 مارچ 1916ء کو ارشاد فرمائیں۔ یہ کتابچہ مبلغین کرام کے لئے بالخصوص بہت ہی کارآمد اور مفید ہے۔ حضورؓ نے اس تقریر میں مبلغین کو تزکیۂ نفس، نماز تہجد، توکل، دعا اور استقلال سے کام لینے کی تلقین فرمائی ہے۔ نیز تقویٰ کے حصول کے ذرائع بیان فرمائے ہیں۔ | **Nasayih Muballigeen**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-56<br>Code-U-418, Price-25/- |









| | |
|---|---|
| **Nizame Nau**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-126<br>Code-U-209, Price-65/- | حضرت مصلح موعودؓ نے 27 ستمبر 1942ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر نظام نو کی تعمیر کے عنوان پر یہ معرکۃ الآراء خطاب فرمایا جس میں آپؓ نے اہم معاصر سیاسی تحریکات، جمہوریت، اشتمالیت اور اشتراکیت وغیرہ پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور ان تحریکات کے بنیادی نقائص کی نشاندہی کی۔ بعد ازاں غرباء کی حالت سدھارنے کے لئے یہودیت، عیسائیت اور ہندومت کی پیش کردہ تجاویز کا جائزہ لیا اور آخر پر اسلام کی بے نظیر تعلیم بیان کر کے اسلامی نقطۂ نگاہ کے مطابق دنیا کے نئے نظام کا نقشہ ایسے دلکش اور مؤثر انداز میں پیش کیا کہ سننے والے عش عش کر اٹھے۔<br>اس ضمن میں حضورؓ نے نظام وصیت اور تحریک جدید جیسی عظیم الشان تحریکات کے مستقبل کا ذکر بھی فرمایا اور اس عظیم الشان لیکچر کے آخر پر پُرشوکت الفاظ میں فرمایا:<br>''جب وصیت کا نظام مکمل ہوگا تو صرف تبلیغ ہی اِس سے نہ ہوگی بلکہ اسلام کے منشاء کے ماتحت ہر فرد بشر کی ضرورت کو اس سے پورا کیا جائے گا اور دکھ اور تنگی کو دنیا سے مٹا دیا جائے گا۔ ان شاءاللہ۔ یتیم بھیک نہ مانگے گا، بیوہ لوگوں کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے گی، بے سامان پریشان نہ پھرے گا، کیونکہ وصیت بچوں کی ماں ہوگی، جوانوں کی باپ ہوگی، عورتوں کا سہاگ ہوگی، اور جبر کے بغیر محبت اور دلی خوشی کے ساتھ بھائی بھائی کی اس کے ذریعہ سے مدد کرے گا اور اس کا دینا بے بدلہ نہ ہوگا بلکہ ہر دینے والا خدا تعالیٰ سے بہتر بدلہ پائے گا۔ نہ امیر گھاٹے میں رہے گا نہ غریب، نہ قوم قوم سے لڑے گی پس اس کا احسان سب دنیا پر وسیع ہوگا'' |
| **Qawareer Qawwamoon**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-27<br>Code-U-216, Price-0/-<br>out of Stock | یہ کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک تقریر فرمودہ 28 دسمبر 1930ء بمقام قادیان سے ایک اقتباس پر مشتمل ہے۔ اس میں حضورؓ نے مرد و عورت کے تعلقات کے متعلق اسلام کی جامع تعلیم بیان فرمائی ہے نیز حقوق نسواں اور باہمی ذمہ داریاں وغیرہ مسائل کا ذکر کر کے بتایا ہے کہ تمام مسائل پر اسلام مکمل تعلیم دیتا ہے۔ انسان اس پر عمل کر کے اپنی ازدواجی زندگی کو کامیاب اور اپنے گھر کو جنت بنا سکتا ہے۔ |
| **Seeratun Nabi(saw)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-257<br>Code-U-322, Price-80/- | یہ کتاب حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے اُن مضامین پر مشتمل ہے جو الفضل میں شائع ہوئے ہیں اور انوار العلوم کی جلد نمبر 1 میں شائع شدہ ہیں۔ اس کتاب میں حضورؓ نے آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ |















| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 1914ء میں تصنیف فرمائی۔اس کتاب میں حضورؓ نے حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہؑ کے حالات، آپؑ کی سیرت، آپؑ کا دعویٰ اور اس کے دلائل، آپؑ کی مشکلات، آپؑ کی پیشگوئیاں اور آپؑ کے کام بیان فرمائے ہیں۔ نیز آپؑ کے قائم کردہ سلسلہ کے حالات بھی بیان فرمائے ہیں۔ | **Seerat**<br>**Hadhrat Masih-e-Mau'ud[as]**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-64<br>Code-U-226, Price-30/- |
| ''سیر روحانی'' یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی حقائق و معارف اور قرآنی انوار سے پُر تقاریر کا مجموعہ ہے۔ سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ 1938ء میں ایک رؤیا کی بناء پر قادیان سے حیدر آباد دکن کے سفر پر روانہ ہوئے۔ عام مسلمانوں کی بہبود اور جماعت احمدیہ کی تبلیغی سرگرمیوں میں اضافہ اس سفر کی غرض و غایت تھی۔ آپ یکم اکتوبر 1938ء کو قادیان سے روانہ ہوئے اور سندھ سے ہوتے ہوئے کراچی سے بمبئی اور پھر حیدر آباد پہنچے۔ اسی سفر کے دوران آپؓ آگرہ اور دہلی بھی تشریف لے گئے اور 29/ اکتوبر 1938ء کو قادیان واپس پہنچے۔ اس سفر کے دوران حضورؓ نے جو مختلف تاریخی مقامات اور نظارے مشاہدہ فرمائے اُنکی تعداد آپؓ نے 16 بیان فرمائی۔ حضرت مصلح موعودؓ نے اس سفر کے دوران جن 16 مادی اشیاء کا مشاہدہ کیا، ان کے مقابل پر عالم روحانی میں ان کے مشابہ اور مماثل امور کو نہایت وجد آفریں اور اثر انگیز پیرایہ میں بیان کرتے ہوئے جلسہ ہائے سالانہ کے مواقع پر ''سیر روحانی'' کے نام سے سلسلۂ تقاریر شروع فرمایا۔ یہ سلسلہ 1938ء سے شروع ہو کر 1958 تک وقفے وقفے سے جاری رہا۔ حضورؓ کی یہ پُر معارف تقاریر سیر روحانی جلد اوّل، دوم اور سوم کے نام سے طبع ہو کر اپنوں اور غیروں میں مقبول ہوئیں۔ پہلی جلد 1938ء، 1940ء اور 1941ء کی تقاریر پر مشتمل ہے۔ دوسری جلد 1948ء، 1950ء اور 1951ء کی تقاریر پر مشتمل ہے جبکہ تیسری جلد 1953ء، 1954ء، 1955ء، 1956ء، 1957ء، اور 1958ء کی تقاریر پر مشتمل ہے۔ | **Sair-e-Roohani**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-806<br>Code-U-224, Price-375/- |
| کتاب ''تعلق باللہ'' حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی جلسہ سالانہ ...... 1952ء کے موقع پر مورخہ 28 دسمبر کو بیان فرمودہ معرکۃ الآراء تقریر ہے۔ اس تقریر میں حضورؓ نے اللہ تعالیٰ سے پختہ تعلق پیدا کرنے اور اس کی معرفت اور عرفان کے ذرائع بیان فرمائے ہیں۔ | **Talluq Billah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-126<br>Code-U-288, Price-45/- |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے تحریک جدید سے متعلق 1948ء تا 1964ء کے خطبات، خطابات اور ارشادات پر مشتمل تیسری جلد ہے۔ ان خطبات، خطابات میں حضورؓ نے تحریک جدید کے اغراض و مقاصد، اس تحریک کی اہمیت ضرورت اور برکات کا ذکر فرمایا ہے۔ آپؓ نے تحریک جدید میں شمولیت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ ''ہر ایک احمدی کو بتاؤ کہ اس تحریک جدید میں حصہ لینا احمدیت کے قیام کی غرض کو پورا کرنا ہے۔ اگر کوئی شخص تحریک جدید میں حصہ نہیں لیتا تو اس کے احمدیت میں داخل ہونے کا کیا فائدہ؟'' حضورؓ نے فرمایا یہ تحریک دائمی ہے۔ | **Tahrik-e-Jadeed ek Ilahi Tahrik (Vol-3)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages- 794<br>Code-U-244, Price-00/-<br>Out of Stock |










| | |
|---|---|
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے تحریک جدید سے متعلق 1940ء تا 1947ء کے خطبات، خطابات اور ارشادت پر مشتمل دوسری جلد ہے۔ 1934ء کے اختتام پر حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے القاء الٰہی کے ماتحت تحریک جدید کا آغاز فرمایا۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر جب اس تحریک کا آغاز فرمایا تو اس کے بعد جیسے جیسے اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ عنہ کی رہنمائی فرماتا رہا آپ رضی اللہ عنہ جماعت کو اس عظیم الشان تحریک کے اغراض ومقاصد سے روشناس کرواتے رہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بے شمار مواقع پر بار بار مختلف پیرایوں میں جماعت سے اس تحریک کی اہمیت ضرورت اور برکات کا ذکر فرمایا اور ان کو اس میں شامل ہونے کی تلقین فرمائی۔ چنانچہ اس جلد کے خطبات، خطابات اور ارشادات میں آپ رضی اللہ عنہ نے تحریک جدید کی اغراض ومقاصد بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ یہ میری تحریک نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے قرب میں آگے بڑھنے کا تحریک جدید کے ذریعہ جو عظیم الشان موقع عطا فرمایا ہے اس کو ضائع مت کرو۔ | **Tahrik-e-Jadeed ek Ilahi Tahrik (Vol-2)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages- 949<br>Code-U-392, Price-00/-<br>Out of Stock |
| سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے جماعت احمدیہ کی شدید ترین مخالفت کے وقت، جبکہ جماعت احمدیہ کو ختم کرنے کے بلند بانگ دعاوی اور کوششیں تیز تر کر دی گئی تھیں، تحریک جدید کے نام سے ایک نئی تحریک 1934ء میں جاری فرمائی جس کا مقصد یہ تھا کہ اس عظیم الشان درخت کی شاخیں دوسرے ممالک میں اور دور دور تک پھیل جائیں۔ اسکے لئے حضور رضی اللہ عنہ نے جانی و مالی قربانیوں کے لئے جماعت کو تیار کیا اور مطالبات تحریک جدید کے نام سے عظیم منصوبہ پیش فرمایا۔ احباب جماعت نے اس پر لبیک کہا، جس کے شیریں ثمرات آج اکناف عالم میں ظاہر ہو رہے ہیں۔ تحریک جدید ایک الٰہی تحریک جلد ۵ میں سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے 1974ء تا 1982ء کے خطبات شامل ہیں جن میں اس تحریک کی اہمیت اور برکات کا ذکر ہے۔ یہ جلد 961 صفحات پر مشتمل ہے اور پہلی بار نظارت نشر واشاعت قادیان نے خوبصورت جلد اور عمدہ کاغذ و پرنٹنگ کے ساتھ شائع کی ہے۔ | **Tahrik-e-Jadeed ek Ilahi Tahrik (Vol-5)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih III (rh)<br>H.B, Pages- 961<br>Code-U-267, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کے تحریک جدید سے متعلق 1982ء تا 1984ء کے خطبات اور ارشادات پر مشتمل چھٹی جلد ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے کئی مواقع پر مختلف پیرایوں میں جماعت سے اس تحریک کی اہمیت، ضرورت اور برکات کا ذکر فرمایا اور اس میں شامل ہونے کی تلقین فرمائی۔ | **Tehreek-e-Jadeed Ek Ilahi Tahreek Vol-6**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV (rh)<br>P.B, Pages-1002<br>Code-U-343, Price-00/-<br>Out of Stock |
| حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی، المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی تصنیف لطیف تفسیر کبیر اس مذکورہ خدائی بشارت کی صداقت کا ایک زندہ ثبوت ہے کہ وہ ''علوم ظاہری اور باطنی سے پر کیا جائے گا۔'' یہ تفسیر قرآنی علوم کا ایک بیش بہا خزانہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے موجودہ زمانہ کی ضرورتوں کے مطابق ظاہر فرمایا ہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے تحریر فرمایا ہے کہ ''اس تفسیر کا بہت سا مضمون میرے غور کا نتیجہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے۔'' یہی وجہ ہے کہ اس کا مطالعہ اللہ تعالیٰ کی معرفت، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آل واصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت اور اسلام کے تابندہ مستقبل کے متعلق بصیرت عطا کرتا ہے۔ | **Tafsir-e-Kabir (Vol 1-10 Set)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II [ra]<br>H.B,Code-Q-4,<br>Price-00/-<br>Out of Stock |










| | |
|---|---|
| 'ذکرِ الٰہی' کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی ذکرِ الٰہی کے موضوع پر روح پرور اور ایمان افروز تقریر ہے جو حضورؓ نے 28 دسمبر 1916ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر بمقام مسجد نور ارشاد فرمائی۔ اس بصیرت افروز تقریر میں حضورؓ نے ذکر الٰہی سے کیا مراد ہے؟ ذکر الٰہی کی ضرورت کیا ہے؟ اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ ذکر الٰہی میں کیا احتیاطیں برتنی ضروری ہیں؟ ذکر الٰہی کے سمجھنے میں لوگوں نے کیا غلطیاں کھائی ہیں؟ جو لوگ کہتے ہیں کہ نماز پڑھتے وقت ہماری توجہ قائم نہیں رہتی اور شیطان وسوسے ڈال دیتا ہے ان کے لئے شیطان کو بھگانے اور توجہ کو قائم رکھنے کے کیا طریق اور کیا ذرائع ہیں، قرآن کریم، احادیث اور بزرگان امت کے واقعات کی روشنی میں سیر کن بحث کی ہے۔ | **Zikr-e-Ilahi**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>H.B, Pages-47<br>Code-U-254, Price-30/- |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودہ نومبر ۱۹۶۵ء تا دسمبر ۱۹۶۷ء کے خطبات جمعۃ المبارک پر مشتمل ہے ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم پڑھنے پڑھانے اور اس کا عرفان حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ دعاؤں پر زور دینے، صبر اور تدبیر اختیار کرنے، خدا کے لئے ہر قسم کی قربانی کیلئے تیار رہنے، رسوم و بدعات کو چھوڑنے اور ہر کام رضاء الٰہی کی خاطر کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ حضورؒ نے بیت اللہ کے تیئس عظیم مقاصد بیان فرمائے اور فرمایا کہ تمام اقوام عالم کے دینی اور دنیوی فوائد بیت اللہ سے وابستہ کر دیئے گئے ہیں۔ اس جلد میں آپؒ کا ۲۰/اکتوبر ۱۹۶۷ء کا اہم خطبہ جمعہ ''دنیا کی اقوام کے نام امن کا پیغام اور ایک حرف انتباہ'' کے عنوان سے بھی شامل ہے۔ یہ خطبہ حضورؒ کا وہ مضمون ہے جو آپؒ نے لنڈن میں وانڈز ورتھ ہال میں انگریزی میں پڑھا تھا۔ اس میں آپؒ نے ساری دنیا کی اقوام کو مخاطب کر کے دعوت دی تھی کہ اگر وہ اپنے رب اپنے خالق کی طرف رجوع نہیں کریں گے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ٹھنڈے سایہ تلے جمع نہ ہوں گے تو ایک نہایت ہی عظیم تباہی ان کے لیے مقدر ہو چکی ہے جو قیامت کا نمونہ ہوگی۔ | **Khutbat-e-Nasir**<br>**Vol 1**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd rh<br>H.B, Pages-1021<br>Code-U-397, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے خطبات جمعہ کی دوسری جلد ہے جو ۱۹۶۸ء و ۱۹۶۹ء کے ۹۳ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں ۱۹۶۸ء کے دس اور ۱۹۶۹ء کے سات غیر مطبوعہ خطبات بھی شامل ہیں۔ اسی طرح اس جلد میں مندرجہ ذیل خطبات جماعتی نقطۂ نگاہ سے خاص اہمیت کے حامل ہیں۔<br>(الف) ۲۱ جون ۱۹۶۸ء کے خطبہ جمعہ میں حضور رحمہ اللہ نے عیسائی پادریوں کو دعوت دی کہ وہ اپنی الہامی کتب سے سورہ فاتحہ کے مضامین نکال کر دکھائیں۔<br>(ب) ۲۰ جون ۱۹۶۹ء کے خطبہ جمعہ میں حضورؒ نے مجالس موصیان کی یہ ذمہ داری قرار دی ہے کہ وہ جماعت کے دوسرے افراد کو قرآن کریم پڑھنے اور اسکا ترجمہ سکھانے کا انتظام کریں۔<br>(ج) ۱۲ ستمبر ۱۹۶۹ء کے خطبہ جمعہ میں حضورؒ نے تحریک فرمائی کہ جماعت کے بچے، بڑے، عورتیں اور سب مرد سورہ بقرہ کی ابتدائی سترہ آیات زبانی یاد کریں۔<br>(د) ۹ مئی ۱۹۶۹ء سے لیکر ۱۳ اکتوبر ۱۹۶۹ء تک حضورؒ نے ''اسلام کے اقتصادی نظام کے اصول و فلسفہ'' کے موضوع پر دس معرکۃ الآراء خطبات دیئے تھے۔ | **Khutbat-e-Nasir**<br>**Vol 2**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd rh<br>H.B, Pages-1097<br>Code-U-380, Price-395/- |
| کتاب ''ہدایاتِ زرّیں'' سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کی تصنیف ہے۔ نظارت نشر و اشاعت قادیان سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ اس کتاب میں حضرت مصلح موعودؓ نے مبلغین کو زریں ہدایات سے نوازا ہے جو میدان تبلیغ میں ان کے لیے کارگر ثابت ہونگی۔ | **Hidayaat-e-Zarreen**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II (ra)<br>P.B, Pages-56<br>Code-U-420, Price-35/- |











| | |
|---|---|
| یہ حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے خطبات جمعۃ المبارک کی تیسری جلد ہے۔ یہ جلد 1970ء اور 1971ء کے فرمودہ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے جن میں 1970ء کے 12 غیر مطبوعہ خطبات بھی شامل ہیں۔ ان خطبات میں حضور انور رحمہ اللہ تعالیٰ نے بعض اہم تحریکات بھی فرمائیں اور غلبۂ اسلام کے لئے جماعت کو اہم پروگرام بھی دیئے ہیں۔ حضور انور رحمہ اللہ تعالیٰ نے جن خواہشات کا ذکر اپنے خطبات میں کیا ہے اللہ تعالیٰ نے خلافت رابعہ کے دور میں ان خواہشات کے پورا ہونے کے سامان بھی پیدا فرمادیئے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ امام وقت کے منہ سے نکلی ہوئی آواز خدائی منشاء کے مطابق ہوتی ہے جس کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے منصوبہ بن چکا ہوتا ہے۔ | **Khutbat-e-Nasir (Vol 3)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd[rh]<br>H.B, Pages-554<br>Code-U-398, Price-220/- |
| یہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودہ خطبات جمعۃ المبارک کی چوتھی جلد ہے۔ یہ جلد 1942ء کے فرمودہ ۴۳ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے جن میں سے تین خطبات پہلی دفعہ شائع ہو رہے ہیں۔ ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے خلافت کی اہمیت اور برکات کو بیان فرمایا ہے اور غلبۂ اسلام کیلئے جماعت کو پروگرام دیئے ہیں۔ مجلس صحت کا اعلان فرماتے ہوئے ورزش کی اہمیت کو بیان فرمایا ہے اسی طرح آپؒ نے بعض نیک خواہشات کا بھی اظہار فرمایا ہے، اس جلد میں حضور رحمہ اللہ کے دست مبارک سے لکھے ہوئے خطبات کے چند نوٹس بطور تبرک دیئے گئے ہیں۔ | **Khutbat-e-Nasir Vol-4**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd[rh]<br>H.B, Pages-595<br>Code-U-399, Price-205/- |
| یہ جلد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودہ خطبات جمعۃ المبارک کی پانچویں جلد ہے۔ یہ جلد ۱۹۷۳ء اور ۱۹۷۴ء کے فرمودہ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے جن میں ۱۹۷۳ء کے پانچ اور ۱۹۷۴ء کے گیارہ غیر مطبوعہ خطبات بھی شامل ہیں۔ ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ نے موصیان کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔ آپؒ نے بعض منصوبوں کا بھی اعلان فرمایا۔ صد سالہ جشن تشکر کے دعائیہ پروگرام کا بھی اعلان فرمایا۔ | **Khutbat-e-Nasir Vol 5**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd[rh]<br>H.B, Pages-750<br>Code-U-400, Price-205/- |
| یہ جلد سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودہ خطبات جمعہ کی چھٹی جلد ہے۔ یہ جلد ۱۹۷۵ء اور ۱۹۷۶ء کے فرمودہ ۶۷ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ جن میں ۱۹۷۵ء کے ۷ اور ۱۹۷۶ء کے ۶ غیر مطبوعہ خطبات بھی شامل ہیں۔ ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے بعض اہم تحریکات کا ذکر فرمایا۔ ۳؍جنوری ۱۹۷۵ء کے خطبہ جمعہ میں حضور نے صد سالہ جوبلی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: پچھلا سال صد سالہ جوبلی تحریک کا پہلا سال تھا جماعت احمدیہ نے پہلی بار اشاعت اسلام کے بین الاقوامی منصوبوں کی ابتداء کی تھی۔۔۔۔ جس کے نتیجہ میں ایک عالمگیر اور بین الاقوامی مخالفت کی بھی ابتداء ہوئی اور ہونی چاہئے تھی کیونکہ حاسدوں کا حسد ہمیں اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں پیار دیکھنے کے مواقع میسر کرتا ہے۔ ۱۷؍جنوری ۱۹۷۵ء کے خطبہ جمعہ میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے انصار اللہ کو اپنی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ فرمایا۔ ۳۱؍اکتوبر ۱۹۷۵ء کے خطبہ جمعہ میں جماعت کو آئندہ پیش آنے والی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: اگلے پندرہ سال جن کے اوائل میں سے ہم گزر رہے ہیں میرے اندازے کے مطابق غلبۂ اسلام کی صدی کے لئے تیاری کے سال ہیں۔ ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے غلبۂ اسلام کے لئے جماعت کو اہم پروگرام بھی دیئے ہیں۔ حضورؒ نے جن خواہشات کا ذکر اپنے خطبات میں کیا ہے اللہ تعالیٰ نے خلافت رابعہ کے دور میں ان خواہشات کے پورا ہونے کے سامان بھی فرمادیئے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ امام وقت کے منہ سے نکلی ہوئی آواز خدائی منشاء کے مطابق ہوتی ہے جس کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے منصوبہ بن چکا ہوتا ہے۔ | **Khutbat-e-Nasir Vol 6**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd [rh]<br>H.B, Pages-614<br>Code-U-401, Price-205/- |















| | |
|---|---|
| یہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودہ خطبات جمعۃ المبارک کی ساتویں جلد ہے۔ یہ جلد ۱۹۷۷ء اور ۱۹۷۸ء کے فرمودہ ۶۲ خطبات جمعہ پر مشتمل ہے جن میں ۱۹۷۷ء کے چار اور ۱۹۷۸ء کے نو غیر مطبوعہ خطبات بھی شامل ہیں۔ان خطبات میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ نے طالب علموں کو چھٹیوں میں وقف عارضی پر جانے کی تحریک فرمائی ہے۔اور اطفال الاحمدیہ کو اُن کے مقام کی طرف متوجہ کرتے ہوئے آئندہ مستقبل میں اُن پر پڑنے والی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔اسی طرح آپؒ نے بعض اہم تحریکات بھی فرمائی ہیں۔ | **Khutbat-e-Nasir (Vol-7)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd[rh]<br>H.B, Pages-534<br>Code-U-402, Price-00/-<br>Out of Stock |
| سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کا یہ بصیرت افروز خطاب ہے جو آپؒ نے جلسہ سالانہ......1982ء کے موقع پر احمدی مستورات سے فرمایا۔جس میں آپؒ نے قرآن مجید کی حسین تعلیم غض بصر کی تفسیر بیان کرتے ہوئے بے پردگی عریانیت اور فحش جیسی برائیوں کے پھیلنے کی وجوہات اور ان کے نقصانات بیان کئے ہیں۔نیز اسلامی پردے کی اہمیت،اغراض ومقاصد اور اس کے فوائد وبرکات پر روشنی ڈالی ہے۔یہ خطاب 26 صفحات پر عمدہ پرنٹنگ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ | **Be Pardagi ke Khilaf Jihad**<br>by Hadhrat Mirza Tahir Ahmad[rh]<br>P.B,Pages-26, Code-U-123<br>Price-20/- |
| یہ کتابچہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ جمعہ فرمودہ 17 جون 1994ء پر مشتمل ہے۔اس میں حضورؒ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عظیم الشان مقام ومرتبہ کو بیان فرمایا ہے۔اور یہ فرمایا ہے کہ حضرت امام حسینؓ کی شہادت کو آپس میں نفرتوں کی بجائے محبتوں کا ذریعہ بنائیں تا کہ امت محمدیہؐ میں فتنہ وفساد کی بجائے امن وسکون پیدا ہو۔ | **Hadhrat Imam Husain ka Azimush shaan Muqam**<br>by Hadhrat Mirza Tahir Ahmad[rh]<br>P.B,Pages-24, Code-U-258<br>Price-15/- |
| کتاب ’’اسلام اور عصر حاضر کے مسائل کا حل‘‘ امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کی انگریزی زبان میں ایک تقریر کا اُردو ترجمہ ہے۔یہ تقریر حضورؒ نے 1989ء میں جماعت احمدیہ کے قیام کی صد سالہ جوبلی پر 24 فروری 1990ء کو لندن کے کوئین ایلیز بیتھ کانفرنس سینٹر میں "Islam's Response to Contemporary Issues" کے موضوع پر فرمائی تھی۔اس تقریر کو سننے کے لئے دانشور طبقوں سے تعلق رکھنے والے آٹھ صد معزز مہمان تشریف لائے۔اور مسٹر ایڈورڈ مارٹیمر (Edward Mortimer) نے اس تقریب کی صدارت فرمائی۔انگریزی میں یہ خطاب 1992ء میں شائع ہوا ہے۔ | **Islam aur Asre Hazir ke Masayel Ka Hal**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>H.B, Pages-327<br>Code-U-165, Price-140/- |
| یہ معرکۃ الآراء کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے Revelation Rationality knowledge and Truth کے نام سے انگریزی زبان میں تصنیف فرمائی۔اور وسیع کائنات پر زندگی بھر کے مطالعہ وتجربہ کی بناء پر آپؒ نے الہام عقل،علم اور سچائی کا فلسفہ اور حکمت اور اس کے متعلق مختلف اقوام اور مذاہب کا نظریہ پیش کرتے ہوئے ہستی باری تعالیٰ کے زبردست ثبوت اور بہت سے قرآنی علوم کی صداقت سائنس اور تاریخِ مذاہب سے پیش فرمائی ہے نیز مستقبل قریب وبعید میں رونما ہونے والی پیشگوئیوں کا بھی ذکر فرمایا ہے۔اس عظیم کتاب کی غیر معمولی افادیت اور اس کے اُردو ترجمہ کے بار بار مطالبہ کے پیش نظر حضور رحمہ اللہ نے اس کے اُردو ترجمہ کا ارشاد فرمایا۔چنانچہ مختلف اہل علم احباب ومستورات نے بہت محنت اور اخلاص سے اس کا اُردو ترجمہ کیا۔اس کتاب کا مطالعہ یقیناً علم وایمان میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ | **Ilham Aqal Ilm aur Sachai**<br>by Hadhrat Mirza Tahir Ahmad[rh]<br>H.B,Pages-628, Code-U-161<br>Price-320/- |













| | |
|---|---|
| خطباتِ طاہر کی جلد 4 حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے تبحرِ علمی کی آئینہ دار ہے۔ آپؒ نے جماعت کے خلاف شائع کردہ حکومتی قرطاس ابیض کے دندان شکن اور مسکت جوابات عطا فرمائے۔ وائٹ پیپر میں حضرت مسیح موعودؑ کی ذات کی کردار کشی کرنے کے علاوہ جماعتی عقائد کی تصویر انتہائی غلط انداز میں پیش کی گئی تھی اور جماعت پر بے بنیاد اعتراضات اٹھائے گئے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے اپنے خطبات جمعہ فرمودہ 25 جنوری 1985ء تا 31 مئی 1985ء میں مزعومہ قرطاس ابیض کے اعتراضات پر سیر حاصل بحث فرما کر اصل حقائق کو پیش فرمایا اور ان بے بنیاد اعتراضات کی قلعی کھول دی۔ ان مدلل اور مسکت جوابات کے بعد حکومتی وائٹ پیپر ایک دھلا ہوا کاغذ بن کر رہ گیا۔ یہ تمام خطبات اس کتاب میں شامل ہیں اور یہ جلد کل 51 خطبات پر مشتمل ہے۔ | **Khutbat-e-Tahir (Vol-4)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>H.B,Pages-1026<br>Code-U-268, Price-220/- |
| اس کتاب میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے جہاد کی اصل حقیقت کو قرآن کریم وحدیث اور سنت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان کرنے کے ساتھ ساتھ مولویوں کی طرف سے پھیلائے ہوئے غلط نظریۂ جہاد کا بھی بطلان ثابت فرمایا ہے۔ اسی طرح اشاعتِ اسلام کے بارہ میں مولانا مودودی اور بعض غیروں کے اس نظریہ کی کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے آپؒ نے تردید فرمائی۔ اس سلسلہ میں آپؒ نے قرآن کریم اور احادیث کے حوالہ جات کے علاوہ غیر مسلم مفکرین کی رائے کہ اسلام ہرگز تلوار سے نہیں پھیلا ہے بلکہ اپنے ظاہری و باطنی حسن اور عظیم اخلاقی قوت کے زور سے دلوں پر فتحیاب ہوا ہے، پیش فرمائی ہے۔ | **Mazhab Ke Naam Par Khoon**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVth rh<br>P.B,Pages-230, Code-U-195<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک خطبہ جمعہ ہے جو آپؒ نے مورخہ ۷ ستمبر ۱۹۸۴ء کو مسجد فضل لندن میں ارشاد فرمایا۔ اس خطبہ جمعہ میں حضورؒ نے حکومت پاکستان کی طرف سے احمدیوں پر ہونے والے مظالم کا ذکر فرمایا ہے کہ کس طرح وہاں عدل وانصاف ختم ہو چکا ہے، احمدیوں کو حق انتخاب سے محروم کر دیا گیا ہے، مسلمان لکھنے پر سزا دی جارہی ہے۔ السلام علیکم کہنا جرم ہے، احمدیوں کے خلاف جھوٹا لٹریچر شائع کیا جارہا ہے تا کہ احمدیت کو بگاڑ کر پیش کیا جائے۔ جھوٹے مقدمے بنائے جارہے ہیں۔ یہاں تک کہ قبروں سے لاشوں کو باہر نکلوایا گیا۔ حضورؒ نے فرمایا جب ایک حکومت مظالم میں حد سے بڑھ جاتی ہے تو ایک وقت مقرر ہوتا ہے جس کے بعد خدا کی پکڑ لازماً آتی ہے۔ اس لئے احمدیوں کو دعا کرنی چاہیے۔ کیونکہ ہمارے ملک کی بھاری اکثریت نیک دل ہے۔ | **Pakistan Mai Nafaze Shariyat aur Insaf ke Paimane**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVth rh<br>P.B, Pages-30<br>Code-U-339, Price-00/-<br>out of Stock |
| کتاب شہدائے احمدیت سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے بیان فرمودہ سلسلۂ خطبات بابت شہداء پر مشتمل ہے جو حضورؒ نے ۱۴ اپریل ۱۹۹۹ء کو خاندان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قابل فخر فرزند محترم صاحبزادہ مرزا غلام قادر صاحب شہید کی شہادت کے بعد شروع کئے اور ۲۳ جولائی ۱۹۹۹ء تک چلتے رہے۔ یہ کل ۱۵ خطبات ہیں۔ خطبات شہداء کے بعد عہد خلافت رابعہ تک کے دیگر ۳۲ شہداء کا تذکرہ بطور ضمیمہ شامل کتاب کر دیا گیا ہے۔ | **Shohaday-e-Ahmadiyyat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVth rh<br>H.B, Pages- 52<br>Code-U-313, Price-150/- |
| حضرت مصلح موعودؓ کی زندگی کے بارے میں ہر کوئی جاننا چاہتا ہے۔ آپؓ کی سیرت سے واقفیت حاصل کرنا چاہتا ہے اس غرض کو پورا کرنے کے لیے حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے 'سوانح فضل عمرؓ' کے نام سے یہ کتب تصنیف فرمائیں۔ جن میں حضرت مصلح موعود، مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی زندگی کے ہر پہلو کو نہایت خوبصورتی کے ساتھ بالتفصیل اجاگر کیا گیا ہے۔ | **Sawaneh Fazl-e-Umar (Vol1-5)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVth rh<br>H.B, Code-U-225,<br>Price-395/- |



| | |
|---|---|
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 1,2,3,+ Khutbat-e-Edain+ Khithaabaat Qabal az Khilafat Set)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B,Code-U-182, Price-475/- | سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے خطبات جمعہ کی یہ جلدیں معرکۃ الآراء وبصیرت افروز خطبات جمعہ پر مشتمل ہیں۔آپؒ کے خطبات جمعہ علمی و روحانی ،اخلاقی وتربیتی اور اصلاحی تعلیمات سے مزین علوم قرآنیہ وعلوم جدیدہ سے بھرپور لوگوں کی رہنمائی کے لئے ایک قیمتی خزانہ ہیں ۔ یہ جلدیں اعلیٰ کاغذ اور طباعت کے ساتھ پہلی بار نظارت نشرواشاعت قادیان نے شائع کی ہیں۔ |
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 5)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B, Pages-868<br>Code-U-275, Price-285/- | خطبات طاہر کی یہ جلد 1986ء کے معرکۃ الآراء52 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ان میں تین خطبات اللہ تعالیٰ کی صفت قادر،قدیر اور مقتدر کے ایمان افروز اور لطیف مضمون پر مشتمل ہیں ۔احباب جماعت کو تقویٰ کی نصیحت اور تقویٰ کے معیار بلند کرنے کے بارہ میں حضورؒ نے متعدد خطبات ارشاد فرمائے جو اس کتاب کی زینت ہیں ۔گھر کی زینت اور خوبصورت دینی معاشرے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرتے ہوئے حضورؒ نے تین خطبات ارشاد فرمائے تا گھر سے شروع ہو کر خوبصورت اور جنت نظیر معاشرہ قائم ہو سکے۔حضورؒ کے ان خطبات میں شہداء کے خاندانوں اور اسیران اور ان کے خاندانوں کے بلند حوصلوں کا خوبصورت تذکرہ بھی شامل ہے ۔الغرض یہ خطبات جمعہ جہاں جماعت کی روحانی پیاس بجھانے والے ہیں وہاں مظلوم احمدیوں کے زخموں کے لئے محبت کے پھاہے کا کام کرنے والے بھی ہیں ۔ یہ خطبات ہمیں پر آشوب حالات کی تاریخ احمدیت کا بھی پتہ دیتے ہیں اور آئندہ نسلوں کے لئے رہنما اصول متعین کرنے والے ہیں ۔ |
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 6)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B, Code-U-319, Price-325/- | خطبات طاہر جلد ششم حضورؒ کے بیان فرمودہ 51 خطبات پر مشتمل ہے۔ان خطبات میں وقف جدید انجمن احمدیہ کے کوائف اور سال نو کے اعلانات پر خطبہ کے علاوہ، جماعت کے صد سالہ جشن تشکر کی تیاریوں کے لئے حضورؒ نے احباب جماعت کو توجہ دلاتے ہوئے دعوت الی اللہ کی مہم کو تیز کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی ۔حضورؒ نے واقفین نو اور ان کے والدین کو جو قیمتی نصائح فرمائیں وہ بھی اسی جلد کی زینت ہیں ۔ پاکستان کے مختلف علاقوں اور دنیا کے دیگر مقامات پر معاندین احمدیت کی کارروائیوں کا دلگداز تذکرہ بھی اس کتاب میں شامل ہے ۔ |
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 7)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B, Pages-889<br>Code-U-346, Price-325/- | خطبات طاہر جلد ہفتم سن 1988ء کے حضورؒ کے 53 خطبات پر مشتمل ہے۔ان خطبات میں حضورؒ کے نصرت جہاں تحریک نو کے اعلان کا ذکر ہے۔ نیز احمدی صنعتکاروں اور ماہرین کو وقف کرنے کی تحریک کا بھی ذکر ہے ۔اسی طرح جماعتی تعلیم وتربیت کے لئے بھی اس سال حضورؒ نے متعدد خطبات ارشاد فرمائے وہ بھی اس جلد میں شامل ہیں ۔علاوہ ازیں ان خطبات میں حضورؒ نے جشن تشکر کی تیاریوں اور اس کے منصوبے کی تکمیل کے لئے احباب جماعت کو متعدد خطبات میں تلقین فرمائی اور عبادات کے معیار کو بلند کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی ۔مباہلہ کے چیلنج کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائیدات ونصرت کا بھی ان خطبات میں ذکر فرمایا گیا ہے اور تاریخ احمدیت کے غیر معمولی دور سے بھی ہمیں آگاہ کیا گیا ہے۔ |
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 8)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B, Pages-848<br>Code-U-347, Price-270/- | خطبات طاہر جلد ہشتم حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے 1989ء کے 52 معرکۃ الآراء اور پر از معارف خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ان خطبات میں 1989ء میں مباہلہ کا سال مکمل ہونے پر احمدیت کی کامیابی اور دشمنان احمدیت کی ذلت ورسوائی کا ذکر ہے ۔ نیز ذیلی تنظیموں کے حوالہ سے ایک انقلابی اور انتظامی تبدیلی کا بھی حضورؒ نے اعلان فرمایا اور ذیلی تنظیموں کو پانچ بنیادی اخلاق ، قیام نماز اور تلاوت قرآن کریم کی طرف خصوصی توجہ دینے کی تلقین فرمائی،اس کا بھی ان خطبات میں ذکر ہے۔اسی طرح دشمنان احمدیت کے احمدیوں پر مظالم کا بھی تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔اس طرح سے حضورؒ کے یہ خطبات جماعت کی نئی صدی کی راہیں متعین کر رہے تھے اور مظلوم وبیکس احمدیوں کے زخموں کی مرہم کا کام بھی کر رہے تھے۔ |
| **Khutbat-e-Tahir (Vol 9)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVrh<br>H.B, Pages-793<br>Code-U-317, Price-295/- | خطبات طاہر جلد نہم سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے 1990ء کے 51 معرکۃ الآراء اور پر از معارف خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔حضورؒ نے اس سال جماعت کو عبادت یعنی نماز اور حصول لقاء کی راہیں ایسے پیارے انداز میں دکھائیں گویا کہ آپؒ نے اس راہ پر چلنے کے لئے ہر فرد جماعت کی انگلی تھام رکھی ہے اور ہر قدم پر خدا کے مظاہر دیکھنے کے طریق اور اسلوب سکھائے تا کہ ہماری نماز حقیقی نماز بن جائے اور نماز کی اعلیٰ لذّات حاصل ہوں ۔اس غرض سے حضورؒ نے خطبات جمعہ کا ایک سلسلہ شروع کیا جو آئندہ سال 1991ء میں بھی جاری رہا۔خطبات کا یہ سلسلہ ’’ذوقِ عبادت اور آدابِ دعا‘‘ کے نام سے بھی شائع ہو چکا ہے۔ |
















| | |
|---|---|
| یہ ترجمہ قرآن کریم حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے وسیع مطالعہ، غور وفکر اور سالہا سال کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ ترجمہ میں بہت سے مقامات ایسے تھے جن کے حل کے لیے حضورؒ نے اللہ تعالیٰ سے رہنمائی چاہی اور اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے حضورؒ کو ایسے معانی سمجھائے جن سے وہ مشکل مقامات حل ہو گئے۔ یہ ترجمہ آسان، سلیس اور عام فہم ہونے کے باوجود اپنے اندر ایک ندرت رکھتا ہے اس ترجمہ میں اس بات کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے کہ یہ ترجمہ متن قرآن کریم کے بالکل مطابق ہو اور کسی صورت میں بھی متن سے تجاوز نہ کرے۔ اسی طرح علوم جدیدہ کے انکشافات کی روشنی میں اس دائمی کتاب کے ایک ایک لفظ کو دوبارہ سمجھنے کی شعوری کوشش کی گئی ہے۔ اس ترجمہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے قارئین کو بے شمار خوبیاں ملیں گی جو عموماً رائج الوقت تراجم میں نہیں ملتیں۔ | **Quran-e-Kareem Urdu Tarjama (A5 Size)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IVth[rh]<br>H.B,Pages-1231<br>Code-Q-5, Price-535/- |
| سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے متعدد خطبات جمعہ، مختلف ممالک کے جلسہ ہائے سالانہ اور لجنہ اماء اللہ کے اجتماعات نیز دیگر مواقع پر روزمرّہ کے عائلی مسائل اور ان کے حل کے متعلق اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بہت سی پُر حکمت نصائح اور زرّیں ارشادات فرمائے ہیں جو کامیاب عائلی زندگی گزارنے کے لئے مشعل راہ ہیں۔ ان زرّیں نصائح اور ارشادات کو کتاب 'عائلی مسائل اور ان کا حل' میں پیش کیا گیا ہے۔ | **Aaili Masail aur unka Hal**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih V (atba)<br>P.B,Pages-223, Code-U-387<br>Price-55/- |
| کتاب 'اسلام اور آزادیٔ ضمیر' حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات وخطابات کے ان حصص پر مشتمل ہے جن میں حضور انور نے قرآن کریم، بانیٔ اسلامؐ اور بانیٔ جماعت احمدیہؑ کی تعلیمات کی روشنی میں حالات حاضرہ کا جائزہ لیتے ہوئے اسلام اور آزادیٔ ضمیر کے موضوع پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ نیز حضور انور کے خطبہ جمعہ فرمودہ 21 ستمبر 2012ء کے بعد حضور انور سے پریس کے نمائندگان نے ملاقات کی، اس کے بعد جو تبصرے کئے گئے ان میں سے بعض اس کتاب کے آخری حصہ میں شامل کئے گئے ہیں۔ | **Islam aur Azadi-e-Zamir**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B & P.B, Pages-102,<br>Code-U-378,<br>Price-40/- |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خلافت پر متمکن ہونے سے لے کر دسمبر 2003ء کے خطبات پر مشتمل ہے۔ یہ تمام خطبات الفضل انٹرنیشنل لنڈن میں شائع شدہ ہیں اور وہیں سے ان کو لیا گیا ہے۔ ان خطبات میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اللہ تعالیٰ کی صفت مجیب، خبیر، علیم اور سمیع کی ایمان افروز تفسیر بیان فرمائی ہے۔ نیز آپ نے دوسری، نویں، دسویں شرطِ بیعت کی پُر حکمت تشریح فرمائی ہے۔ علاوہ ازیں آپ نے رمضان المبارک کی فضیلت و برکات، انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت، جمعہ کی اہمیت و برکات اور عبادات اور دعاؤں کی اہمیت پر قرآن کریم واحادیث سے روشنی ڈالی ہے۔ | **Khutbat-e-Masroor (Vol 1)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>H.B, Pages-582<br>Code-U-396, Price-195/- |
| یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ 2004ء کے خطبات جمعۃ المبارک پر مشتمل ہے۔ ان خطبات جمعہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز باجماعت کی ادائیگی، قناعت وسادگی اپنانے، محرمات کا کاروبار ختم کرنے، نظام جماعت کی اطاعت کرنے اور نمازِ جمعہ میں حاضری اور اس کی حفاظت کی طرف توجہ دلائی ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان خطبات میں آنحضرت ﷺ کی بلند شان اور مقامِ ارفع اور آپ ﷺ کے اخلاق حسنہ کو قرآن کریم اور احادیث کی روشنی میں بیان کرتے ہوئے اخلاقِ حسنہ اپنانے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 2**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>H.B, Pages-960<br>Code-U-395, Price-240/- |
| حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انتخاب خلافت اور احمدیوں کی تجدید بیعت کے بعد افرادِ جماعت کے مطالبہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دس شرائط بیعت کی اہمیت کی یاددہانی کو مفید گردانتے ہوئے خطبات کے ذریعہ شرائط بیعت کی تشریح فرمائی اور انہیں کتابی شکل دی گئی ہے۔ اس کتاب میں قرآن کریم، حدیث شریف اور حضرت مسیح موعودؑ کے مبارک ارشادات کی روشنی میں احمدیوں کو اُن کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ | **Sharaite Baiat aur Hamari Zimmadarian**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>P.B, Pages-257<br>Code-U-417, Price-100/- |










| | |
|---|---|
| **Khutbat-e-Masroor Vol 6**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-592, Code-U-371, Price-275/- | یہ جلد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ 2008ء کے 52 خطباتِ جمعہ پر مشتمل ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ خطبات مسجد بیت الفتوح، مسجد فضل لندن، حدیقۃ المہدی کے علاوہ باغ احمد گھانا، بینن، نائیجیریا، امریکہ، کینیڈا، ہمبرگ، برلن، جرمنی، پیرس، فرانس، بریڈفورڈ لندن، کالی کٹ کیرالہ انڈیا اور دہلی انڈیا میں ارشاد فرمائے ہیں۔<br>خلافت جوبلی کے اس تاریخ ساز سال کے ان خطبات جمعہ میں حضور انور ایدہ اللہ نے انواع واقسام کے مضامین ہماری مادی وروحانی بھوک وپیاس کو مٹانے کیلئے ارشاد فرمائے۔ان خطبات میں انفاق فی سبیل اللہ، ابراہیمی دعاؤں کی انقلاب آفریں قبولیت، ایم ٹی اے کی برکات اور اہمیت کا ذکر، مغرب کے کچھ ناعاقبت اندیش ذہنوں کی اسلام مخالف مہم میں بعض کا گھٹیا انداز اور انہیں خدائی گرفت سے متنبہ کرنا اور اس کے جواب میں تمام دنیا میں بسنے والے لاکھوں احمدیوں کو کروڑوں بار حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود بھیجنے کی عالمی تحریک، اپنی نمازوں اور عبادتوں میں حسن پیدا کرنے، تلاوت قرآن کریم اور اپنے نفس کی اصلاح اور اپنے اندر نیک تبدیلیاں پیدا کرنے، رمضان المبارک کے فیوض وبرکات سے مستفیض ہونے، دعوت الی اللہ کرنے، آپس میں بھائی چارے کی فضا پیدا کرنے، میاں بیوی کے حقوق ادا کرنے، اپنی اولاد کی نیک تربیت کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ نیز شہدائے احمدیت کا ذکرِ خیر فرماتے ہوئے احمدیت کے غلبہ کا ذکر فرمایا ہے۔ |
| **Khutbat-e-Masroor Vol 7**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-670, Code-U-373, Price-300/- | یہ جلد حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ 2009ء کے 52 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ خطبات مسجد بیت الفتوح اور حدیقۃ المہدی کے علاوہ منہائم جرمنی میں ارشاد فرمائے ہیں۔<br>خطبات کی اس جلد میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی ہستی کے دلائل، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاکیزہ سیرت اور اسلام اور احمدیت کی خوبصورت تعلیمات کا بیان ہے۔مغرب میں اسلام دشمن سرگرمیوں کی تردید ہے۔عالمی طاقتوں اور مسلم ممالک کے سربراہوں اور سیاستدانوں اور دانشوروں کیلئے اقتصادی اور سیاسی رہنمائی ہے۔دنیا بھر میں احمدیت کی ترقی اور خدا کے فضلوں کا ذکر، آپس میں محبت اور پیار اور دعاؤں کی تلقین، عبادات خصوصاً نماز، تلاوت اور تہجد اور نوافل اور درود شریف میں التزام ودوام اختیار کرنے کی نصیحت کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں بسنے والے اور قربانیاں پیش کرنے والے احمدیوں کیلئے فتح وغلبہ کی نوید جیسے موضوعات پر حضور انور نے خطبات ارشاد فرمائے ہیں۔ |
| **Khutbat-e-Masroor Vol 9**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-754, Code-U-328, Price-275/- | حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں: ”خدا تعالیٰ جس شخص کو خلافت پر کھڑا کرتا ہے وہ اس کو زمانہ کے مطابق علوم بھی عطا کرتا ہے........ اسے اپنی صفات بخشتا ہے“۔(الفرقان مئی، جون ۱۹۶۷ء صفحہ ۳۷) علم وعرفان سے لبریز یہ جلد ۲۰۱۱ء کے ۵۲ خطبات پر مشتمل ہے۔خطبات مسرور کی اس جلد میں ہمارے پیارے آقا اور امام ہمام نے گھروں کے مسائل ہوں یا معاشرتی مسائل، ان کے تعلق سے قیمتی اور زرّیں نصائح فرمائی ہیں۔نیز حضور انور نے حکمت و دانائی اور جرأت و بے باکی سے دنیا کے سامنے اسلام اور بانیٔ اسلام حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوبصورت تعلیم، مقدس و پاکیزہ سیرت وسوانح کو پیش کیا اور بتایا ہے کہ امن عالم اب اسلام کی تعلیمات کے ساتھ ہی وابستہ ہے۔ان خطبات میں حضرت امام مہدی ومسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقام نبوت کی تشریح کا بھی بیان ہے کہ جو مقام بھی آپؑ کو ملا ہے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات اور آپؐ سے عشق ومحبت کی بدولت ہی ملا ہے۔اسی طرح خدا تعالیٰ کی طرف سے چلائی جانے والی ہوا کے زیر اثر ہزاروں لاکھوں افراد کے قبول احمدیت کے واقعات کا بھی بیان ہے۔نیز حضور انور نے دعاؤں کی طرف توجہ دلائی ہے اور فرمایا کہ اس شدّت سے دعائیں کریں کہ دُہائی کی طرح آسمان پر پہنچنے والی دعائیں ہوں اور عرش کے پائے ہلیں اور پھر ہم انشاءاللہ فتوحات کے جلد نظارے دیکھیں اور دشمن کو نگوں سار دیکھیں۔انڈیا سے پہلی بار اس کتاب کی اشاعت ستمبر ۲۰۱۶ء میں ہوئی۔ |







| | |
|---|---|
| یہ جلد حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ ۲۰۰۵ء کے خطبات جمعۃ المبارک پر مشتمل ہے۔حضور انور نے یہ خطبات مسجد بیت الفتوح لندن کے علاوہ مشرقی افریقہ کے ممالک تنزانیہ اور یوگنڈا،کینیڈا میں وینکوور، کیلگری ٹورنٹو،سپین، جرمنی، ڈنمارک، ،سویڈن، ناروے، ہالینڈ، ماریشس اور قادیان دارالامان میں ارشاد فرمائے ہیں۔ان خطبات میں حضور انور نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاکیزہ سیرت وشمائل کے مختلف پہلو، خلافت کی برکات، امر بالمعروف ونہی عن المنکر، مسابقت فی الخیرات، مالی قربانی کی اہمیت، مساجد کی تعمیر اور نمازوں کی حفاظت وبرکات، جماعت احمدیہ کے حق میں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت اور قرآن کریم، احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی پیش کردہ حسین تعلیمات پر مشتمل تربیتی موضوعات کو نہایت دلنشین پیرایہ میں پیش فرمایا ہے۔ان میں وہ تاریخی خطبہ جمعہ بھی شامل ہے جو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے قادیان دارالامان سے 16 دسمبر 2005ء کو ارشاد فرمایا اور براہ راست ساری دنیا میں نشر ہوا۔ | **Khutbat-e-Masroor (Vol 3)**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>H.B, Pages-758<br>Code-U-394, Price-210/- |
| یہ جلد حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ ۲۰۰۶ء کے خطبات جمعۃ المبارک پر مشتمل ہے۔ان خطبات میں حضور انور نے گھروں کے مسائل اور معاشرتی مسائل کی بابت قیمتی اور زریں نصائح فرمائی ہیں۔دنیا بھر میں جو نفسانفسی کا عالم ہے، جو انسانیت کو تیسری عالمگیر جنگ کی طرف لے جارہا ہے، انسان اپنے خالق اور مالک سے منہ موڑے ہوئے ہے، اس کی ناراضگی کا مورد بنا ہوا ہے، آئے دن طرح طرح کی آفات ومصائب کے عذاب کا شکار ہو رہا ہے ان سب سے بچنے کے لئے دل کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی ہمدردی اور شفقت کے جذبات پر مشتمل نصائح حضور انور نے فرمائی ہیں۔پوپ کے الزامات کا جواب بھی حضور انور نے تفصیل سے دیا ہے۔اسی طرح اخبارات میں انتہائی غلیظ اور مسلمانوں کے جذبات کو انگیخت کرنیوالے کارٹونوں کا حضور انور نے ان خطبات میں حکمت اور دانائی اور جرأت سے جواب دیتے ہوئے دنیا کے سامنے اسلام اور بانیٔ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوبصورت تعلیم، روشن اور معصوم چہرے کو پیش فرمایا ہے۔اور بتایا ہے کہ امن عالم اب اسلام کی تعلیمات سے وابستہ ہے اور سب سے اہم یہ کہ احمدی کو اس کی ذمہ داریوں کی طرف بھی توجہ دلائی ہے۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 4**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth [atba]<br>H.B, Pages-652<br>Code-U-393, Price-310/- |
| یہ جلد حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے فرمودہ 2007ء کے 52 خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ خطبات مسجد بیت الفتوح، مسجد فضل لندن، حدیقۃ المہدی کے علاوہ ہالینڈ، منہائم اور گیراؤ جرمنی میں ارشاد فرمائے ہیں۔ان خطبات جمعہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے وقف جدید کی ضرورت واہمیت، مسجد برلن کی تعمیر کیلئے چندہ کی تحریک، حقوق اللہ وحقوق العباد کی ادائیگی، صفات باری تعالیٰ سے متصف وفیضیاب ہونے، خلافت کی اہمیت، حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب کی وفات، آپ کی سوانح وخدمات وقربانیوں اور خصائل حمیدہ کا تذکرہ اور اس حوالے سے احباب جماعت کو نصائح، سود کی ممانعت، امن وصلح پھیلانے، قرض کے بارے میں اسلامی تعلیمات، اسلامی جنگوں کی حقیقت، جلسہ سالانہ وجمعہ ورمضان کی اہمیت وفرائض، بیواؤں اور مطلقہ عورتوں کے حقوق، جماعت احمدیہ کے قیام کا مقصد وغیرہ موضوعات پر روشنی ڈالی ہے۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 5**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-587, Code-U-372, Price-275/- |
| خطبات مسرور جلد 8 امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بیان فرمودہ 2010ء کے خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ یہ خطبات ہمارے لئے ایک روحانی مائدہ بھی ہیں اور ان میں انواع واقسام کے مضامین ہماری مادی اور روحانی بھوک وپیاس کو مٹانے کیلئے وافر مقدار میں موجود ہیں۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 8**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-681<br>Code-U-416,Price-155/- |
| خطبات مسرور جلد 11 امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بیان فرمودہ 2013ء کے خطبات جمعہ پر مشتمل ہے۔ یہ خطبات ہمارے لئے ایک روحانی مائدہ بھی ہیں اور ان میں انواع واقسام کے مضامین ہماری مادی اور روحانی بھوک وپیاس کو مٹانے کیلئے شامل ہیں۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 11**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-718<br>Code-U-440,Price-280/- |















| | |
|---|---|
| حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں؛'' خدا تعالیٰ جس شخص کو خلافت پر کھڑا کرتا ہے وہ اسکو زمانہ کے مطابق علوم بھی عطا کرتا ہے ........ اسے اپنی صفات بخشتا ہے''۔ (الفرقان مئی، جون ۱۹۶۷ء صفحہ ۳۷) علم وعرفان سے لبریز جلد ہذا ۲۰۱۲ء کے ۵۲ خطبات پر مشتمل ہے۔<br>۲۰۱۲ء کا سال جماعت احمدیہ عالمگیر کے لئے ایک تاریخ ساز سال ثابت ہوا۔ احمدیت کی تائید میں خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کے نشانات موسلا دھار بارش کی طرح برستے رہے۔ ان خطبات میں انفاق فی سبیل اللہ، وقف جدید اور تحریک جدید کی عظیم الشان عالمگیر تحریکات کے پھل، ایم ٹی اے کی برکات اور اہمیت، مغرب کے کچھ ناعاقبت اندیش ذہنوں کی اسلام مخالف مہم اور توہین رسالت آب ﷺ کے جواب میں تمام دنیا میں بسنے والے لاکھوں کروڑوں احمدیوں کو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیجنے، اسوہ رسول ﷺ اپنانے اور آپ ﷺ کی خوبصورت سیرت کو دنیا بھر میں کثرت سے پھیلانے کی تحریک، اپنی نمازوں اور عبادات میں حسن پیدا کرنے، تلاوت قرآن کریم اور اپنے نفس کی اصلاح اور اپنے اندر نیک تبدیلیاں پیدا کرنے، بنی نوع انسان سے محبت کرنے اور انکے حقوق ادا کرنے، دعوت الی اللہ کرنے، آپس میں بھائی چارے کی فضا قائم کرنے، میاں بیوی کے حقوق ادا کرنے، اپنی اولادوں کی نیک تربیت کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے نیز راہ مولیٰ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں اور نمایاں خدمت گزاروں کا ذکر خیر بھی ان خطبات میں موجود ہے۔ انڈیا سے پہلی بار اس کتاب کی اشاعت ستمبر ۲۰۱۶ء میں ہوئی۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 10**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-872, Code-U-336, Price-305/- |
| حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں؛'' خدا تعالیٰ جس شخص کو خلافت پر کھڑا کرتا ہے وہ اسکو زمانہ کے مطابق علوم بھی عطا کرتا ہے ........ اسے اپنی صفات بخشتا ہے''۔ (الفرقان مئی، جون ۱۹۶۷ء صفحہ ۳۷) علم وعرفان سے لبریز جلد ہذا 2014ء کے 52 خطبات پر مشتمل ہے۔<br>ہمیشہ کی طرح یہ سال بھی جماعت احمدیہ عالمگیر کے لئے ایک تاریخ ساز سال ثابت ہوا۔ احمدیت کی تائید میں خدا تعالیٰ کے فضل اور اسکے نشانات موسلا دھار بارش کی مانند برستے رہے۔ یہ خطبات ہمارے لئے ایک روحانی مائدہ بھی ہے ان میں انواع و اقسام کے مضامین ہماری مادی اور روحانی بھوک و پیاس کو مٹانے کے لئے شامل ہیں۔ انڈیا سے پہلی بار اس کتاب کی اشاعت ستمبر 2016ء میں ہوئی۔ | **Khutbat-e-Masroor Vol 12**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>H.B, Pages-776, Code-U-337, Price-305/- |
| حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خلافت خامسہ کے آغاز سے لے کر 2017 تک کے منتخب خطباتِ جمعہ، خطابات، پیغامات، کلاسوں اور مجالس عاملہ کو حضور انور کی طرف سے دی گئی زرّیں نصائح اور پُر معارف ارشادات کو اس کتاب کی زینت بنایا گیا ہے۔ یہ کتاب بالخصوص احمدی خواتین کے لئے فائدہ مند ہے، جس کو پڑھنے سے پردہ کے اسلامی حکم کی اہمیت و برکت کا بخوبی علم ہوتا ہے۔ مزید برآں اس کتاب کی افادیت صرف عورتوں تک ہی محدود نہیں بلکہ مردوں کے لئے بھی پاکبازی اور غضِ بصر کی پر حکمت قرآنی تعلیم بیان کی گئی ہے، جس پر عمل کر کے مرد و عورت دونوں عصر حاضر میں پھیلی ہوئی اخلاقی برائیوں سے بچ سکتے ہیں۔ | **Parda**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>P.B,Pages-220, Code-U-362<br>Price-85/- |
| عصرِ حاضر میں جدید ٹیکنالوجی اور مواصلاتی نظام میں جس سرعت سے ترقی ہو رہی ہے اس کے نتیجہ میں سوشل میڈیا کے ذریعہ عالمی سطح پر فوری روابط، حقائق کے اظہار اور علمی آگاہی کے علاوہ بھی بے شمار فوائد سے دنیا فیضیاب ہو رہی ہے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ سوشل میڈیا کے غیر ذمہ دارانہ استعمال کے نتیجہ میں ذاتی اور معاشرتی سطح پر بہت سی اخلاقی کمزوریاں بھی جڑ پکڑ رہی ہیں۔<br>سوشل میڈیا کے مضر اثرات سے معاشرہ کو محفوظ رکھنے کے لئے یہ کتاب لجنہ سیکشن مرکزیہ یو کے نے تیار کی ہے۔ اس کتاب میں خلافت خامسہ کے آغاز سے لیکر ۲۰۱۷ء تک کے خطبات جمعہ، خطابات، پیغامات اور سوال و جواب کی نشستوں میں سوشل میڈیا سے مستفید ہونے اور اسکے مضر اثرات سے احمدی معاشرہ کو محفوظ رکھنے کے تعلق سے ارشاد فرمودہ پر حکمت اور زریں نصائح کو یکجا کیا گیا ہے۔ | **Social Media**<br>by Hadhrat Mirza Masroor Ahmad[atba]<br>P.B,Pages-130, Code-U-364<br>Price-60/- |

# Books of other Authors














| | |
|---|---|
| لجنہ اماء اللہ نے صد سالہ جشن تشکر کے موقع پر احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے کم از کم سو کتب شائع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا جس کے تحت مختلف افراد کی طرف سے مرتب کردہ یا تصنیف کردہ کتب شائع کی گئیں۔ یہ کتاب ''سیرۃ وسوانح آنحضرت ﷺ آغاز رسالت'' اسی منصوبہ کی ایک کتاب ہے۔ یہ کتاب آپ ﷺ کی غار حرا کی عبادت، پہلی بار وحی پر حضرت خدیجہؓ کا آپ ﷺ کو کامیابی کی یقین دہانی کرانا اور ورقہ بن نوفل کے پاس لے جانے کے واقعات وغیرہ پر مشتمل ہے۔ | **Aghaaze Risalat**<br>by .......<br>P.B, Pages-25<br>Code-U-105, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتابچہ ''اخلاق محمود'' حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ بانیٔ تنظیم مجلس اطفال الاحمدیہ کی سیرت واخلاق پر مشتمل ہے۔ مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت نے بچوں کی عمر اور طبیعت کو مدنظر رکھتے ہوئے بانیٔ تنظیم مجلس اطفال الاحمدیہ کی سیرت وسوانح کے متفرق شائع شدہ واقعات یکجائی صورت میں منتخب کئے ہیں۔ اس کتابچہ کا مقصد یہ ہے کہ قوم کے نونہالان بانیٔ تنظیم مجلس اطفال الاحمدیہ کی سیرت سے واقف ہوں اور ان عمدہ واقعات سے اعلیٰ کردار کے نمونے پیش کر سکیں۔ | **Akhlaqe Mahmood[ra]**<br>by Khuddamul Ahmadiyya Bharat<br>P.B, Pages-63<br>Code-U-110, Price-00/-<br>Out of Stock |
| علمی لحاظ سے یہ کتاب بہت مفید ہے۔ اس میں جماعت احمدیہ کے عقائد اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعض پیشگوئیوں وتحریرات پر کئے جانے والے اعتراضات کی حقیقت بیان کر کے ان کے تفصیلی اور تسلی بخش جوابات دیئے گئے ہیں اور اختلافی مسائل پر قرآن مجید، احادیث مبارکہ، بزرگان دین اور علماء سلف کے اقوال کے قطعی دلائل اور مستند حوالہ جات سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ | **Ahmadiyya Taleemi Pocket Book**<br>by Moulana Qazi Muhammad Nazeer<br>H.B, Pages-544<br>Code-U-310, Price-260/- |
| یہ رسالہ مولانا عطاء المجیب صاحب راشد امام مسجد فضل لندن کی ایک جامع اور مختصر تقریر ہے جو آپ نے ۲۷ جولائی 2003ء کو اسلام آباد (ٹلفورڈ۔ سرے) میں 37ویں جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر بیان فرمائی۔ یہ تقریر نومبائعین اور احمدیت کے بارے میں تحقیق کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ | **Ahmadiyyat Ne Duniya Ko Kya Diya**<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashid<br>P.B, Pages-62<br>Code-U-108, Price-15/- |
| حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا نثری وشعری کلام تین زبانوں عربی، اردو اور فارسی میں تخلیق ہوا ہے۔ ادبی علوم سے متعارف ہونا اور مطالعہ ادب کی وسعت کی اہمیت مسلمہ ہے۔ لہٰذا مصنف نے بھرپور انداز میں اپنے ذوق ادب کا رُخ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کلام کی طرف موڑا ہے۔ اس میں ادب اور اس کی تعریف، حضرت اقدسؑ کے موضوعاتِ شعر، اصلاحِ عقائد، حمد وثناء باری تعالیٰ، نعت رسول ﷺ، مدحت وترغیب اسلام، مدحت قرآن، مدح صحابہ کرامؓ، محبت الٰہی، تقویٰ، عاجزی، تکبر، ترک آسائش، دنیا سے بے رغبتی، بدگمانی، عیب تراشی پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے شعری کلام کو احسن رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اردو، عربی اور فارسی کے شعری کلام کا ان تینوں زبانوں کے اساتذہ کے کلام سے موازنہ کر کے موضوعات اور فن کے لحاظ سے آپؑ کے کلام کی برتری ثابت کی ہے۔ 451 صفحات کی اس کتاب میں حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے محسنات اشعار پر سیر حاصل مواد خوبصورت قرینے سے پیش کیا گیا ہے۔ | **Adabul Masih[as]**<br>by Mirza Hanif Ahmad<br>H.B, Pages-451<br>Code-U-104, Price-00/-<br>Out of Stock |



















| | |
|---|---|
| کتابچہ ’’عقائد احمدیت‘‘ احباب جماعت بالخصوص نومبائعین کیلئے جماعت احمدیہ کے عقائد، حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی کتاب دعوۃ الامیر سے ماخوذ عقائد پر مشتمل ہے تاکہ ناواقف حضرات کو جماعت احمدیہ کے صحیح عقائد کا علم ہو سکے۔ اور ان لوگوں کی قلعی کھل سکے جو جماعت احمدیہ کی طرف جھوٹے طور پر غلط عقائد منسوب کرتے ہیں۔ | **Aqaid-e-Ahmadiyyat**<br>by Nazarat Nashro Isha'at Qadian<br>P.B, Page-15<br>Code-U-117, Price-00/-<br>Out of Stock |
| تعلیمی و تربیتی لحاظ سے نہایت جامع دو دو تین تین الفاظ پر مشتمل چالیس منتخب احادیث کا مجموعہ حضرت میر محمد اسماعیل صاحبؓ نے مرتب فرمایا ہے۔ ان کا یاد کرنا بچوں کے لئے نہایت آسان اور بابرکت ہے۔ نظارت نشر و اشاعت نے یہ کتابچہ خوبصورت ٹائٹل اور عمدہ کاغذ و پرنٹنگ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ احادیث کے ترجمہ کے ساتھ مختصر تشریح بھی شامل ہے۔ | **Arbayeen-e-Atfal**<br>by Nazarat Nashro Isha'at Qadian<br>P.B, Code-U-271, Price-15/- |
| مکرم مولانا محمد انعام غوری صاحب نے جلسہ سالانہ قادیان 1995ء کے بابرکت موقع پر بعنوان ’’سیرت حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہودؑ بحیثیت عاشق رسول ﷺ‘‘ روح پرور تقریر فرمائی تھی۔ محترم مولانا صاحب نے اپنی اس تقریر کو قرآنی دلائل کے علاوہ حضرت مسیح موعودؑ کا آنحضرت ﷺ سے غیر معمولی عشق کے واقعات وجد آفریں اور اشعار و اقتباسات سے مزین فرمایا ہے۔ نظارت نشر و اشاعت قادیان افادہ عام کے لئے اس تقریر کو پمفلٹ کی صورت میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ | **Ashiq-e -Rasool**<br>by Moulana Muhammad Inam Gouri<br>P.B, Page-33<br>Code-U-119, Price-00/-<br>Out of Stock |
| کتاب ’اشکوں کے چراغ‘ ایسے اشعار پر مشتمل نظموں اور غزلوں کا مجموعہ ہے جو بہت اعلیٰ پائے کی سہل ممتنع ہیں۔ اس مجموعۂ کلام میں ایک الگ رنگ اور انفرادیت نظر آتی ہے۔ یہ شعری مجموعہ 2010ء میں منظرِ عام پر آیا۔ اس کا نام خود حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تجویز فرمایا۔ | **Ashkon Ke Charagh**<br>by .......<br>H.B, Page-14<br>Code-U-120, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ رسالہ دلائل وفات مسیح ناصری پر مشتمل ہے جیسا کہ اس کے نام سے ہی عیاں ہوتا ہے۔ یہ رسالہ پہلی دفعہ 1917ء میں شائع ہوا تھا۔ وفات مسیح ناصری کے مسئلہ کو حضرت مسیح موعودؑ بانی سلسلہ احمدیہ کے دعویٰ کے ساتھ ایک بنیادی تعلق ہے مگر اس سے بھی بڑھ کر اس کی اہمیت کا وہ پہلو ہے جو مسیحیّت کے دجالی فتنہ سے تعلق رکھتا ہے۔ رسالہ ہذا میں دلائل قطعیہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ وفات پا چکے ہیں اور اگر کوئی نبی ہمیشہ کے لئے روحانی طور پر زندہ ہے تو وہ صرف ہمارے آقا محمد عربی ﷺ ہیں۔ | **Al-Hujjatul Baligha**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad[ra] M.A<br>P.B, Pages-98<br>Code-U-291, Price-40/- |
| یہ کتابچہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحبؓ کا ذکر حبیب کے موضوع پر، مضامین کے سلسلہ کا ایک مضمون ہے جو آپؓ نے باوجود اپنی شدید علالت کے جلسہ سالانہ 1962ء کی تقریر کے لئے رقم فرمایا اور احباب جماعت کے لیے باعث ازدیاد ایمان ہوا۔ اس کا نام آپؓ نے آئینۂ جمال رکھا اور اس میں حضرت مسیح موعودؑ کی جمالی شان اور اس کے مختلف پہلو بیان فرمائے۔ محترم مولانا جلال الدین شمس صاحبؓ نے یہ تقریر پڑھ کر سنائی تھی۔ | **Aaina-e-Jamaal**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad Sb M.A (ra)<br>P.B, Pages-65<br>Code-U-101, Price-40/- |
| یہ کتاب بچوں کی تربیت کے لئے لکھی گئی ہے۔ مقدس شہر مکۃ المکرمہ کس طرح آباد ہوا اس کتاب میں اس کو آسان فہم انداز میں بیان کرتے ہوئے اس مقدس شہر کی آبادی کے لئے حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ اور حضرت ہاجرہؓ کی عظیم قربانیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ | **Aman Ka Gahwara Makkatul Mukarrama**<br>by .......<br>P.B, Pages-30<br>Code-U-113, Price-20/- |















| | |
|---|---|
| یہ کتاب تاریخ محافظت قُرآن شریف اور مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں مصنّف نے نہایت ہی مفید اور تحقیقی مواد جمع کیا ہے۔مصنّف نے بہت عمدہ رنگ میں قُرآن پاک کی لفظی محافظت عہد نبوی اور عہد خلافت راشدہ میں جمع وتدوین قُرآن پاک کے سلسلہ میں پیش کی ہے۔اور مستشرقین کے اعتراضات کے دندان شکن جوابات دیئے ہیں۔ | **Az-Zikrul Mahfooz**<br>by Maulana Ehsanullah Danish<br>H.B, Pages-398<br>Code-U-111, Price-00/-<br>Out of Stock |
| قمر الانبیاء حضرت مرزا بشیر احمدؓ صاحب ایم اے نے احباب جماعت کی سہولت کے لئے علم حدیث کے بنیادی اصول بیان کرتے ہوئے احادیث کی مختلف کتب سے چالیس احادیث کا انتخاب کر کے ان کا ترجمہ اور ان کی مختصر وجامع تفسیر کو کتابی صورت میں ترتیب دیا ہے تا کہ اُن احادیث کو احباب لغوی ومعنوی طور پر یاد کر سکیں۔ | **Chalees Jawahar Paare**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad [ra]<br>M.A<br>P.B,Pages-149, Code-U-124<br>Price-45/- |
| اس کتاب میں مصنف نے نشانِ کسوف وخسوف کی عظیم الشان پیشگوئی کے متعلق قرآن کریم،احادیث اور دیگر مذاہب کی کتبِ مقدسہ کے مستند حوالے درج کئے ہیں۔نیز موصوف نے اس کتاب میں محترم ڈاکٹر صالح محمد الٰہ دین صاحب کی تحقیق کا بھی ذکر کیا ہے۔ | **Chand Aur Sooraj Grehen**<br>by Maulana Muneer Ahmad Khadim<br>P.B,Pages-48, Code-U-125<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے آنحضور ﷺ کی سیرت کے بعض پہلوؤں کو لجنہ اماء اللہ نے 'دعوت الی اللہ اور ہجرتِ حبشہ' کے نام سے شائع کروایا تھا جسے دوبارہ نظارت نشر واشاعت قادیان نے شائع کروایا ہے۔اس چھوٹی سی کتاب میں آپ ﷺ کے دعوت الی اللہ کے واقعات کو دلچسپ رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔دعوت الی اللہ کے فرض کو ادا کرنے کی حکمت عملی اور دلیری کی خاصیت کو بخوبی اس میں سلیس زبان میں بیان کیا گیا ہے۔ | **Dawat-e-Ilallah Aur Hijrat-e-Habsha**<br>by .......<br>P.B,Pages-38, Code-U-128<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| 87 صفحات کا یہ مختصر کتابچہ بالخصوص بچوں کی دینی معلومات اور اسلام واحمدیت کے اہم تاریخی واقعات پر مشتمل بطرز سوال وجواب مرتب کیا گیا ہے۔قبل ازیں اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔دیدہ زیب ٹائٹل اور عمدہ پرنٹنگ کے ساتھ اضافہ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ | **Deeni Maloomat**<br>by Nazarat Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-87, Code-U-129<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب مکرم منیر احمد صاحب خادم سابق مدیر ہفت روزہ بدر کے اُس سلسلہ وار اداریہ کا مجموعہ ہے جو موصوف نے ”دیوبندی چالوں سے بچیئے“ کے نام سے ہفت روزہ بدر میں 1996ء میں دیوبندیوں کی طرف سے جماعت احمدیہ اور امام جماعت احمدیہ پر بہتانات واتہامات کے جواب میں لکھا تھا۔یہ کتاب بہت مفید اور علمی کتاب ہے جس سے قاری کو جہاں ایک طرف دیوبندی چالوں کا علم ہوگا وہاں اُن کی طرف سے اُٹھائے گئے اعتراضات اور الزامات کے جوابات سے بھی واقفیت ہوگی۔ | **Deobandi Chalon se Bachiye**<br>by Maulana Munir Ahmad Khadim<br>P.B, Pages-62, Code-U-133<br>Price-00/-<br>Out of Stock |


















| | |
|---|---|
| سلسلہ احمدیہ کی مختلف کتب ”انصار اللہ کا بنیادی نصاب“، ”تبلیغ ہدایت“ از حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ وغیرہ کی مدد سے یہ ایک مختصر نصاب نومبائعین کی تربیت کے لیے تیار کر کے شائع کیا گیا ہے جس میں اسلام کے بنیادی ارکان ؛ نماز، روزہ، زکوٰۃ و حج وغیرہ کے مسائل اور ارکان ایمان کی تشریح اور روزمرہ کے فقہی مسائل کے علاوہ اختلافی مسائل اور مختصر سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ، خلفائے راشدین اور مختصر سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے احمدیت کے علاوہ نظام جماعت سے بھی واقفیت کرادی گئی ہے۔ تمام داعیان الی اللہ کے لیے یہ نصاب بہت مفید ہے۔ | **Deeni Nisaab**<br>by Nazarat Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-364, Code-U-130<br>Price-90/- |
| اس کتاب میں نونہالان جماعت کے لئے دینی معلومات، مذہب اسلام کی تعریف، اسکے معنی اور مذہب کا خلاصہ، ایمانیات اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاکیزہ زندگی کے کچھ واقعات نیز حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے سوانح اور اخلاق حسنہ، قومی شعار، آداب مجلس، علم تعلیم اور استاد کے آداب پر مشتمل مضامین کو شامل کیا گیا ہے۔ بچوں کی تربیت کے لئے یہ عمدہ کتاب ہے۔ | **Deeniyat ki Pehli Kitab**<br>by Abdul Rahman Mubashir Moulavi Fazil<br>P.B, Pages-337, Code-U-131<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| اس کتاب میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے تاریخ ساز دورۂ قادیان ۱۹۹۱ء کی روداد اور حضور رحمہ اللہ کی لمحہ بہ لمحہ مصروفیات کو بیان کیا گیا ہے۔ پس منظر، روداد جلسہ تشکر اور اس کے انتظامات وکوائف کے علاوہ اس کتاب میں حضور رحمہ اللہ کے چھ خطبات جمعہ ۲۰/دسمبر ۱۹۹۱ء تا ۲۴/جنوری ۱۹۹۲ء کے مکمل متن بھی شامل اشاعت ہیں جو کہ دورۂ قادیان اور اس کے ثمرات پر تاریخی دستاویز ہیں۔ | **Doura-e-Qadian**<br>by Hadi Ali Choudhary<br>P.B, Pages-267, Code-U-277<br>Price-165/- |
| حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صاحبزادی حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہؓ کا مجموعۂ کلام 'دُرِّ عدن' کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ قادیان سے شائع شدہ ایڈیشن 2002ء میں حضرت سیدہ موصوفہؓ کی کچھ اور نظموں کو بھی شامل کیا گیا جو بعد میں دستیاب ہوئی تھیں۔ | **Durre Adan**<br>by Sayyeda Nawab Mubarka Begum[ra]<br>P.B,Pages-88, Code-U-135<br>Price-50/- |
| یہ کتاب حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ کا تحریر کردہ ایک خط ہے جو آپؓ نے ایک عزیز کے نام تحریر فرمایا ہے۔ اس کتاب میں وہ رستہ بتایا گیا ہے جس پر چل کر ایک انسان با اخلاق اور باخدا انسان بن سکتا ہے۔ اس کتاب میں اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے راہنمائی موجود ہے۔ احباب جماعت کی تربیت کے لئے یہ کتاب بہت اہم اور ہر لحاظ سے مفید ہے۔ ہر فرد جماعت کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ | **Ek Aziz ke Naam Khat**<br>by Sir Mohammad Zafrullah Khan (ra)<br>P.B,Pages-144, Code-U-138<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع شدہ 9 کتب جو کہ 'اعتراضات کا سیٹ' نام سے موسوم ہے، مختلف مولوی صاحبان کے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل ہے۔ (۱) ولٰکن شبہ لھم بجواب 'نزول عیسیٰ علیہ السلام چند شبہات کے جواب'۔ (۲) کیا احمدی سچے مسلمان نہیں بجواب 'قادیانیوں اور دوسرے کافروں کے درمیان فرق' (۳) راہِ ھدیٰ بجواب 'قادیانیوں کو دعوت اسلام' (۴) رسالہ 'الہامی گرگٹ' کے بازاری تمسخر کا جواب (۵) کتابِ محفوظ بجواب 'قرآن مجید میں ردّ و بدل' جس میں حضرت مسیح موعودؑ اور تمام احمدیوں پر تحریف قرآن کا الزام لگایا گیا ہے۔ (٦) ''فیصلہ قرآن وسنت کا چلے گا'' بجواب 'فیصلہ آپ کریں' جس میں حضرت مسیح موعودؑ اور تمام احمدیوں پر گستاخیٔ رسول کا الزام لگایا گیا ہے۔ (۷) رسالہ 'فتح مباہلہ یا ذلتوں کی مار' میں مولوی منظور چنیوٹی کے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔ (۸) مولوی مشتاق احمد چشتی کے رسالہ 'فاتح قادیان' جس میں انہوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ پیر مہر علی گولڑوی نے حضرت مسیح موعودؑ سے تفسیر نویسی کا مقابلہ کیا اور ہرا دیا، کا جواب۔ (۹) حضرت عیسیٰؑ کی توہین کے الزام کا جواب۔ | **Etarazat Ka Set**<br>by Nazarat Nashr-o-Isha'at Qadian<br>P.B,Code-U-141,<br>Price-95/- |








| | |
|---|---|
| کتاب ''فیشن پرستی'' نظارت نشرواشاعت قادیان سے شائع شدہ ہے۔ اس کتاب میں آج کل کے فضول فیشنوں سے اجتناب کرنے اور اسلامی شعار اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ نیز حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں اور عبادت کی تحریک کا بھی تفصیلی ذکر موجود ہے۔ | **Fashion Parasti**<br>by Nazarat Nashr-o-Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-28<br>Code-U-142, Price-15/- |
| اس مختصر کتابچہ میں ہندو مذہب اور ان کے پیشوایان، حضرت کرشن جی مہاراج اور حضرت رام چندر جی مہاراج کی مدح میں حضرت بانی جماعت احمدیہ کی معرکۃ الآراء کتب سے یکجائی صورت میں مختلف اقتباسات اور اقوال مرتب کئے گئے ہیں۔ ہندوؤں میں تبلیغ اور مذہبی رواداری کو فروغ دینے کے ضمن میں یہ کتابچہ بہت اہم ہے۔ | **Hazrat Ram Chandar ji Maharaj, Hazrat Krishan ji Maharaj aur wed ke Mutalliq Bani Jama'at Ahmadiyya ke Irshadat**<br>by Muhammad Hameed Kausar<br>H.B,Pages-26, Code-U-355<br>Price-20/- |
| اس کتاب میں مصنف نے حضرت مسیح موعودؑ کے بیان فرمودہ فہم قرآن کے اصول اور اسالیب کو مختلف موضوعات کے تحت ترتیب دیا ہے۔ اس تصنیف میں ''تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ السلام'' اور حضورؑ کی دوسری کتب سے بھی اقتباسات جمع کئے گئے ہیں۔ اسی طرح مختلف موضوعات کے تحت حضرت اقدسؑ کے اردو، فارسی اور عربی اشعار کو بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ مصنف نے یہ بھی کوشش کی ہے کہ حضورؑ کے فرمودات کے سوا کسی اور کے قول و بیان کا اس میں دخل نہ ہو۔ | **Hazrat Masih Maud as ki taleem-e- Fehm-e- Quran**<br>by Mirza Hanif Ahmad Sahib<br>H.B,Pages-972, Code-U-241<br>Price-380/- |
| حضرت مسیح موعودؑ کی سیرت سے متعارف ہونے کیلئے آپؑ کی جملہ کتب کا مطالعہ ضروری ہے جو ہر شخص کیلئے ممکن نہیں۔ مصنفِ کتاب نے بڑی محنت اور جانفشانی کے ساتھ جملہ کتب کا مطالعہ کر کے مختلف عناوین کے تحت آپؑ کی سیرت کے تمام پہلوؤں کو اس کتاب میں اجاگر کیا ہے۔ یہ کتاب جہاں آپؑ کی سیرت کے حسین پہلوؤں کو بیان کرتی ہے وہاں آپؑ کے معجزات اور پیشگوئیوں کو بھی پیش کرتی ہے۔ نظارت نشرواشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے اس کو ایک جلد میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ امید ہے یہ کتاب طالبان حق کی تشنگی کو دور کرے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین | **Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as] Apni Tahreeron ki roo se**<br>by .............<br>H.B, Pages-1314<br>Code-U-344, Price-630/- |
| نونہالان احمدیت کی تربیت اور ان کو آسان فہم انداز میں تاریخ احمدیت سے واقفیت کرانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ ....... نے بزرگان ملت کے مختصر حالات زندگی مرتب کئے ہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ کتاب تصنیف کی گئی ہے جس میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹیؓ کے حالات زندگی مختصر رنگ میں تحریر کئے گئے ہیں۔ | **Hadhrat Abdul Karim Sialkoti** (ra)<br>by .......<br>P.B,Pages-26, Code-U-296<br>Price-20/- |
| سیرت النبی ﷺ پر مشتمل یہ کتابچہ بچوں کے لئے آسان الفاظ اور سادہ انداز میں پیش کیا گیا ہے، جس میں آنحضرت ﷺ کی پیدائش سے اڑھائی ہزار سال پہلے بے آب و گیاہ وادی مکہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مانگی ہوئی دعا اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کا ذکر ہے۔ نیز آپؐ کی نسل سے کس طرح ایک یتیم بچہ اللہ تعالیٰ کی دستگیری سے صفاتِ الٰہیہ کا مظہر بن کر کل عالم کی ہدایت اور روشنی کا باعث بنا، اس کا بیان بڑے دلچسپ اور خوبصورت انداز میں کیا گیا ہے۔ بچوں کے لیے یہ کتاب بے حد مفید ہے۔ | **Hadhrat Mohammad[sa] ka Bachpan**<br>by .......<br>P.B,Pages-32, Code-U-150<br>Price-15/- |
| اس کتاب میں حضرت نبی اکرم ﷺ کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت اور مدینہ میں آمد کے واقعات کو آسان فہم انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔ خصوصاً بچے اس کتاب کے مطالعہ سے ان تاریخی واقعات کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ | **Hijrat-e-Madina wa Madina me Aamad**<br>by .......<br>P.B, Page-84, Code-U-158<br>Price-25/- |


















| | |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ اپنے مامورین ومرسلین پر کثرت کے ساتھ امورِ غیبیہ ظاہر کرتا ہے اور آسمانی نشانات اور معجزات کے ذریعہ ان کی تائید ونصرت فرماتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی قدیم سنت کے موافق حضرت مسیح موعودؑ کو ارضی وسماوی معجزات ونشانات عطا فرمائے۔ چنانچہ آپؑ نے خدائے قادر سے علم پا کر بہت ساری پیشگوئیاں فرمائیں جو کہ نہایت صفائی سے پوری ہوئیں۔ کتاب ھٰذا میں نموناً چند پیشگوئیاں بیان کی گئی ہیں تا کہ قارئین کا حضرت مسیح موعودؑ کی صداقت پر یقین مضبوط سے مضبوط تر ہو۔ | **Hadhrat Masih Mau'ud[as] ki Peshgoiyan**<br>by .........<br>P.B,Pages-55, Code-U-148<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| سیرت وسوانح حضرت میر محمد اسماعیل صاحبؓ خلافت جوبلی کے حوالہ سے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایت پر مرتب فرمائی گئی ہے۔ یہ کتاب ابتدائی طور پر حضرت میر محمد اسماعیل صاحبؓ کے حالاتِ زندگی جاننے کے لئے بہت اہم ہے۔ حضرت میر محمد اسماعیل صاحبؓ حضرت مسیح موعودؑ کے جلیل القدر صحابی تھے۔ صحابہؓ کی زندگیوں کے حالات کو پڑھنا پڑھانا ازدیادِ ایمان کا باعث ہے۔ | **Hadhrat Meer Mohammad Ismail[ra]**<br>by .........<br>P.B,Pages-112, Code-U-149<br>Price-40/- |
| مکرم لئیق احمد صاحب طاہر آف لندن نے 2003ء میں جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت مسیح موعودؑ کے قلمی جہاد کے بارہ میں تقریر فرمائی تھی۔ اس کے بعد آپ نے اس تقریر کو کچھ اضافہ کے ساتھ قابل اشاعت بنایا۔ آپ کی یہی تقریر 'حضرت مسیح موعودؑ کا اسلوب جہاد' کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ | **Hadhrat Maish Mau'ud[as] ka Uslub-e-Jihad**<br>by Nazarat Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-65, Code-U-292<br>Price-25/- |
| نونہالان احمدیت کی تربیت اور ان کو آسان فہم انداز میں تاریخ احمدیت سے واقفیت کرانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ ........ نے بزرگان ملت کے مختصر حالات زندگی مرتب کئے ہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ کتاب تصنیف کی گئی ہے جس میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم اےؓ کے حالات زندگی مختصر رنگ میں تحریر کئے گئے ہیں۔ | **Hadhrat Mirza Bashir Ahmad Sb M.A (ra)**<br>by ......<br>P.B,Pages-26, Code-U-297<br>Price-20/- |
| نونہالان احمدیت کی تربیت اور ان کو آسان فہم انداز میں تاریخ احمدیت سے واقفیت کرانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ ........ نے بزرگان ملت کے مختصر حالات زندگی مرتب کئے ہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ کتاب تصنیف کی گئی ہے جس میں حضرت مولوی شیر علی صاحبؓ کے حالات زندگی مختصر رنگ میں تحریر کئے گئے ہیں۔ | **Hadhrat Moulavi Sher Ali Sb (ra)**<br>by ......<br>P.B,Pages-18, Code-U-300<br>Price-15/- |
| یہ کتابچہ ۲۰۱۶ء میں نظارت نشر واشاعت قادیان کے زیر اہتمام تیار کیا گیا ہے۔ اس کتابچہ میں احباب جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے سیدنا حضرت مسیح موعودؑ اور خلفائے احمدیت کے چند زریں ایمان افروز واقعات تحریر کئے گئے ہیں کہ کس طرح خدا سے تعلق پیدا کرنے والے اور معرفت میں ترقی کرنے والے اللہ تعالیٰ کی کفالت میں آجاتے ہیں اور کس طرح انہیں استجابت دعا کا معجزہ عطا کیا جاتا ہے۔ | **Hadhrat Maish Mau'ud[as] aur Khulafae Kiram ke Talluq Billah ke Waqiat**<br>by Nashro Isha'at Qadian,<br>P.B,Pages-18, Code-U-287, Price-00/-<br>Out of Stock |
| نونہالان احمدیت کی تربیت اور ان کو آسان فہم انداز میں تاریخ احمدیت سے واقفیت کرانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ ........ نے بزرگان ملت کے مختصر حالات زندگی مرتب کئے ہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ کتاب تصنیف کی گئی ہے جس میں حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحبؓ کے حالات زندگی مختصر رنگ میں تحریر کئے گئے ہیں۔ | **Hadhrat Mirza Shareef Ahmad Sb (ra)**<br>by ......<br>P.B,Pages-40, Code-U-298<br>Price-20/- |


















| | |
|---|---|
| کتاب ''حضرت شہزادہ سید عبداللطیف شہیدؓ'' میں حضرت مسیح موعودؑ کے جاں نثار صحابی حضرت شہزادہ سید عبداللطیف صاحبؓ کی شہادت کا ذکر ہے جنہیں کابل میں احمدیت قبول کرنے کی وجہ سے نہایت بے دردی کے ساتھ سنگسار کیا گیا۔حضرت شہید مرحومؓ نے اس حق وصداقت سے جس پر ان کا دل ایک غیر متزلزل یقین پر قائم تھا، سرمو انحراف نہیں کیا بلکہ جام شہادت نوش فرمانے میں فخر محسوس کیا۔ | **Hazrat Shehzada Syed Abdul Lateef Shaheed [ra]**<br>by ......<br>P.B,Pages-123, Code-U-332<br>Price-45/- |
| کتاب ''حیات طیبہ'' حضرت اقدس مسیح موعودؑ کی سوانح عمری سے متعلق ہے۔اس کے ساتھ ساتھ اس میں ایمان افروز واقعات بھی آ گئے ہیں جو کتاب کی ضخامت پر کوئی خاص اثر ڈالے بغیر حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہؑ کی سیرت پر بھی خاصی روشنی ڈالتے ہیں۔نیز اس میں حضورؑ کے مختلف الہامات، پیشگوئیاں، تصنیفات، سفروں اور مناظروں کا اس رنگ میں ذکر ہے کہ گویا حضرت مسیح موعودؑ کے پیش کردہ کلام کا ایک خلاصہ اور نچوڑ سامنے آ جاتا ہے اس لحاظ سے کتاب کا مجموعی تاثر یقیناً معلومات افزا بھی ہے اور ایمان افروز بھی۔ | **Hyaat-e-Tayyaba**<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashid<br>H.B, Pages-494<br>Code-U-160, Price-185/- |
| حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے نے متلاشیانِ حق کے لئے یہ ایک جامع اور مبسوط کتاب تصنیف فرمائی ہے جس میں خدا تعالیٰ کی ہستی کو عقلی دلائل سے ثابت کیا گیا ہے۔دہریت کے اس دور میں یہ کتاب بہت ضرورت اور اہمیت کی حامل ہے۔ | **Hamara Khuda**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad[ra] M.A<br>H.B,Pages-255, Code-U-154<br>Price-200/-<br>P.B, Pages-255,Price-105/- |
| اس کتاب میں مصنف نے بائبل کی بیان کردہ تعلیمات کی روشنی میں مسیحیّت کے عام عقائد کا موازنہ پیش کیا ہے اور بائبل کے ماننے والوں کو بائبل کی حقیقی تعلیم سے روشناس کرایا ہے۔اور بائبل ہی سے مسیحیّت کو مثبت رنگ میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ | **Haqaiq-e-Bible aur Maseehiyat**<br>by Maulana Burhan Ahmad Zafar<br>P.B,Pages-106, Code-U-156<br>Price-30/- |
| ''حیات قدسی'' حضرت مسیح موعودؑ کے صاحب کشف والہام صحابی حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکیؓ کی خودنوشت سوانح حیات ہے۔اس کتاب میں آپؓ نے اپنے خاندانی احوال، اپنی طفولیت، جوانی اور پیرانہ سالی کے ایمان افروز واقعات، بے شمار معارف قرآن مجید اور تخمیناً نصف صدی کی تبلیغی سرگرمیوں کا تذکرہ فرمایا ہے۔ابتداءً یہ کتاب مختلف جلدوں میں شائع ہوئی پھر جملہ پانچوں جلدیں شائع ہوئیں۔فی الحال نظارت نشرواشاعت قادیان ان پانچ جلدوں کو ایک جلد میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہی ہے۔ | **Hayat-e-Qudsi**<br>by Moulana Gulam rasool Rajeki sb[ra]<br>P.B,Pages-625, Code-U-311<br>Price-190/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کے صحابی حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمیؓ کے سوانح وسیرت پر مشتمل ہے۔مجلس خدام الاحمدیہ نے ایسی عظیم ہستیوں کے حالات زندگی پر کتب شائع کرنے کی توفیق پائی ہے۔نظارت نشرواشاعت قادیان اس کتاب کو پہلی بار ہندوستان سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے شائع کررہی ہے۔ | **Hadhrat Burhanuddin Jehlumi (ra)**<br>by .....<br>P.B, Pages-60<br>Code-U-147, Price-25/- |
| نونہالان احمدیت کی تربیت اوران کو آسان فہم انداز میں تاریخ احمدیت سے واقفیت کرانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ ........ نے بزرگان ملت کے مختصر حالات زندگی مرتب کئے ہیں۔اسی سلسلہ میں یہ کتاب تصنیف کی گئی ہے جس میں حضرت مولانا غلام رسول راجیکیؓ صاحب کے حالات زندگی مختصر رنگ میں تحریر کئے گئے ہیں۔ | **Hazrat Gulam Rasool Sb Rajeki [ra]**<br>by ......<br>P.B,Pages-25, Code-U-309<br>Price-20/- |
| مکرم شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی نے ہمارا آقاؐ کے عنوان سے نبی کریمؐ کی سیرت کے واقعات نہایت خوبصورتی کے ساتھ چھوٹے بچوں کے لئے مرتب کئے تھے۔اس کتاب میں مختلف عناوین کے تحت سیرت کے واقعات آسان اور دلچسپ انداز میں تحریر کئے گئے ہیں۔نظارت نشرواشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہی ہے۔ | **Hamara Aaqa**<br>by Sheik Muhammad Ismail Panipati<br>P.B, Pages-151<br>Code-U-261, Price-60/- |





















| | |
|---|---|
| **Hadiqatus Saliheen**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>H.B, Pages-961<br>Code-U-447, Price-400/- | احادیث نبویؐ کا یہ نہایت دلکش مجموعہ 1967ء میں محترم مولانا ملک سیف الرحمٰن صاحب نے بڑی محنت سے مرتب کیا تھا۔اس کتاب میں عام فہم مجموعہ کی صورت میں 129 موضوعات پر ایک ہزار منتخب احادیث کا متن وترجمہ ہے،جس میں اخلاقی اعتبار سے تعلیم وتربیت کے علاوہ اختلافی مسائل کیلئے خاطرخواہ مواد موجود ہے۔ |
| **Infaaq fi Sabilillah**<br>by Ataul Mujeeb Rashid<br>P.B,Pages-44, Code-U-342<br>Price-35/- | اس کتابچہ میں محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب نے قرآن مجید،احادیث نبویہ اور ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حوالہ جات پیش کرتے ہوئے انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت کو واضح کیا ہے اور اس بارہ میں کئی ایمان افروز واقعات تحریر کئے ہیں۔ |
| **Islami Jihad ki Haqeeqat**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-16<br>Code-U-345, Price-15/- | مکرم مولانا محمد حمید کوثر صاحب نے جلسہ سالانہ قادیان 2003ء کے موقع پر ''اسلامی جہاد کی حقیقت'' کے موضوع پر تقریر کی تھی۔اس تقریر میں موصوف نے اسلامی جہاد کی حقیقت کو مختصراً اور عام فہم انداز میں بیان کیا ہے۔نظارت نشرواشاعت قادیان نے اس تقریر کو کتابچہ کی شکل میں سن 2016ء میں شائع کیا ہے۔ |
| **Islam ki Pehli ta Panchveen Kitab (1 to 5)**<br>by Choudhry Muhammad Sharif Sb<br>P.B, Code-U-166, Price-135/- | ان کتب میں مصنف نے بڑی خوش اسلوبی اور عمدہ وآسان پیرائے میں اسلام کے بنیادی مسائل اور احمدیت کی مختصر تاریخ بہت سلیس زبان میں بیان کی ہے۔یہ کتب جہاں بچوں کی دینی تعلیم کے لئے نہایت دلچسپ ہیں وہاں بڑی عمر کے احباب بھی ان سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ |
| **Irfan-e-Khatme Nubuwwat**<br>by Additional wakalat Tasneef London<br>P.B, Pages-170, Code-U-414<br>Price-00/- (Out of Stock) | یہ کتاب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ انگلستان کے 1985ء کے معرکۃ الآراء اختتامی خطاب پر مشتمل ہے جو جماعت احمدیہ کے خلاف حکومتِ پاکستان کی ظالمانہ کارروائی،مزعومہ قرطاس ابیض جس کا نام 'قادیانیت اسلام کے خلاف سنگین خطرہ' کے دندان شکن جوابات کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ |
| **Ahmadi Bachon ke liye Jamate Ahmadiyya ki Mukhtasar Tarikh**<br>by .......<br>P.B, Pages-166<br>Code-U-281, Price-40/- | جماعت احمدیہ کی تاریخ کے متعلق بہت ہی اہم اور مفید معلومات پر مشتمل یہ کتاب،نہایت ہی آسان زبان میں بچوں کی ذہنیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کی گئی ہے۔بچوں کی جماعتی تاریخ سے واقفیت اور ان کی تعلیم وتربیت کیلئے یہ کتاب بہت ہی مفید ہے۔ 166 صفحات پر مشتمل کتاب ہذا کا حالیہ ایڈیشن نظارت نشرواشاعت قادیان نے نہایت خوبصورت ٹائٹل اور عمدہ کاغذ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ |
| **Kar Na Kar**<br>by Mir Mohammad Ismail[ra]<br>P.B, Page-58, Code-U-175<br>Price-00/-<br>Out of Stock | اس کتابچہ میں حضرت میر محمد اسماعیل صاحبؓ نے جسمانی اور حفظان صحت،تہذیب وتمدن اسلامی،مالی معاملات و معاہدات،علم،اخلاقیات،مذہب اور دینیات نیز جنسی معاملات کو چھوٹے چھوٹے اور سادہ فقروں میں بیان کیا ہے تاکہ یہ مسائل احباب جماعت کو بآسانی سمجھ آسکیں۔ |
| **Khatm-e-Nubuwwat ki Haqiqat**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad[ra] M.A<br>P.B, Page-184, Code-U-289<br>Price-35/- | حضرت مرزا بشیر احمدؓ صاحب ایم۔اے نے متلاشیانِ حق کے لئے ختم نبوت اور اجرائے نبوت پر مشتمل یہ جامع اور مبسوط کتاب تصنیف فرمائی ہے،جس میں مسیح موعود اور مہدی معہودؑ کے ظہور اور نبوت کی اقسام کو بیان کرتے ہوئے اجرائے نبوت کو قرآن کریم، احادیث مبارکہ،سلف صالحین اور عقل انسانی کی روشنی میں ثابت کیا گیا ہے۔نیز ان منفی احادیث پر بھی مکمل بحث کی گئی ہے جو مخالفین،جماعت احمدیہ کے سامنے پیش کرتے ہیں اور تمام اعتراضات کا کافی وشافی جواب دلائل سے دیا گیا ہے۔ |













| | |
|---|---|
| قرآن مجید، احادیث اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کلام میں پائی جانے والی متعدد دعاؤں اور ان کی تاثیرات و پس منظر پر مشتمل یہ ضخیم دعائیہ مجموعہ جامع عنوان لگا کر نہایت عمدہ طرز پر مرتب کیا گیا ہے۔ عربی متن کے ساتھ با محاورہ اردو ترجمہ اور ماخذ کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ دعاؤں کی اہمیت و برکات اور ضرورت کے متعلق اقتباسات بھی شامل ہیں۔ موجودہ ایڈیشن 260 صفحات پر مشتمل نئی سیٹنگ اور عمدہ پرنٹنگ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ | **Khazinatu-Ddua**<br>by .........<br>P.B,Pages-260, Code-U-256<br>Price-80/- |
| آنحضرت ﷺ کے مشن لیظھرہ علی الدین کلّہ کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کو قدرت ثانیہ کے طور پر ایسے خلفاء بخشے ہیں جو ہماری قربانیوں میں تسلسل کے ضامن ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان خلفاء کے دلوں میں مناسب تحریکات القاء فرماتا رہا اور وہ ان تحریکات کو جماعت کے سامنے پیش کرتے رہے۔ ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے ان الٰہی تحریکات اور ان کے شیریں ثمرات کو یکجائی طور پر نہایت حسین پیرایہ میں کتاب ہذا میں ترتیب دیا ہے تا کہ ہر احمدی مرد و زن ان تحریکات کو جانے اور ان کو اپنا نصب العین سمجھ کر ان پر عمل پیرا ہو سکے۔ | **Khulafaye Ahmadiyyat Ki Tehreekat Aur unke Sheereen Samarat**<br>by ..........<br>H.B,Pages-608, Code-U-179<br>Price-130/- |
| جیسا کہ اس کتابچہ کے عنوان سے ظاہر ہے، خلافت کی اہمیت و برکات کے پیش نظر اس سلسلہ میں ذمہ داریوں کی طرف احباب جماعت کو متوجہ کرنے کے لیے نظارت نشر و اشاعت قادیان نے قرآن مجید، احادیث نبویہؐ اور ارشادات حضرت مسیح موعودؑ اور خلفاء کرام پر مشتمل یہ مختصر کتابچہ تیار کروایا ہے جو کہ ہر فرد جماعت کے لیے مفید ہے۔ | **Khilafat ka Azeemushan maqam**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-63, Code-U-308<br>Price-40/- |
| مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے صوبائی اور قومی اسمبلیوں کے انتخابات کے موقع پر جماعت احمدیہ کے خلاف اپنا رسالہ ختم نبوت ہزار ہا کی تعداد میں شائع کروایا۔ اس رسالہ میں مولانا مودودی نے جماعت احمدیہ پر منکر ختم نبوت ہونے کا جھوٹا الزام لگایا تھا اور مسلمانوں میں نفرت پھیلانے کی کوشش کی تھی۔ مصنف کتابچہ ہذا نے اس کتاب کے ذریعہ حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہؑ کے الفاظ میں جماعت احمدیہ کا عقیدہ پیش کیا ہے اور مختلف مکاتب فکر کے علماء کے حوالہ جات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے تعلق سے پیش کئے ہیں۔ اس کتاب کو پہلی بار نظارت نشر و اشاعت قادیان نے مئی 2017ء میں شائع کیا ہے۔ | **Risala Khatm-e-Nubuwwat par Ilmi Tabsara**<br>by Qazi Muhammad Nazeer<br>P.B, Pages-97, Code-U-327,<br>Price-35/- |
| شادی بیاہ کے موقع پر بد رسومات، بدعات اور قباحتیں معاشرہ میں عام ہیں۔ اور جو بے قاعدگیاں ہو رہی ہیں اور معاشرے میں ان کی وجہ سے جو بے چینی کا ماحول ہے ان تمام امور کے متعلق قرآن کریم، احادیث مبارکہ، ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام و خلفاء کرام کی روشنی میں یہ ایک جامع کتاب ہے۔ جس سے معاشرے کی اصلاح احسن رنگ میں ہوسکتی ہے۔ | **Log Kya Kahenge?**<br>by .......<br>P.B, Pages-72<br>Code-U-335, Price-00/-<br>Out of Stock |
| اس کتاب میں ازدواجی زندگی کے آداب اور میاں بیوی کے حقوق اور فرائض اور ان کی ذمہ داریاں، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفاء کرام کے ارشادات مبارکہ کے حوالہ سے بیان کی گئی ہیں۔ | **Libaas**<br>by .....<br>P.B,Pages-122, Code-U-263<br>Price-35/- |
| سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کے فروری 1983ء اور فروری 1984ء میں دورہ کے دوران لجنہ اماء اللہ کے تحت مجلس سوال و جواب کو کتابی شکل میں شائع کیا گیا ہے جس میں حضورؒ نے بعض غیر احمدی خواتین کے اختلافی مسائل پر کئے جانے والے اعتراضات، اسی طرح احمدی مستورات کی طرف سے تربیتی و دینی امور پر کئے جانے والے سوالات کے تفصیلی جواب مرحمت فرمائے ہیں اور غیر احمدیوں کے غلط عقائد و غلط فہمیوں کا مسکت جواب دیا ہے۔ | **Majalis-e-Irfan**<br>by ......<br>P.B,Pages-140, Code-U-186<br>Price-00/-<br>Out of Stock |














| | |
|---|---|
| احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے آنحضور ﷺ کی سیرت کے بعض پہلوؤں کو لجنہ اماء اللہ نے شائع کروایا تھا جسے دوبارہ نظارت نشر و اشاعت قادیان نے شائع کروایا ہے۔ اس چھوٹی سی کتاب میں آپ ﷺ کے بچپن، جوانی، مشاغل تجارت اور حضرت خدیجہؓ سے شادی کے واقعات کو دلچسپ رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔ | **Mashaghil-e-Tijarat**<br>by .......<br>P.B,Pages-30, Code-U-192<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| اس کتاب میں مقام خاتم النبیین ﷺ کا حقیقی مفہوم قرآن مجید، احادیث نبویہ اور سلف صالحین کے اقوال کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ آنحضور ﷺ کی اعلیٰ وارفع شان اور ختم نبوت کے متعلق جماعت احمدیہ کے عقیدہ کے برخلاف عامۃ المسلمین میں پھیلائے جانے والے گمراہ کن پروپیگنڈہ کا کافی وشافی جواب دیا گیا ہے۔ | **Maqam-e-Khatamun Nabiyyeen[sa]**<br>by Qazi Muhammad Nazeer Sb<br>P.B,Pages-259, Code-U-290<br>Price-105/- |
| یہ حضرت حافظ حاجی حکیم مولانا نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی سیرت وسوانح پر مشتمل اکبر شاہ خان صاحب نجیب آبادی کی مرتّبہ 310 صفحات پر مشتمل کتاب ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے خودنوشت حالات اور آپؓ کی سیرت کے چیدہ چیدہ دلچسپ واقعات اس میں درج ہیں۔ اس میں بہت سے اعلیٰ نکات بھی شامل ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی سیرت پر نادر و جامع اس کتاب کو پڑھنے سے علم و ایقان میں یقیناً اضافہ ہوتا ہے۔ دیدہ زیب ٹائٹل عمدہ کاغذ و پرنٹنگ کے ساتھ پہلی مرتبہ کمپوزڈ شائع ہوئی ہے۔ | **Mirqatul Yaqeen fi Hayate Nooruddin**<br>by Akbar Shah Khan Sb Najibabadi<br>P.B,Pages-310, Code-U-199<br>Price-75/- |
| احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے لجنہ اماء اللہ نے بعض بزرگان کی سیرت کے چند پہلوؤں کو کتابچوں کی صورت میں شائع کروایا تھا۔ انہی میں سے یہ کتابچہ بھی ہے۔ اس کتابچہ میں حضرت مولانا شیر علی صاحبؓ کی زندگی کے واقعات کو نہایت دلچسپ رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔ | **Mere Bachpan Ke Din**<br>by .......<br>P.B,Pages-28, Code-U-196<br>Price-40/- |
| یہ کتابچہ ہمارے سید و مولیٰ حضرت محمد عربی ﷺ کی بیان فرمودہ 93 احادیث اور اُن کے اُردو ترجمہ پر مشتمل ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محبت، قرآن کریم کی عظمت، اُسوہ رسول ﷺ، ارکان اسلام، اخلاقیات، اسلامی معاشرہ، اسلامی آداب وغیرہ موضوعات پر احادیث اصل حوالہ جات کے ساتھ اس کتابچہ میں درج کی گئی ہیں۔ ان احادیث کا مطالعہ اور اس کے مطابق عمل یقیناً اصلاح کا موجب ہے۔ | **Muntakhab Ahadees**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-88, Code-U-200<br>Price-30/- |
| جماعت احمدیہ کی مخالفت میں جمیعت علماء ہند کے صدر جناب اسعد مدنی صاحب نے جماعت احمدیہ کو انگریزوں کا خودکاشتہ پودہ ثابت کرنے کے لئے کچھ نئے نکات بیان کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کتاب میں مصنف نے اس باطل افسانہ کا مکمل پوسٹ مارٹم کیا ہے تاکہ افراد جماعت اور حق آشنا، ان علماء شر کی گھنونی چالوں سے آگاہ ہوسکیں۔ | **Mazhab ke Naam par Fasaana**<br>by .......<br>P.B,Pages-89, Code-U-194<br>Price-25/- |










| | |
|---|---|
| انبیاء ومرسلین اپنی اقوام کومختلف ذرائع سے انذار وتبشیر کرتے ہیں۔ان میں سے ایک ذریعہ خطوط کا بھی ہے۔جیسا کہ قرآن کریم کی سورہ نحل میں حضرت سلیمانؑ کے ملکہ سبا کے نام خط کا ذکر ہے۔آنحضرت ﷺ کے بھی قیصر وکسریٰ،شاہ مصر وحبشہ اسی طرح رئیس غسان ویمامہ کے نام خط قابل ذکر ہیں۔حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے ابتدائی ایام سے ہی اسلام کی تائید میں مختلف اخبارات میں نیز براہ راست خطوط تحریر فرمائے ہیں۔حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانیؓ نے حضرت مسیح موعودؑ کے ان مکتوبات کو مرتب فرما کر گیارہ جلدوں میں شائع فرمایا تھا اور ایک جلد محترم ملک صلاح الدین صاحب نے شائع کی تھی۔<br>نظارت نشر واشاعت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے حضرت مسیح موعودؑ کے مکتوبات نئی ترتیب کے ساتھ تین جلدوں میں شائع کررہی ہے۔اس نئی ترتیب میں حضرت عرفانی صاحبؓ کے جمع کردہ خطوط میں سے کسی خط کو چھوڑا نہیں گیا بلکہ ہر صحابی کے نام مختلف جلدوں میں آئے ہوئے خطوط کو ایک جگہ اور تاریخ وار ترتیب دیا گیا ہے۔بعض ایسے مکتوبات جو حضرت عرفانی صاحبؓ ریکارڈ میں نہیں لاسکے تھے وہ بھی شامل کئے گئے ہیں۔<br>کتاب ھٰذا جلد اوّل پر مشتمل ہے۔اس جلد میں حضرت مسیح موعودؑ کے آریوں،برہموسماج،ہندوؤں،عیسائیوں،پادریوں اور غیر احمدی علماء کے نام مکتوبات شامل ہیں۔ | **Maktoobat-e-Ahmad Vol-1**<br>by Hadhrat Sheikh Yaqoob Ali Irfani[ra]<br>H.B,Pages-691, Code-U-360<br>Price-295/- |
| اس کتاب میں عربوں میں تبلیغ احمدیت کے لئے حضرت اقدس مسیح موعودؑ اور آپؑ کے خلفائے کرام کی بشارات،حضرت مسیح موعودؑ کے زمانے سے 1954ء تک گرانقدر مساعی اور ان کے شیریں ثمرات کا ایمان افروز تذکرہ ہے۔نیز احمدیت کی آغوش میں داخل ہونے والی سعید روحوں کی سیرت وسوانح،ان کی اسلام،بانیٔ اسلام اور حضرت مسیح موعودؑ سے محبت اور خلافت احمدیہ سے اخلاص ووفا کے تعلق کے ایمان افروز واقعات کو جمع کیا گیا ہے۔ | **Masalihul 'Arab' (Vol-1,2)**<br>by Muhammad Tahir Nadeem<br>H.B, Code-U-191, Price-520/- |
| مکتوبات احمد جلد دوم حضرت مسیح موعودؑ کے چار جلیل القدر صحابہ حضرت مولانا حکیم نور الدین خلیفۃ المسیح الاوّلؓ،حضرت نواب محمد علی خان صاحبؓ،حضرت سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب مدراسیؓ اور حضرت چوہدری رستم علی صاحبؓ کے نام 568 خطوط پر مشتمل ہے۔<br>جناب حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانیؓ اور محترم ملک صلاح الدین صاحب جماعت کے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے انتہائی نامساعد حالات،مالی دشواریوں اور مصروفیت کے باوجود حضرت مسیح موعودؑ کے یہ گرانقدر خطوط پہلے اخبار الحکم میں اور پھر کتابی صورت میں جمع فرمائے۔اس جلد میں حضرت مسیح موعودؑ کے جن خطوط کے عکس دستیاب ہوسکے ہیں انہیں بھی تبرکاً شامل کیا گیا ہے۔ | **Maktoobat-e-Ahmad Vol-2**<br>by Hadhrat Sheikh Yaqoob Ali Irfani[ra]<br>H.B,Pages-661, Code-U-187<br>Price-305/- |
| اس کتاب میں ہر صدی کے چند مشہور ومعروف مجددین اُمت کے سوانح وحالات اور اُن کے تجدیدی کارناموں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ان مجددین کے انتخاب میں ان کے تجدیدی کام کے لحاظ سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا یہ ارشاد ملحوظ رکھا گیا ہے کہ: ''اللہ تعالیٰ ہر صدی پر ایک مجدد کو بھیجتا ہے جو دین کے اس حصہ کو تازہ کرتا ہے جس پر کوئی آفت آئی ہو'' (ملفوظات جلد 4 صفحہ 2)<br>اسی طرح حضرت اقدسؑ نے جس جس مجدد کا ذکر خیر اپنی کتابوں میں فرمایا ہے اس سے بھی تیرہ صدیوں کے مجددین کے انتخاب میں رہنمائی لی گئی ہے۔ | **Mujaddidin-e-Ummat-e-Muhammadiyya Aur un ke Tajdeedi Karname**<br>by .......<br>P.B, Pages-400, Code-U-338,<br>Price-100/- |
| احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے آنحضرت ﷺ کی سیرت کے بعض پہلوؤں کو لجنہ اماء اللہ نے شائع کروایا تھا جسے دوبارہ نظارت نشر واشاعت قادیان نے شائع کروایا ہے۔اس چھوٹی سی کتاب میں تین کتابچوں،مقدس ورثہ،چشمۂ زمزم اور اصحاب فیل کے واقعات کو اکٹھے بیان کیا گیا ہے۔ | **Muqaddas Wirsa Chashmay-e-Zamzam Ashab-e-Feel**<br>by ........<br>H.B, Pages-55<br>Code-U-202, Price-15/- |



















| | |
|---|---|
| یہ کتابچہ مکرم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد کی جلسہ سالانہ قادیان 1993ء کی تقریر ہے جس میں انہوں نے نہایت مختصر اور جامع رنگ میں موجودہ دور کے مسلمانوں کے اُن بدترین حالات سے پردہ ہٹایا ہے جن سے عوام الناس بے خبر ہیں اور ملّاں عامۃ المسلمین کی سادگی اور غفلت سے نہ صرف اپنے ذاتی فوائد حاصل کررہے ہیں بلکہ عام مسلمانوں کو غفلت میں مبتلا کررہے ہیں۔ | **Musalmanon Ki Maujooda Halate Zar Aur Iski Wajuhat Aur Ilaj**<br>by Moulana Muhammad Kareemuddin Shahid<br>P.B, Pages-58, Code-U-334,<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ کتاب جماعت احمدیہ کے چار علماء کی تقاریر کے مجموعہ پر مشتمل ہے۔پہلی تقریر کا عنوان نبوت حضرت مسیح موعودؑ ہے۔دوسری تقریر کا عنوان خلافت احمدیہ وبیعت خلافت ہے۔تیسری تقریر کا عنوان نبوت وخلافت کے متعلق اہل پیغام کا موقف ہے۔اور چوتھی تقریر کا عنوان نبوت حضرت مسیح موعودؑ ہے۔ | **Nabuwwat wa Khilafat Ke Mutalliq Ahle Pegham Aur Jama'at Ahmadiyya ka Mo'aqqaf**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-64, Code-U-204<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ کتابچہ محترم مولانا عطاء المجیب صاحب راشد کی ایک تقریر ہے جو آپ نے جلسہ سالانہ برطانیہ ۲۰۰۵ء کے موقع پر ’’نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں‘‘ کے موضوع پر فرمائی تھی۔اس تقریر میں آپ نے خلافت کیا ہے،نبوت وخلافت،خلیفہ کا بلند مقام،خلافت کی عظمت اور برکات،خلافت احمدیہ کے قیام پر قرآن مجید اور احادیث کے حوالے سے روشنی ڈالی ہے۔ | **Nizame Khilafat Ki Barkat Aur Hamari Zimmedariyan**<br>by Maulana Ataul Mujeeb Rashid<br>P.B,Pages-62, Code-U-207<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| کتابچہ ’’نماز مترجم‘‘ اسلامی نماز کا اردو ترجمہ ہے۔اس کتاب میں نماز کے علاوہ ارکان اسلام کا مختصر اور جامع ذکر، آداب نماز، بعض مسنون دعائیں، خطبہ نکاح اور نماز جنازہ وغیرہ کو بھی ترجمہ کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔نیز فضیلت دعا کے موضوع پر حضرت مسیح موعودؑ کے ارشادات، قرآن کریم کی بعض سورتیں مع ترجمہ اور پانچ کلمات مع ترجمہ درج کئے گئے ہیں تا ہر کس و ناکس اس سے مستفیض ہو سکے۔ | **Namaz Mutarjam**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B,Pages-61, Code-U-169<br>Price-25/- |
| 2006ء میں پوپ بنیڈکٹ صاحب نے جرمنی میں تقریر کرتے ہوئے اسلام اور آنحضرت ﷺ کے بابرکت وجود پر اعتراض کرتے ہوئے یہ بیان کیا کہ ’’مجھے دکھاؤ کہ محمد جو کچھ لائے اس میں نیا کیا ہے‘‘ پوپ صاحب کے اس بیان پر محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم ایڈیٹر بدر نے اپنے اخباری اداریوں میں اس کا جواب دیا ہے۔ان اداریوں کو یکجائی طور پر کتابچہ کی صورت میں افادۂ عام کے لئے نظارت نشر و اشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ | **Pop Sahib Ke Jawab Me**<br>by Munir Ahmad Khadim<br>P.B, Pages-66<br>Code-U-213, Price-15/- |
| کتاب ’’پیام احمدی‘‘ مشہور احمدی شاعر مکرم غلام نبی ناظر صاحب کا بیان کردہ شعری مجموعہ ہے جس کی نظمیں بہت اعلیٰ پائے کی شاندار اردو زبان میں ہیں۔مصنف کی کتاب کا کلام ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔کتاب کی نظموں سے مصنف کی احمدیت سے محبت وعقیدت ظاہر ہوتی ہے۔اس کتاب کے ذریعہ آپ نے پیغام حق پہنچانے کا فریضہ بخوبی سرانجام دیا ہے۔نیز افراد جماعت کو فریضہ تبلیغ کی انجام دہی کی جانب متوجہ فرمایا ہے۔یوں تو سارا کلام ہی اللہ و رسول ﷺ کی محبت سے بھرا ہوا ہے مگر بعض نظمیں پڑھنے سے ایک وجد کی سی کیفیت طاری ہوجاتی ہے جن پر خلفاء احمدیت نے بھی داد تحسین وآفرین بذریعہ خطوط، جو ان کے ساتھ شائع شدہ ہیں، عنایت فرمائی ہے۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کلام کی اشاعت کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔آمین | **Payam-e-Ahmadi**<br>by Ghulam Nabi Nazir<br>P.B,Pages-253, Code-U-211<br>Price-00/-<br>Out of Stock |


















| | |
|---|---|
| کتابچہ ''پہلا احمدی سائنسدان'' محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی حالاتِ زندگی پر مشتمل ہے۔ اس کتابچہ میں مصنف نے محترم ڈاکٹر عبد السلام صاحب کے خاندانی حالات، آپ کی پیدائش اور ابتدائی حالات، تعلیمی دور اور شاندار کامیابیاں، آپ کی زندگی کے نشیب و فراز، عظیم الشان سائنسی کارنامے اور عالمگیر شہرت، حصول نوبل انعام کی تقریب میں آپ کی تقریر، آپ کی کامیابیوں کا راز، آپ کی خدمات نیز آپ کی بیماری اور وفات کا مختصر اور جامع ذکر فرمایا ہے۔ | **Pehla Ahmadi Musalman Sciencedan**<br>by ........<br>P.B,Pages-63, Code-U-212<br>Price-25/- |
| قرآن کریم عربی میں نازل ہوا۔ اسکے پڑھنے اور سمجھنے کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ نے اسے بہت آسان بنایا ہے۔ تاہم بعض جگہوں پر ایسے الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں جن کے معنی ہر انسان کی سمجھ میں آسانی سے نہیں آسکتے۔ اس لحاظ سے اردو اور انگریزی دانوں کی آسانی کے لئے صاحب مولف نے مشکل الفاظ نکال کر ان کے معنی درج کئے ہیں۔ گویا یہ قرآن کی ڈکشنری ہے۔ | **Quran-e-Kareem Ke Mushkil Alfaz Ke Ma'ani**<br>by ........<br>H.B, Pages-337<br>Code-U-217, Price-00/-<br>Out of Stock |
| لکھنؤ کے وسیم رضوی نے سپریم کورٹ آف انڈیا میں ایک عرضی داخل کی تھی کہ 16 قرآنی آیات حذف کر دی جائیں کیونکہ ان میں دہشت گردی کی تعلیم دی گئی ہے اور یہ آیات آنحضرتؐ کی حیات مبارکہ میں قرآن کریم کا حصہ نہ تھیں بلکہ خلفائے راشدین نے ان کو قرآن مجید میں شامل کیا۔ کتاب ''قرآن مجید کا محافظ اللہ تعالیٰ ہے'' میں مولانا محمد حمید کوثر صاحب نے رضوی کے اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں۔ | **Quran-e-Majeed Ka Muhafiz Allah Tala hai**<br>by Moulana Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-131<br>Code-U-419, Price-65/- |
| اس کتاب میں قادیان کی تاریخ اور اس کی اہمیت، سابقہ کتب میں قادیان کا ذکر، مقدس و اہم مقامات، دارالبیعت لدھیانہ، کمرہ چلہ کشی ہوشیار پور، قادیان کے نقشہ قدیم و جدید، قادیان کے محلہ جات غرض قادیان کا پورا انسائیکلو پیڈیا اس کتاب میں بیان کر دیا گیا ہے۔ | **Qadian aur uske Muqaddas wa Tarikhi Maqamat**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-106<br>Code-U-299, Price-35/- |
| کتابچہ ''راہ ایمان'' چھوٹی عمر کے بچوں کے لئے آسان انداز میں اسلام واحمدیت کے عقائد اور مسائل اور ضروری معلومات پر مبنی ہے۔ نظارت نشر واشاعت قادیان نے مناسب ترمیم واضافہ کے ساتھ اسے کئی مرتبہ شائع کیا ہے۔ اب احباب جماعت کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید ترمیم واضافہ کے ساتھ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے پہلی بار کمپوز کروا کر شائع کیا جا رہا ہے۔ | **Rah-e-Iman**<br>by ........<br>P.B, Pages-120<br>Code-U-218, Price-00/-<br>Out of Stock |
| کتاب ''ریاض احادیث النبی ﷺ'' عوام الناس کے سامنے اسلامی طرز زندگی پیش کرنے اور ہمارے طلباء وقارئین کی ضرورت پوری کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ یہ کتاب آنحضرت ﷺ کے مشہور اقوال وافعال کی آئینہ دار ہے اور پڑھنے والوں پر حدیث کا تعارف اور اس کی اہمیت واضح کرتی ہے۔ اسی طرح ابتداء میں بعض ضروری نکات کی وضاحت کی گئی ہے۔ نیز بعض راویوں، چار اماموں کے حالات اور صحاح ستہ کا تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔ | **Riyaz-e-Ahadees-un-Nabi[sa]**<br>by .......<br>P.B,Pages-193, Code-U-219<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رؤیا وکشوف کا مجموعہ ہے۔ اس کتاب میں 1898ء سے لے کر 1960ء تک کے 655 رؤیاء وکشوف درج کئے گئے ہیں۔ حضورؓ کے یہ الہامات، رؤیا وکشوف مختلف جرائد، اخبارات ورسائل اور کتب میں بکھرے پڑے تھے، مصنف کتاب نے بڑی محنت اور خلوص سے یکجا کرنے کی سعادت پائی ہے فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔ رؤیاء وکشوف کا یہ مجموعہ جہاں ایک طرف حضورؓ کے بلند روحانی مقام اور قرب الٰہی کا ثبوت ہے وہاں دوسری طرف قارئین کرام کے لئے خدا تعالیٰ کی ہستی پر مضبوط یقین وزندہ ایمان اور ازدیاد علم وعرفان کے حصول کا موجب ہوگا۔ | **Ruya-o-Kushoof Seyyiduna Mahmood (ra)**<br>by Fazle Umar Foundation<br>H.B, Pages-641<br>Code-U-348, Price-265/- |















| | |
|---|---|
| کتاب ''سیرتِ طیبہ محبوبِ کبریا صلی اللہ علیہ وسلم'' ایک مقالہ ہے جو انصار اللہ مرکزیہ کے تحریری مقابلہ کے تحت لکھا گیا، جس میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں آنحضرت ﷺ کا عظیم الشان مقام ومرتبہ اور آپؐ کی سیرت طیبہ کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ کتاب ہذا 92 صفحات پر مشتمل خوبصورت ٹائٹل و پرنٹنگ کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ | **Seerat e Tayyiba Mahboob-e-Kibriya (saw)**<br>by .......<br>P.B,Pages-92, Code-U-260<br>Price-30/- |
| یہ قصیدہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آنحضرت ﷺ کی مدح میں ایک معرکۃ الآراء تصنیف ہے جو کہ کتاب 'آئینہ کمالات اسلام' کے آخر میں مندرج ہے۔ 70 اشعار پر مشتمل اس قصیدہ کی شرح اردو میں محترم مولانا جلال الدین شمس صاحبؓ نے لکھی ہے۔ اس کے متعلق حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحبؓ نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ جو شخص اس قصیدہ کو حفظ کرے گا اس کے حافظہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے برکت دی جائے گی۔ | **Sharah-AL-Qasidah**<br>by Maulana Jalaluddin Sb Shams[ra]<br>P.B,Pages-173, Code-U-229<br>Price-50/- |
| کتاب ''سوانح مصلح موعودؓ'' حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی پاکیزہ سوانح وسیرت، آپؓ کی زندگی کے اہم واقعات، آپؓ کے معجزانہ کارنامے، خلافت کی ذمہ داریوں اور تحریکات پر مشتمل ایک نہایت مختصر اور جامع خاکہ ہے جسے مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے نونہالان جماعت کی دینی تعلیم کے لئے سلیس زبان میں شائع کیا ہے تاکہ احمدی بچوں کے دلوں میں حضرت مسیح موعودؑ کے لختِ جگر کی محبت اور آپؓ کے حالات زندگی جاننے کا شوق پیدا ہو۔ | **Sawaneh Muslih-e-Mau'ud[ra]**<br>by ......<br>P.B,Pages-52, Code-U-341<br>Price-00/-<br>Out of Stock |
| کتاب ''سوانح حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ'' پہلی دفعہ اکتوبر 1979ء میں شائع ہوئی۔ موجودہ ایڈیشن ٹائپ شدہ ہے جس میں مختلف عنوان بنا کر آپؓ کی پاکیزہ سیرت وسوانح کے واقعات کی جھلکیاں پیش کی گئی ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے نظارت نشر واشاعت قادیان اس کتاب کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ | **Sawaneh Hazrat Khalifatul Masih Awwal(ra)**<br>by .......<br>P.B, Pages-31<br>Code-U-237, Price-30/- |
| یہ کتاب مجموعہ احادیث رسول کریم ﷺ پر مشتمل ہے۔ جس میں رسول کریم ﷺ کے شمائل، حلیہ مبارک، لباس، اخلاق وآداب اور زندگی کے ہر پہلو کو اجاگر کر دیا گیا ہے۔ | **Shamail-un-Nabi (saw)**<br>by Al-Hafiz Muhammad ibnu Esa ibnu Souda ibnu Moosa al-Thirmidhi<br>H.B,Pages-205, Code-U-312<br>Price-140/- |
| خدا تعالیٰ نے روزِ اوّل سے مقدر کر دیا تھا کہ جب امت محمدیہ اپنے زوال کی انتہا کو پہنچ جائے گی تو اس وقت ایک مسیح محمدی پیدا کیا جائے گا۔ وہ ایک خاص خاتون سے شادی کرے گا اور اس خاتون کے بطن سے خاص اولاد پیدا ہوگی۔ وہ ایسے نور ہوں گے جن سے قومیں راہ دیکھیں گی۔ اور دنیا کے امن کی بنیاد اُن پر رکھی جائے گی۔ پس حضرت مسیح موعودؑ کے خاندان کی سمرقند سے ہجرت کا اصلی سبب مسیح موعودؑ کا ہندوستان میں پیدا ہونا تھا اور حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہؓ کے خاندان کی بخارا سے ہجرت کا اصل باعث آپؓ کا حضرت مسیح موعودؑ کے نکاح میں آنا تھا۔ مذکورہ کتاب دنیا کی اسی ممتاز ترین خاتون کی سیرت وسوانح پر مشتمل ہے جسے تیرہ صدیاں گزرنے کے بعد مومنوں کی ماں بننے کا شرف حاصل ہوا۔ اللّٰھُمَّ نوّر مرقدھا۔ | **Seerat Hazrat Seyida Nusrat Jahan Begam Sahiba**<br>by Sheik Mahmood Ahmad Sb Irfani<br>H.B,Pages-668, Code-U-365<br>Price-290/- |













| | |
|---|---|
| **Seerat-ul-Mahdi Vol-1**<br>by Hadhrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A (ra)<br>H.B,Pages-827, Code-U-389<br>Price-00/- (Out of Stock) | صحابہ حضرت مسیح موعودؑ نے حضورؑ کو جس نظر سے دیکھا اور آپؑ کی ذات میں جس خلق عظیم کو پایا کتاب ہذا ''سیرۃ المہدی'' میں اس کا تذکرہ ہے۔ اس کے علاوہ اس مجموعہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حق میں ظاہر ہونے والے نشانات، حضورؑ کے خاندانی حالات، سلسلہ کی تاریخ کے اہم واقعات بھی شامل ہیں۔ |
| **Seerat-ul-Mahdi Vol-2**<br>by Hadhrat Mirza Bashir Ahmad Sahib M.A (ra)<br>H.B,Pages-434, Code-U-390<br>Price-00/-<br>Out of Stock | سیرۃ المہدی کی جلد ہذا حصہ چہارم اور پنجم پر مشتمل ہے۔ ان دو حصص میں بھی صحابہ حضرت مسیح موعودؑ کی بہت قیمتی روایات درج ہیں جن میں سے زیادہ تر حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب اور حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی رضی اللہ عنھما کی روایات ہیں۔ جلد ہذا میں حضرت خلیفہ اوّلؓ کی اس وصیت کا اصل کاغذ بھی شامل ہے جو حضورؓ نے اپنی مرض الموت میں آئندہ خلیفہ کے انتخاب کے بارے میں تحریر فرمائی تھی۔ حضرت ام المؤمنینؓ اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی بعض روایات بھی اس میں درج ہیں۔ |
| **Shamail-e-Muhammad$^{sa}$**<br>by .........<br>P.B,Pages-101, Code-U-259<br>Price-35/- | حضرت محمد ﷺ کی زندگی بنی نوع انسان کے لئے کامل اور حسین فطرتی نمونہ ہے۔ قیامت تک آنے والی نسل انسانی اپنی مشکلات و مسائل کا حل اور اپنی ضروریات کی تکمیل آپؐ کے اسوہ حسنہ میں پائے گی۔ آپؐ کی سیرۃ کا چمن سدا بہار ہے۔ جس میں سے کچھ پھول چن کر مصنف نے اس کتاب کی زینت بنائے ہیں۔ ان میں بیان فرمودہ واقعات قارئین کے لئے یقیناً باعث خیر و برکت ہیں۔ کتاب ہذا 101 صفحات پر مشتمل عمدہ کاغذ اور پرنٹنگ کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ |
| **Silsila Ahmadiyya Vol-1**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad $^{ra}$ M.A<br>H.B, Pages-460<br>Code-U-361, Price-230/- | حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔اےؓ نے کتاب ''سلسلہ احمدیہ'' تصنیف فرمائی ہے۔ یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی سوانح حیات، آپؑ کے دعاوی و خاندانی حالات اور جماعت احمدیہ کے عقائد، جماعت احمدیہ کی پچاس سالہ تاریخ و روشن مستقبل، اسلامی تعلیم کا مختصر خاکہ، علمی و اختلافی مسائل، جماعت احمدیہ کا نظام اور خلافت احمدیہ کی اہمیت و برکات نیز تبلیغی و تربیتی وسعت پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب ان اصحاب کے لئے نہایت مفید ہے جو سلسلہ احمدیہ کے متعلق علمی بحثوں میں پڑنے کے بغیر اس کے متعلق عام مگر مستند معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں کہ یہ سلسلہ کیا ہے اور کس غرض و غایت کے تحت قائم ہوا ہے اور اس کے مستقبل کے متعلق کیا کیا امیدیں وابستہ ہیں۔ |
| **Sidqul Masih$^{as}$**<br>by Basit Rasool Daar<br>P.B, Pages-60, Code-U-233,<br>Price-00/- Out of Stock | ایک معترض احمدیت نے خوف خدا کو بالائے طاق رکھ کر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام پر کذب بیانی کا الزام لگاتے ہوئے اعتراضات پر مشتمل ایک فولڈر شائع کیا۔ جس کے جواب میں ''صدق المسیح'' کے نام سے 60 صفحات کا ایک کتابچہ مکرم مولوی باسط رسول ڈار صاحب نے مرتب کیا ہے جسے نظارت نشر و اشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| **Sheb-e-Abi Talib Aur Safre Tayef**<br>by .......<br>P.B, Pages-36<br>Code-U-230, Price-20/- | لجنہ اماءاللہ نے صدسالہ جشن تشکر کے موقع پر احباب جماعت کی معلومات اور بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے کم ازکم سو کتب شائع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا جس کے تحت مختلف افراد کی طرف سے مرتب کردہ یا تصنیف کردہ کتب شائع کی گئیں۔ یہ کتاب ''سیرۃ وسوانح آنحضرت ﷺ شعب ابی طالب وسفر طائف'' اسی منصوبہ کی ایک کتاب ہے۔ یہ کتاب آپ ﷺ کے واقعہ شعب ابی طالب اور سفر طائف پر مشتمل ہے۔ |
| **Shri Krishan Ji aur Kalki Awtar**<br>by Maulana Burhan Ahmad Zafar<br>P.B, Pages-57,Code-U-231,<br>Price-00/- (Out of Stock) | اس کتاب میں مصنف نے شری کرشن جی کا ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ بیشتر علماء اسلام اور بزرگان امت بھی ان کو خدا کا نبی تسلیم کرتے آئے ہیں۔ اسی طرح آپ نے شری کرشن جی کی طرف منسوب کئے جانے والے الزامات سے شری کرشن جی کے دامن کو پاک وصاف کرنے کی بڑی عمدہ کوشش کی ہے۔ نیز کرشن جی کی آمد ثانی کو بیان کرتے ہوئے بین المذاہب اتحاد کی کوشش بھی کی ہے۔ |
| **Sulahaul Arab wa Abdalush Sham (Vol-1)**<br>by Muhammad Tahir Nadeem<br>P.B, Pages-581<br>Code-U-236, Price-00/-<br>Out of Stock | یہ کتاب عرب احباب کے قبول احمدیت کی روح پرور داستانوں اور ان کی دین اسلام اور نبی کریم ﷺ کے لئے غیرت، حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے محبت اور خلافت احمدیہ سے اخلاص ووفا کے تعلق سے ایمان افروز واقعات پر مشتمل ہے۔ |
| **Seerat Khatamun Nabiyyin[sa]**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad Sb[ra] M.A.<br>H.B,Pages-950, Code-U-330<br>Price-405/- | کتاب ہذا میں مصنف نے نہ صرف آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ اور اخلاق فاضلہ کے مختلف پہلوؤں پر قرآن وحدیث کی روشنی میں بحث کی ہے بلکہ تاریخ اسلام کے اہم واقعات اور حوادث کو ٹھوس تاریخی شواہد کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اس تصنیف میں مصنف نے مستشرقین اور تاریخ نویسوں کے متعصبانہ الزامات کا بھی تفصیلاً رد کیا ہے۔ |
| | |
| | |






**Sahih Bukhari**
**Vol-1-10**

by Imam Muhammad bin Ismaeel Bukhari rh

H.B, Code-U-222

Code-U-222,Vol 1-Price-280/-
Code-U-442,Vol 2-Price-00/-
(Out of Stock)
Code-U-443,Vol 3-Price-265/-
Code-U-444,Vol 4-Price-285/-
Code-U-450,Vol 5-Price-240/-
Code-U-428,Vol 6-Price-220/-
Code-U-366,Vol 7-Price-225/-
Code-U-381,Vol 8-Price-210/-
Code-U-382,Vol 9-Price-205/-
Code-U-383,Vol 10-Price-270/-

صحیح بخاری جلد 1 تا10 کے اردو ترجمہ اور شرح کا غیر معمولی کام حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحبؓ نے حضرت مصلح موعودؓ کی ہدایت اور رہنمائی میں 1926ء میں شروع کیا اور 16 مئی 1967ء تک مکمل کرلیا۔نظارت نشر واشاعت قادیان سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے

**Sahih Muslim**
**Vol-1-15**


by Abul Hussain Muslim Bin Hajjaj Bin Muslim Alqasheeri


H.B,

Code-U-429,Vol 1-Price-170/-
Code-U-430,Vol 2-Price-170/-
Code-U-431,Vol 3-Price-205/-
Code-U-445,Vol 4-Price-105/-
Code-U-446,Vol 5-Price-100/-
Code-U-432,Vol 6-Price-160/-
Code-U-433,Vol 7-Price-130/-
Code-U-434,Vol 8-Price-135/-
Code-U-435,Vol 9-Price-130/-
Code-U-436,Vol 10-Price-120/-
Code-U-437,Vol 11-Price-125/-
Code-U-438,Vol 12-Price-120/-
Code-U-439,Vol 13-Price-155/-
Code-U-306,Vol-14-Price-135/-
Code-U-294Vol-15-Price-145/-


نور فاؤنڈیشن لندن کی طرف سے ابوالحسین مسلم بن حجاج بن مسلم القشیری کی مرتب کردہ صحیح مسلم کا اردو ترجمہ تیار کیا گیا ہے، جسے امام مسلم نے تین لاکھ احادیث میں سے کڑی جانچ پڑتال کے بعد مکمل کیا تھا۔اس ترجمہ کو 15 جلدوں میں شائع کیا گیا ہے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے یہ ترجمہ مکمل کیا گیا ہے۔ جماعت احمدیہ میں علم حدیث کی ترویج اور اشاعت کے لئے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت حاجی الحرمین حکیم مولوی نورالدین خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے نام پر نور فاؤنڈیشن کا قیام فرمایا۔اس مجموعہ کی تمام جلدوں کے آخر پر آیات قرآنیہ، اطراف الحدیث، مضامین، اسماء، مقامات اور کتب کا تفصیلی انڈیکس بھی دیا گیا ہے۔















| | |
|---|---|
| کتاب 'ابن ماجہ' کا شمار صحاح ستہ میں ہوتا ہے۔جلد اوّل میں احادیث کے جو باب باندھے گئے وہ کافی اہمیت کے حامل ہیں۔سنت کی پیروی، حدیث کی تعظیم، جھوٹ و بدعت سے پرہیز، تقدیر، فضائل صحابہ، قرآن کے سیکھنے کی فضیلت، کتاب الطہارۃ وسننھا، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الآذان، کتاب المساجد و الجماعات پر احادیث پیش کی گئی ہیں۔ | **Sunan Ibne Maja V-1**<br>by Al Hafiz Abi Abdullah Muhammad<br>H.B, Pages-486<br>Code-U-329, Price-225/- |
| حضرت مرزا بشیر احمدؓ صاحب ایم۔اے نے متلاشیان حق کے لئے ایک جامع اور مبسوط کتاب تصنیف فرمائی ہے، جس میں تحقیق کا طریق، ایمان کی حقیقت وعلامت، نزول مسیح اور ظہور مہدی، مسیح ومہدی کی علامات، مسیح موعود کا کام اور دعویٔ نبوت پر قرآن وحدیث کی روشنی میں مکمل بحث کی گئی ہے۔ | **Tableegh-e-Hidayat**<br>by Hadhrat Mirza Basheer Ahmad ra M.A<br>P.B, Pages-265<br>Code-U-239, Price-65/- |
| جماعت احمدیہ کے اشدترین مخالف منشی محمد یعقوب صاحب نے نہایت مشقت اور جانفشانی کے بعد جماعت احمدیہ پر اعتراضات پر مشتمل ایک کتاب ''عشرہ کاملہ'' شائع کی، جس میں مخالفین سلسلہ عالیہ احمدیہ مولوی ثناء اللہ امرتسری، پیر بخش لاہوری اور مولوی محمد حسین بٹالوی وغیرہ کے اعتراضات کو جمع کر دیا ہے۔اس کتاب میں کچھ نئے اعتراضات نہیں تھے بلکہ انہی اعتراضات کو دہرایا گیا تھا جن کا جواب جماعت احمدیہ بارہا دے چکی ہے لیکن عوام الناس ان اعتراضات کو یکجائی صورت میں پا کر اسکو اہمیت دے رہے تھے مزید یہ کہ مصنف کتاب نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ ''عشرہ کاملہ کا جواب امت مرزائیہ قیامت تک نہیں دے سکتی'' اس پر طرہ یہ کہ اس کے جواب کے لئے ایک ہزار روپیہ کے انعام کا بھی اعلان کیا۔چنانچہ اس کتاب کا جواب حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھریؒ نے تیار کیا جسکا نام حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے ''تفہیمات ربانیہ'' رکھا۔ | **Tafheemate Rabbaniyya**<br>by Hadhrat Moulana Abul Ata Jalandhary (rh)<br>H.B, Pages-831<br>Code-U-285, Price-00/-<br>Out of Stock |
| دعوت الی اللہ کا سفر کوئی آسان سفر نہیں ہے لیکن اس راہ میں اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت جس معجزانہ رنگ میں شامل رہتی ہے، محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب نے اسکی دلچسپ داستان کے کچھ حصے کو اس کتاب میں بیان کیا ہے۔ گویا دریا کو کوزہ میں بند کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔اور ایمان افروز واقعات کی اس رنگ میں سیر کروائی گئی ہے گویا ہر واقعہ پر دل اللہ تعالیٰ کی حمد سے پُر ہو جاتا ہے۔ | **Tableeghi Maidan Me Taaeedat-e-Ilahi ke Eman Afroz Waqiaat**<br>by Maulana Ataul Mujeeb Sb Rashid<br>P.B, Pages-48,Code-U-240, Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ کتاب مرکزی کمیٹی خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی 2008(.....) کی طرف سے شائع کردہ ہے۔2008ء میں خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی راہنمائی میں جماعتوں نے خدا تعالیٰ کی حمد وثناء شکر اور عبادات ومناجات وخدمت خلق پر مشتمل جو دینی وتربیتی پروگرام وتقاریب منعقد کیں اور احباب جماعت نے نظمیں وغیرہ لکھیں اور ان تقاریب کے انعقاد پر احباب نے جن جذبات اور تاثرات کا اظہار کیا اُن کو اس کتاب میں قلمبند کیا گیا ہے۔ | **Tassurate Khilafat Jublie 2008**<br>by Nazarat Nashr-o-Isha'at<br>H.B, Pages-550<br>Code-U-307, Price-255/- |
| حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبات وخطابات میں تلاوت قرآن کریم کی اہمیت وبرکات کی طرف بارہا توجہ دلائی ہے۔حضور انور کے انہی بابرکت ارشادات سے استفادہ کرتے ہوئے مکرم مولانا برہان احمد ظفر صاحب نے بڑی محنت سے اس کتاب کو مرتب کیا ہے اور نظارت نشر واشاعت قادیان حضور انور کی اجازت سے اس کتاب کو شائع کر رہی ہے۔ | **Tilawat-e-Quran Majeed Ki Ahmiyat wa Barkat**<br>by Burhan Ahmad Zafar Duraani<br>P.B, Pages-115<br>Code-U-245, Price-30/- |

















| | |
|---|---|
| اکتوبر 1997ء میں بنگلور (کرناٹک) سے شائع ہونے والے ایک مخالف احمدیت اخبار ''سالار'' نے مولوی محمد شعیب اللہ مفتاحی صاحب دیوبندی کی طرف سے جماعت احمدیہ اور بانی جماعت احمدیہ کے خلاف نہایت گندے مضامین شائع کئے تھے۔ جماعت احمدیہ بنگلور کے ایک احمدی مکرم محمد عظمت اللہ صاحب قریشی نے ان مضامین کے جو جوابی مضامین لکھ کر اخبار مذکور کو بغرض اشاعت بھجوائے تھے یہ کتاب انہی جوابی مضامین پر مشتمل ہے۔ | **Tahqeeqi Jawab**<br>by Mohammad Azmatulla Quraishi<br>P.B,Pages-48, Code-U-331<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| تاریخ احمدیت کی تدوین کا آغاز حضرت مصلح موعودؓ کی خصوصی تحریک اور روحانی توجہ کی بدولت جون 1953ء میں ہوا۔ اس کی پہلی جلد دسمبر 1958ء میں سامنے آئی۔ اب تک 19 جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ نظارت نشر و اشاعت قادیان سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے انہیں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ | **Tarikh-e-Ahmadiyyat Vol 1-19**<br>by ......<br>H.B, Code-U-242,<br>Price-2260/- |
| تاریخ احمدیت جلد 21 میں سلسلہ احمدیہ کے 1960ء تا 1962ء کے حالات و واقعات مندرج ہیں۔ تاریخ احمدیت کا یہ جدید ایڈیشن موجودہ دور کے تقاضوں کے پیش نظر ترمیمات، اضافوں نیز انڈیکس کے ساتھ کمپوز کر کے شائع کیا جا رہا ہے۔ جلد ھذا اس عرصہ کے اہم واقعات مثلاً گیمبیا اور آئیوری کوسٹ احمدیہ مشن کا قیام، نصرت جہاں آگے بڑھو سکیم کا اجراء، حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ کی جنرل اسمبلی کی صدارت کے علاوہ متعدد جلیل القدر صحابہ حضرت مسیح موعودؑ حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحبؓ، حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحبؓ اور حضرت سیٹھ عبداللہ الہ دین صاحبؓ حیدرآباد دکن کی وفات، جماعت احمدیہ عالمگیر کی تبلیغی و تربیتی سرگرمیوں نیز بیرونی مشنز کی کارکردگی کی تفاصیل پر مشتمل ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جلد کی اشاعت کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین | **Tarikh-e-Ahmadiyyat Vol-21**<br>by ......<br>H.B, Pages-710<br>Code-U-324, Price-280/- |
| تاریخ احمدیت جلد 22 میں سلسلہ احمدیہ کے 1963ء اور 1964ء کے حالات و واقعات درج ہیں۔ جلد ھذا حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے مختلف مواقع پر دیئے گئے پیغامات، خلافت ثانیہ کی پچاس سالہ تقریب، اجتماعات، جماعتی ترقیات، افراد جماعت کی خلافت سے اطاعت و وفا کا ایمان افروز تذکرہ، حضرت مسیح موعودؑ کی کتب ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' اور ''ایک غلطی کا ازالہ'' پر حکومتی پابندی اور اس کا ردعمل، ڈاکٹر عبدالسلام صاحب اور حضرت سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ کی عالمی شہرت، حضرت مرزا بشیر احمد ایم۔اےؓ، حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکیؓ اور حضرت قاضی محمد یوسف صاحبؓ کی وفات، جماعت احمدیہ عالمگیر کی تبلیغی و تربیتی سرگرمیوں نیز بیرونی مشنز کی کارکردگی کی تفاصیل پر مشتمل ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جلد کی اشاعت کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین | **Tarikh-e-Ahmadiyyat Vol-22**<br>by ......<br>H.B, Pages-817<br>Code-U-325, Price-310/- |
| قادیان جماعت احمدیہ عالمگیر کا دائمی مرکز ہے۔ تقسیم ملک کے بعد قادیان اور ہندوستان میں احمدیت کی تاریخ مرتب کرنے کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی تاکہ تقسیم ملک سے لے کر اب تک کے حالات و واقعات اور جماعتی تاریخ کو ایک جگہ مستند طور پر جمع کیا جا سکے۔ چنانچہ اس غرض کیلئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے شعبہ تاریخ احمدیت بھارت کے نام سے ایک شعبہ قائم کرنے کی از راہ شفقت منظوری عطاء فرمائی اور مکرم مولانا محمد حمید کوثر صاحب کو اس کا انچارج مقرر فرمایا۔ اس شعبہ کے تحت سال 1947ء کے حالات پر مشتمل ''تاریخ احمدیت بھارت'' کی پہلی جلد سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے طبع کی جا رہی ہے۔ | **Tarikhe Ahmadiyyat Bharat Vol-1 (Qadian)**<br>by Nazarat Nashr-o-Isha'at<br>H.B, Pages-367<br>Code-U-423, Price-350/- |
| 'اردو کے ابتدائی قواعد' جامعہ احمدیہ میں داخلہ لینے والے ان طلباء کے لئے بہترین کتاب ہے جو ہندوستان کے مختلف صوبہ جات سے آتے ہیں جہاں اردو زبان سے واقفیت نہیں ہوتی۔ اس کتاب میں اردو زبان کے ابتدائی قواعد سکھانے کا نہایت آسان طریقہ بتایا گیا ہے۔ اس کتاب میں تذکیر و تانیث، واحد و جمع وغیرہ کے قواعد کے علاوہ متضاد الفاظ، ابجد کے اعداد، محاورات وغیرہ کے ذریعہ اردو سکھانے کی بہترین کوشش کی گئی ہے۔ | **Urdu ke Ibtidaaee Qawaaed**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-89<br>Code-U-314, Price-50/- |
| ''اردو کی کتاب اوّل'' جامعہ احمدیہ میں داخلہ لینے والے ان طلباء کے لئے بہترین کتاب ہے جو ہندوستان کے مختلف صوبہ جات سے آتے ہیں جہاں اردو زبان سے واقفیت نہیں ہوتی۔ اس کتاب میں نہایت آسان طریقہ اردو زبان سکھانے کا بتایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ارشادات، حکایات اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں خط کے ذریعہ اس کتاب میں اردو سیکھنے کا دلکش انداز بتایا گیا ہے۔ | **Urdu ki Kitab-e-Awwal**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-45<br>Code-U-321, Price-30/- |





















| | |
|---|---|
| ’اردو کی کتابِ دوم‘ جامعہ احمدیہ کے طلباء کو اردو سکھانے کے سلسلہ کی دوسری کتاب ہے۔اس کتاب میں سبق آموز حکایات کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کا طریق بتایا گیا ہے۔ان حکایات کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کے پہلو کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔علاوہ ازیں اردو کے الفاظ کے درست تلفظ، مفہوم اور مطلب کی جانب بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ | **Urdu ki Kitab-e-Dom**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-72<br>Code-U-315, Price-40/- |
| ’’اردو کی کتاب سوم‘‘ جامعہ احمدیہ کے طلباء کو اردو سکھانے کے سلسلہ کی تیسری کتاب ہے۔اس کتاب میں مصنف کتاب نے اپنے تجربہ کی بناء پر ایسی آٹھ ہدایات تحریر فرمائی ہیں کہ جن کو ملحوظ رکھنے سے طلباء چھ ماہ میں اردو سیکھ سکتے ہیں۔اس کتاب میں واقعات احادیث، سبق آموز حکایات، حضرت مسیح موعودؑ کی نظموں کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ان حکایات وغیرہ کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کے پہلو کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔علاوہ ازیں اردو کے الفاظ کے درست تلفظ، مفہوم اور مطلب کی جانب بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ | **Urdu ki Kitab-e-Som**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-111<br>Code-U-316, Price-50/- |
| ’’اردو کی کتاب چہارم‘‘ جامعہ احمدیہ کے طلباء کو اردو سکھانے کے سلسلہ کی چوتھی کتاب ہے۔اس کتاب میں مصنف کتاب نے اپنے تجربہ کی بناء پر ایسی آٹھ ہدایات تحریر فرمائی ہیں کہ جن کو ملحوظ رکھنے سے طلباء چھ ماہ میں اردو سیکھ سکتے ہیں۔اس کتاب میں اللہ تعالیٰ کی ہستی، آنحضرت ﷺ اور آپ ﷺ کے خلفاء، حضرت مسیح موعودؑ اور آپؑ کے خلفاء و صحابہ کی سیرت کے علاوہ تربیتی مضامین و نظموں کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کی بہترین کوشش کی گئی ہے۔ان حکایات وغیرہ کے ذریعہ طلباء کو اردو سکھانے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت کے پہلو کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ | **Urdu ki Kitab-e-Chaharam**<br>by Muhammad Hameed Kousar<br>P.B, Pages-189<br>Code-U-320, Price-80/- |
| یہ مکرم ڈاکٹر شمیم احمد صاحب شعبہ وقف نو کا مرتب کردہ قاعدہ ہے جو اردو سیکھنے کے لئے بہت مفید اور آسان ہے۔اس میں اردو کے حروف اور تلفظ سیکھنے کے لئے تصاویر بھی دی گئی ہیں۔قواعد کے ساتھ پڑھنے اور لکھنے کی کافی مشق کروائی گئی ہے۔اسی طرح حروف جوڑنے کا طریق بھی بتایا ہے۔الغرض اردو کے مفرد اور مرکب حروف اور تلفظ سیکھنے کے لئے بہت عمدہ قاعدہ ہے۔قاعدہ ہذا 60 صفحات پر مشتمل ہے۔ | **Urdu ka Aasan Qaida**<br>by Dr Shameem Ahmad<br>P.B, Pages-60<br>Code-U-262, Price-90/- |
| کتابچہ ’’عذرِ گناہ‘‘ ایک تبصرہ ہے جس میں پاکستان کی شرعی عدالت کی حیثیت اور طریق کار کے علاوہ اس بنیادی سوال پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے کہ جہاں تک آزادئ ضمیر اور بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کا تعلق ہے شرعی عدالت کے فیصلہ کے باوجود حکومت پاکستان کے قابل نفرین رویہ کا جواب ثابت نہیں ہوتا۔ | **Uzr-e-Gunah**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B, Pages-29<br>Code-U-248, Price-15/- |
| مصنف نے اس کتاب میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ارشاد پر احادیث نبویہؐ کی روشنی میں حضرت نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے مختلف روشن پہلوؤں کو بڑی خوش اسلوبی سے ترتیب دیا ہے۔موصوف نے مختلف عناوین باندھ کر آنحضرت ﷺ کے اُسوہ کو اس کتاب میں تحریر کیا ہے۔گو ان میں سے ہر عنوان الگ باب اور الگ کتاب ہے لیکن موصوف نے بہت اچھے انداز میں ان عناوین پر الگ الگ مضامین تحریر کر کے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔یہ کتاب جہاں آنحضرت ﷺ کے اُسوہ کے بارہ میں ازدیادِ علم کا باعث بن کر آپ ﷺ کی محبت کو دلوں میں جنبش دینے والی ہے وہاں آپ ﷺ کی سیرت پر روشنی ڈالنے کے لئے تقریر و تحریر کے لئے بھی اس کتاب میں بہت اہم اور مفید مواد موجود ہے۔ | **Uswa-e-Insane Kaamil**<br>by Nazarat Nashr-o-Isha'at<br>H.B, Pages-708, Code-U-247<br>Price-305/- |
| یہ کتاب امام مہدیؑ کے بارہ میں مرتب کی گئی ہے۔اس میں آیاتِ قرآنیہ، احادیث نبویہ اور بزرگانِ سلف کے اقوال کو جمع کیا گیا ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ امام مہدیؑ کا ظہور چودھویں صدی ہجری میں ہی ہونا مقدر تھا اور ان بشارتوں کے موافق ایسا ہی ظہور میں آیا۔اور یہ سب علامات حضرت بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانیؑ کے مبارک وجود میں پوری ہو چکی ہیں۔ | **Zahoor-e-Imam Mahdi**<br>by .......<br>P.B, Pages-97<br>Code-U-257, Price-35/- |

# English Books














| | |
|---|---|
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی عربی تصنیف 'تحفۃ الندوہ' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ سیدنا حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود ومہدی معہود علیہ السلام نے اس مختصر اور جامع رسالہ میں علماء ندوہ کو مخاطب کرتے ہوئے حافظ محمد یوسف صاحب کے اس غلط نظریہ کا کہ جھوٹے مدعیان نبوت بھی اپنے دعویٰ کی تشہیر کے ساتھ 23 سال سے زیادہ لمبی زندگی پاسکتے ہیں اور ان کا مشن بھی کامیاب ہوسکتا ہے، مدلل اور مسکت جواب دیا۔ آپؑ نے اس نظریہ کے مفاسد اور نقصانات کو ظاہر فرمایا اور دلائل قاطعہ سے یہ ثابت فرمایا کہ ایسا نظریہ واضح طور پر اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے۔ نیز یہ کہ مامورین کی فتح وکامرانی اپنی ذات میں ہی ایک بڑا اعجاز ہے۔ اور ان کی سچائی پر ایک زبردست الٰہی نشان ہے۔ یہ رسالہ 16 اکتوبر 1902ء کو پہلی بار طبع ہوا۔ نظارت نشر واشاعت قادیان نے اس کا انگریزی ترجمہ 36 صفحات پر مشتمل افادۂ عام کیلئے شائع کیا ہے۔ | **A Gift for An-Nadwah**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages- 36<br>Code-E-80, Price-20/- |
| سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنی وفات سے ایک دن قبل 25 مئی 1908ء کو ایک مضمون تحریر فرمایا جس میں قیام امن کے لئے سنہری اصول بیان فرمائے اور فرمایا کہ اگر اقوام عالم ان پر حقیقی رنگ میں عمل پیرا ہوں تو ہمیشہ کے لئے پوری دنیا میں اتحاد اور امن وسلامتی قائم ہوسکتی ہے۔ حضورؑ کا یہ مضمون ''پیغام صلح'' کے نام سے شائع ہوا۔ اس کے متعدد اردو اور انگلش ترجمہ کے ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں۔ موجودہ انگلش ایڈیشن 47 صفحات پر مشتمل عمدہ ٹائٹل وطباعت کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ | **A Message of Peace**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-50<br>Code-E-1, Price-20/- |
| یہ کتابچہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحبؒ کے 1982ء کے ایک خطاب پر مشتمل ہے۔ اس میں حضورؒ نے کائنات کی تخلیق، زندگی کے ارتقاء اور بالآخر انسان کی پیدائش پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ بیان کیا ہے کہ ارتقاء کے ہر مرحلہ میں اور ہر فرد کے زندہ خلیے میں ایک مکمل عدل کا اصول کارفرما نظر آتا ہے۔ | **Absolute Justice, Kindness and Kinship**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV[rh]<br>P.B, Pages- 149, Code-E-4,<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی تصنیف 'رازِ حقیقت' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ یہ رسالہ 1898ء میں شائع ہوا تھا۔ اس رسالہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے حضرت عیسیٰؑ کے صحیح حالات زندگی درج فرمائے ہیں اور ان کے صلیب پر سے زندہ اتارے جانے اور سفر کشمیر اختیار کرنے اور سری نگر محلہ خانیار میں ان کی قبر کے موجود ہونے پر روشنی ڈالی ہے اور ان کے مزار کا نقشہ بھی دیا ہے۔ مولوی محمد حسین بٹالوی نے اپنی عربی دانی کا سکہ جمانے کے لئے حضرت مسیح موعود کے ایک عربی الہام اتعجب لامری پر یہ اعتراض کیا تھا کہ عجب کا صلہ لام نہیں آتا، اس کا نہایت معقول اور مدلل جواب دیا۔ اس سے مولوی محمد حسین کی علمی پردہ دری ہوئی جس کی وجہ سے اس نے آپؑ کے خلاف گورنمنٹ کے پاس بہت سی شکایات کرکے اور گمراہ کن اطلاعات پہنچا کر غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی۔ | **A Hidden Truth**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-60, Code-E-100<br>Price-30/- |
| سیدنا حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود ومہدی معہود علیہ السلام نے براہین احمدیہ کا پہلا اور دوسرا حصہ 1880ء میں تصنیف فرمایا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب دیگر تمام مذاہب اور مذہبی تحریکوں نے اسلام اور بانیٔ اسلام کے خلاف صدہا کتابیں شائع کیں اور اسلام کو اپنے اعتراضات کا نشانہ بنایا ہوا تھا۔ گویا اسلام دشمنوں کے نرغہ میں گھر کر رہ گیا تھا۔ ان سب تحریکوں کا مقصدِ واحد اسلام کو کچل ڈالنا اور قرآن مجید اور بانیٔ اسلام کی صداقت کو دنیا کی نگاہوں میں مشتبہ کرنا تھا۔ ایسے وقت میں خود مسلمان کہلانے والے بے بس ہوکر اسلام سے برگشتہ ہو رہے تھے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے براہین احمدیہ تصنیف فرما کر اسلام کے زندہ مذہب ہونے کو دلائل قاطعہ سے ثابت کیا اور اسکے مقابل اپنی مذہبی کتب سے دلائلِ صداقت پیش کرنے والے تمام نمائندگانِ مذاہب کو -/10,000 روپئے کا انعامی چیلنج دیا جس کے پیش کرنے سے تمام اہل مذاہب عاجز آگئے۔ براہین احمدیہ کا پہلا انگریزی ترجمہ 2012ء میں U.K سے شائع ہوا۔ نظارت نشر واشاعت قادیان نے 149 صفحات پر مشتمل یہ انگریزی ترجمہ عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد کے ساتھ شائع کیا ہے۔ | **Barahin-e-Ahmadiyya Vol 1-2**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-149<br>Code-E-84, Price-125/- |

















| | |
|---|---|
| یہ براہین احمدیہ حصہ چہارم کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس میں حضرت مسیح موعودؑ نے کلام الٰہی کی ضرورت پر اور اس بات کے اثبات پر نہایت ہی پُرمعرفت روشنی ڈالی ہے کہ حقیقی اور کامل ایمان اور معرفت جس کو اپنی نجات کے لئے اس دنیا میں حاصل کرنا چاہئے بجز کلام الٰہی غیر ممکن ہے اور اسی ضمن میں برہموؤں،فلسفیوں اور نیچریوں کے بہت سے خیالات کا ردّ فرمایا ہے۔ براہین احمدیہ حصہ چہارم روحانی خزائن جلد 1 کے صفحہ 314 تا673 پر مشتمل ہے۔نظارت نشر واشاعت قادیان نے 359 صفحات پر مشتمل یہ انگریزی ترجمہ عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد کے ساتھ شائع کیا ہے۔ | **Barahin-e-Ahmadiyya Vol 4**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-359<br>Code-E-102, Price-200/- |
| اس کتابچہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے سرسید احمد خان کے اس نظریہ کا رد فرمایا ہے کہ قبولیت دعا کوئی چیز نہیں ہے اور دعا صرف ایک عبادت سے بڑھ کر کچھ چیز نہیں ہے۔کتابچہ کے دوسرے حصہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے سرسید احمد خان کی ایک اور کتاب ’اصول التفسیر‘ کے ضمن میں قرآن مجید کی تفسیر کے رہنما اصول پیش فرمائے ہیں۔یہ آپؑ کی تصنیف ’برکات الدعا‘ کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **Blessings of Prayer**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B, Pages-72, Code-E-9, Price-40/- |
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب ’تجلیاتِ الٰہیہ‘ کا انگریزی ترجمہ ہے جو معرفت الٰہی اور روحانی بصیرت کے اہم موضوع پر مشتمل ہے۔ کتاب کا آغاز حضور علیہ السلام کی زلزلوں کی بابت پیشگوئیوں کے پورا ہونے کے بیان سے ہوا ہے۔اور اسی طرح اس میں آئندہ ہونے والی پانچ ہولناک تباہیوں کی پیش خبری بھی کی گئی ہے۔اسی ضمن میں حضور علیہ السلام نے الٰہی عذاب کی فلاسفی کو بھی بیان فرمایا ہے۔الٰہی اور شیطانی خوابوں میں مابہ الامتیاز،عبداللہ آتھم کی پیشگوئی کے پورا ہونے کا بیان اور جماعت احمدیہ کی عالمگیر قبولیت اور ترقی جیسے موضوعات بھی کتاب ہذا میں بیان ہوئے ہیں۔ | **Divine Manifestations**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages- 38<br>Code-E-76, Price-20/- |
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب ’توضیح مرام‘ کا انگریزی ترجمہ ہے۔تصنیف ہذا میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے اس رسمی عقیدہ کا بالتفصیل ردّ کیا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ بجسد ہ العنصری آسمان کی طرف اٹھائے گئے اور آخری زمانہ میں اسی جسد عنصری کے ساتھ آسمان سے نازل ہوں گے۔حضورؑ نے اس کتاب میں ملائکہ یعنی فرشتوں کے بارے میں بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ | **Elucidation of Objectives**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-81,Code-E-16, Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب ’چشمۂ مسیحی‘ کا انگریزی ترجمہ ہے۔سیدنا حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود ومہدی معہود علیہ السلام نے یہ معرکۃ الآراء کتاب 1906ء میں عیسائیوں کی ایک مشہور کتاب ینابیع الاسلام کے جواب میں تصنیف فرمائی۔ینابیع الاسلام کے مصنف نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ قرآن کریم میں کوئی نئی تعلیم نہیں بلکہ آنحضرت ﷺ نے (نعوذ باللہ) گزشتہ انبیاء کی کتب سے سرقہ کرکے قرآن شریف کو مرتب کیا ہے۔حضور علیہ السلام نے اس کا جواب دیتے ہوئے ثابت فرمایا ہے کہ قرآن مجید کامل بے نظیر اور لاریب خدا کا کلام اور زندہ معجزہ ہے۔اور اس میں مذکورہ گزشتہ قصے پیشگوئیوں کا رنگ رکھتے ہیں۔حضورؑ نے حقیقی نجات پر بصیرت افروز روشنی بھی ڈالی ہے۔کتاب ہذا کا پہلا انگریزی ترجمہ 1970ء میں شائع ہوا اور نظارت نشر واشاعت قادیان نے 76 صفحات پر مشتمل ترجمہ کا ایڈیشن پہلی بار عمدہ کاغذ اور پرنٹنگ کے ساتھ افادہ عام کے لئے شائع کیا ہے۔ | **Fountain of Christianity**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages- 76<br>Code-E-83, Price-30/- |


















| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی معرکۃ الآراء کتاب ''مسیح ہندوستان میں'' کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس کتاب میں حضرت مسیح موعودؑ نے تحقیقی اور علمی رنگ میں قُرآن مجید،احادیث،تاریخ،بائبل ،دیگر مذہبی کتب ،اسلامی لٹریچر،آثار قدیمہ وغیرہ کے شواہد سے حضرت مسیح ابن مریم کے واقعہٴ صلیب کے بعد کشمیر کی طرف ہجرت کرنے اور وہیں پر اُن کا مدفن ہونے کے سلسلہ میں جامع اور مستند دلائل بیان فرمائے ہیں ۔ برصغیر کے بعض محققین نے اس کتاب کو بنیاد بنا کر اس موضوع پر کتب تحریر کی ہیں اور اپنی کتب میں اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔قاری کے لئے اس کا مطالعہ اس موضوع پر نہ صرف علم کے اضافہ کا باعث ہے بلکہ تحقیقی موادفراہم کرنے کا بھی باعث ہے۔ | **Jesus[as] in India**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-176, Code-E-28<br>Price-55/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی سن 1902ء میں تحریر فرمودہ کتاب ''کشتی نوح'' کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس میں حضورؑ نے اپنی تعلیمات کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے یہ بیان فرمایا ہے کہ جو شخص بھی ان تعلیمات کی حقیقی معنوں میں پیروی کرے گا وہ بغیر طاعون کا ٹیکہ لگوائے معجزانہ طور پر طاعون سے بچایا جائے گا۔ یہ وہ پیشگوئی تھی جس کی خبر اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو دی۔تاریخ اس پیشگوئی کے واضح طور پر پورا ہونے پر شاہدِ ناطق ہے۔ | **Noah's Ark**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-151, Code-E-94<br>Price-55/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بصیرت افروز خطاب ''جلسۂ دعا'' بیان فرمودہ مورخہ 2 رفروری 1900ء کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس خطاب میں حضورؑ نے سورۃ الناس کی لطیف تفسیر بیان کرتے ہوئے حاضرین کو گورنمنٹ برطانیہ کے تئیں ان کے فرائض کی یاد دہانی کروائی اور گورنمنٹ کے ان احسانات کا ذکر فرمایا جو اس نے مختلف طور پر کئے۔ | **Proceedings of the Prayer Meeting**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-59, Code-E-97<br>Price-30/- |
| یہ کتاب توحید وصفات باری تعالیٰ ،رسالتِ انبیاء، مقامِ خاتم النّبیّن رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن مجید کی اعلیٰ وارفع شان، جماعت احمدیہ کے عقائد اور مستقبل اور اسلامی تعلیمات پر مشتمل حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی منتخب تحریرات کا مجموعہ ہے جو پہلی بار جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی پر شائع ہوا تھا۔موجودہ ایڈیشن ۹۹ صفحات پر مشتمل اردو متن اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ دیدہ زیب ٹائٹل اور عمدہ پرنٹنگ میں نظارت نشر واشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ | **Selections from the Writings of the Promised Messiah[as]**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-99<br>Code-E-43, Price-35/- |
| اس کتاب میں حضرت مسیح موعودؑ نے ایک عیسائی عبداللہ جیمز کے تین سوالات کا تفصیلاً جواب دیا ہے۔وہ تین سوالات یہ ہیں: 1۔کیا نبی اسلام آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی نبوت کے متعلق کسی شبہ میں مبتلا تھے؟ 2۔کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی معجزہ دکھایا؟ 3۔کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم غیب حاصل تھا؟ یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب ''ایک عیسائی کے تین سوال اور ان کے جوابات'' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **Three Questions by a Christian and their Answers**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-82, Code-E-62<br>Price-25/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی معرکۃ الآراء کتاب 'ضرورت الامام' کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس میں امام کی ضرورت اور اللہ کی طرف سے آنے والے ہادی میں موجود خوبیوں اور امتیازی علامات پر گہری روشنی ڈالی گئی ہے۔نیز یہ بیان کیا گیا ہے کہ مامور زمانہ ہونے اور وحی الٰہی سے مشرف ہونے کے لحاظ سے کس طرح یہ خوبیاں اور علامات مصنف کتاب کے وجود باجود میں پوری طرح متحقق ہیں۔ | **The need for The Imam**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>H.B, Pages-88<br>Code-E-55, Price -35/- |














| | |
|---|---|
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب 'معیار المذاھب' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ سیدنا حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اس مختصر مگر جامع رسالہ میں فطرتی معیار کے لحاظ سے مختلف مذاہب کا موازنہ کیا ہے۔ خصوصاً آریہ مذہب اور عیسائی مذہب اور اسلام کی خدا تعالیٰ کے متعلق تعلیم کا موازنہ کر کے بتایا ہے کہ صحیح اور عین فطرت کے مطابق عقیدہ وہی ہے جو اسلام نے پیش کیا ہے اور ایک حیرت انگیز رنگ میں آپؑ نے دوسرے مذاہب پر اسلامی تعلیم کی برتری اور فوقیت کو ثابت کیا ہے۔ یہ جامع رسالہ 1895ء میں پہلی بار اردو میں طبع ہوا اس کا پہلا انگریزی ترجمہ 2007ء میں یو کے سے شائع ہوا۔ نظارت نشر و اشاعت قادیان نے 42 صفحات پر مشتمل موجودہ ایڈیشن عمدہ کاغذ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ | **The criterion for religions**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-42<br>Code-E-49, Price-20/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب "عصمت انبیاء" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اردو میں یہ مضمون ریویو آف ریلیجنز کے اردو شمارہ مئی 1902ء میں شائع ہوا تھا۔ اس کا اصل مسودہ حضورؑ کے دست مبارک سے تحریر فرمودہ ہے۔ یہ مضمون روحانی خزائن جلد 18، صفحہ 653 تا صفحہ 700 میں شامل کیا گیا ہے۔ اس میں حضورؑ نے نجات کس طرح مل سکتی ہے اور اس کی حقیقی فلاسفی کیا ہے؟ کے مضمون پر نہایت پر معارف روشنی ڈالی ہے۔ | **The honour of Prophets**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-47<br>Code-E-103, Price-35/- |
| یہ حضرت مسیح موعودؑ کی ایک تقریر "احمدی اور غیر احمدی میں کیا فرق ہے؟" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ ۲۶/دسمبر ۱۹۰۵ء کی صبح کو مہمان خانہ جدید کے بڑے ہال میں احباب کا ایک بڑا جلسہ اس غرض کے لیے منعقد ہوا تھا کہ مدرسہ تعلیم الاسلام کی اصلاح کے سوال پر غور کریں۔ اس میں بہت سے بھائیوں نے مختلف پہلوؤں پر تقریریں کیں۔ ان میں سے ایک بھائی نے اپنی تقریر میں کہا کہ جہاں تک میں جانتا ہوں حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سلسلہ اور دوسرے مسلمانوں میں صرف اس قدر فرق ہے کہ وہ مسیح ابن مریمؑ کا زندہ آسمان پر جانا تسلیم کرتے ہیں اور ہم یقین کرتے ہیں کہ وہ وفات پا چکے ہیں اس کے سوا اور کوئی نیا امر ایسا نہیں جو ہمارے اور ان کے درمیان اصولی طور پر قابل نزاع ہو۔ اس سے چونکہ کامل طور پر سلسلہ کی بعثت کی غرض کا پتہ نہ لگ سکتا تھا بلکہ ایک امر مشتبہ اور کمزور معلوم ہوتا تھا۔ اس لیے ضروری امر تھا کہ آپؑ اس کی اصلاح فرماتے، چونکہ اس وقت کافی وقت نہ تھا اس لیے ۲۷ دسمبر کو بعد نماز ظہر و عصر آپؑ نے مناسب سمجھا کہ اپنی بعثت کی اصل غرض پر کچھ تقریر فرمائیں۔ آپؑ کی طبیعت بھی ناساز تھی تاہم محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپؑ نے یہ تقریر فرمائی۔ | **The advent of the Promised Messiah (as)**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-53<br>Code-E-104, Price-30/- |
| ملفوظات سے مراد حضرت مسیح موعودؑ کا وہ پاکیزہ کلام ہے جو حضورؑ نے اپنی مجالس میں یا جلسہ سالانہ کے اجتماعات میں اپنے اصحاب کے تزکیہ نفس، ان کی روحانی اور اخلاقی تربیت اور قرآن کریم کے علم و حکمت کی تعلیم ہونے نیز احیاء اسلام اور قیام شریعت کے متعلق وقتاً فوقتاً ارشاد فرمایا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے نظارت نشر و اشاعت قادیان اس کتاب کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہی ہے۔ یہ کتاب ملفوظات جلد اوّل کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **Malfoozat Vol 1**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>H.B, Pages-300<br>Code-E-111, Price-190/- |















| | |
|---|---|
| یہ رسالہ حضرت مسیح موعودؑ کی تصنیف 'اتمام الحجۃ' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے مولوی رسل بابا امرتسری پر اتمام حجّت کرنے کے لئے جون 1894ء میں شائع کیا۔ اس کی تالیف کا باعث مولوی رسل بابا امرتسری کا رسالہ حیات المسیح ہوا جس میں حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کے آسمان پر بجسمہ العنصری زندہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی۔ حضرت مسیح موعودؑ نے اس رسالہ میں قرآن مجید اور احادیث اور آئمہ سلف صالحین کے اقوال سے مسیحؑ کی وفات پر مختصراً لیکن جامع بحث فرمائی ہے۔ مولوی مذکور نے اپنے رسالہ میں ان کے دلائل کو ردّ کرنے والے کے لئے ایک ہزار روپیہ انعام دینے کا بھی اعلان کیا تھا۔ یہ رسالہ روسائے امرتسر اور مولوی محمد حسین بٹالوی اور خود مولوی رسل بابا کو رجسٹری کرکے بھجوایا گیا۔ مگر مولوی رسل بابا نے اپنے ہزار روپیہ انعام کے اعلان کا پاس نہ کرتے ہوئے خاموشی اختیار کرکے اپنا کذب اور دروغ ثابت کردیا۔ یہ رسالہ روحانی خزائن جلد 8 کے صفحہ 273 تا 314 پر مشتمل ہے۔ | **The conclusive argument**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-160<br>Code-E-105, Price-35/- |
| یہ کتابچہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے اُن مکتوبات، مضامین اور اشتہارات کا ایک مختصر مجموعہ ہے جو آپؑ نے پادری عبداللہ آتھم کے ساتھ امرتسر کے مشہور مناظرہ کے دوران 'سچائی کا اظہار' کے نام سے شائع فرمائے۔ اس مناظرہ کی روداد کتاب 'جنگ مقدس' کی صورت میں شائع شدہ ہے۔ یہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب "سچائی کا اظہار" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **The Truth Revealed**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-22, Code-E-75<br>Price-35/- |
| یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معرکۃ الآراء تصنیف "اسلامی اصول کی فلاسفی" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ 'اسلامی اصول کی فلاسفی' سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا وہ معرکۃ الآراء خطاب ہے جو جلسہ اعظم مذاہب لاہور میں اسلام کی نمائندگی میں پڑھا گیا، جس کے پڑھے جانے سے قبل ہی اللہ تعالیٰ نے بشارت دے دی تھی کہ 'مضمون بالا رہا'۔ اس جلسہ میں نمائندگان مذاہب، کمیٹی جلسہ کی طرف سے اعلان کردہ 5 سوالات کے جواب اپنی اپنی مذہبی کتب سے دینے کے پابند تھے۔ صرف حضرت مسیح موعودؑ کا مضمون ہی سوالات کا حقیقی اور مکمل جواب تھا جسے حاضرین نے سب پر بالا تسلیم کیا۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ 209 صفحات پر مشتمل ہے۔ | **The philosophy of the Teachings of Islam**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-209, Code-E-56<br>Price-80/- |
| اس کتابچہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے نظام خلافت کی صورت میں قدرت ثانیہ کے ظہور کی خوشخبری دیتے ہوئے خدمت اسلام کی خاطر الٰہی منصوبہ کے تحت بہشتی مقبرہ کی صورت میں ایک قبرستان کے قیام کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ یہ حضرت مسیح موعودؑ کے رسالہ "الوصیت" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **The Will**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-46, Code-E-61<br>Price-15/- |
| مولوی محمد حسین بٹالوی نے حضرت مسیح موعودؑ کے دلائل سے عاجز آکر گورنمنٹ انگریزی کو آپؑ کے خلاف اکسانا اور اس مقصد براری کے لئے جھوٹی مخبریاں کرنا اپنا شیوہ بنالیا تھا۔ اس نے بارہا حکّام کے پاس آپؑ پر یہ جھوٹا الزام لگایا کہ درپردہ یہ شخص باغی ہے اور مہدی سوڈانی سے بھی زیادہ خطرناک ہے اور گورنمنٹ کا ہرگز خیرخواہ نہیں ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے رسالہ "حقیقت المہدی" میں بٹالوی کے ایسے ہی الزامات اور بہتانات کی مدلّل طور پر تردید فرمائی ہے اور اس کے عقیدہ دربارہ مہدی کو جو اس نے گورنمنٹ کے پاس ظاہر کیا ایک منافقانہ فعل ثابت کیا ہے۔ یہ کتاب اسی رسالہ "حقیقت المہدی" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **The true nature of the Mahdi**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B,Pages-64, Code-E-101<br>Price-30/- |




| | |
|---|---|
| **The British Government & Jihad**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani[as]<br>P.B, Pages-44<br>Code-E-48, Price-20/- | اس کتابچہ میں حضرت مسیح موعودؑ نے اسلامی نظریۂ جہاد کو قرآن مجید اور احادیث کے حوالہ سے واضح فرمایا ہے۔اسی طرح اس میں ابتدائی زمانہ کی اسلامی جنگوں کی غرض وغایت کو بھی بیان کیا ہے۔یہ حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب ’گورنمنٹ انگریزی اور جہاد‘ کا انگریزی ترجمہ ہے۔ |
| **Victory of Islam**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B,Pages-56, Code-E-64<br>Price-15/- | اس کتاب میں حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے زمانے میں عیسائیوں کے ذریعہ مسلمانوں کو اپنے دین سے برگشتہ کرنے اور عیسائیت کی آغوش میں لینے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ آپؑ کو عین وقت پر دین اسلام کو زندہ کرنے اور اسے لوگوں کے دلوں میں قائم کرنے کے لیے مبعوث کیا گیا ہے۔آپؑ نے اس بات کو بھی تفصیلاً بیان فرمایا کہ احیائے اسلام کا کام پانچ الگ الگ شاخوں میں منقسم کیا گیا ہے۔حضورؑ نے ان شاخوں کا بھی تفصیلاً ذکر فرمایا۔یہ کتاب حضرت مسیح موعود کی کتاب ”فتح اسلام“ کا انگریزی ترجمہ ہے۔ |
| | |




**The Essence of Islam**
**Volume 1- 5**
by ........
H.B, Code-E-17
Price - 755/-

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام بانی جماعت احمدیہ کی تحریرات، خطابات واشتہارات کے اقتباسات پر مشتمل حقیقی اسلام اور عقائد و ارکان ایمان وارکان اسلام کا خلاصہ اس میں پیش کیا گیا ہے۔ اسی طرح اس میں آپؑ کے دعاوی، آپؑ کے آنے کے اغراض ومقاصد، آپؑ کے کارہائے نمایاں درج کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب ''حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام اپنی تحریروں کی رو سے'' مرتبہ محترم سید میر داؤد احمد صاحب کا انگلش ترجمہ ہے جو نظارت نشر واشاعت قادیان نے پہلی بار شائع کیا ہے۔ یہ کتاب پانچ جلدوں میں انگلش میں شائع ہوئی ہے۔ جلدوائز عناوین درج ذیل ہیں:

**VOLUME - 1**
> ISLAM, THE TRUE AND LIVING FAITH
> ALLAH THE EXALTED
> THE HOLY PROPHET[sa]
> THE HOLY QUR'AN


**VOLUME - 2**
> ARABIC, THE MOTHER OF TONGUES
> REVELATION, INSPIRATION, VISION AND DREAM
> HADITH AND SUNNAH OF THE HOLY PROPHET[sa]
> ANGELS
> PRAYER
>REPENTANCE AND SEEKING FORGIVENESS
> SALVATION
> THE PILLARS OF ISLAM
> FIGHTING IN THE CAUSE OF ALLAH
> DIVINE DECREES AND DETERMINATION
> RIGHTEOUSNESS
> ARROGANCE
> THINKING ILL OF OTHERS
> PUNISHMENT IN THIS WORLD
> THE SOUL
>RESURRECTION
>HEAVEN AND HELL
> THE PURPOSE OF CREATION


**VOLUME - 3**
> THE NATURAL, MORAL AND SPIRITUAL STATES OF MAN
> FAITH, CERTAINTY AND INSIGHT
> EFFORT AND NATURAL APTITUDE
> THE NEED OF PROPHETS
> PROPHETHOOD IN ISLAM
> JESUS[as] AND THE ADVENT OF THE MESSIAH
> DAJJAL OR THE ANTICHRIST
> DHULQARNAIN
> GOG AND MAGOG
> WOMAN
> THE VEIL
> PROPER UPBRINGING OF CHILDREN
> REPEATED CHALLENGES

**VOLUME - 4**
> FAMILY AND PERSONAL BACKGROUND
>STATUS OF THE PROMISED MESSIAH[as]
>THE PURPOSE OF THE PROMISED MESSIAH'S ADVENT
>PROPAGATION, ESTABLISHMENT OF A HOLY JAMA'AT, AND INSTRUCTIONS


**VOLUME - 5**
> MIRACLES, SIGNS AND PROPHECIES
> MARRIAGE AND RIGHTEOUS PROGENY
> THE CONFERENCE OF GREAT RELIGIONS
> ' ABDULLAH ATHAM
> LEKH RAM
> THE PLAGUE
> THE GREAT VICTORY
> EXTRAORDINARY RENOWN AND DIVINE. SUCCOUR
> EARTHQUAKES AND WARS
> KING OF THE PEN
> THE REVEALED SERMON
> MISCELLANEOUS SIGNS






















| | |
|---|---|
| یہ اشتہار حضرت مسیح موعودؑ کے 'سبز اشتہار' کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس اشتہار میں حضورؑ نے ان شکوک وشبہات اور خدشات کا ازالہ فرمایا ہے جو آپؑ کے بیٹے بشیر اوّل کی وفات پر پیدا ہوئے تھے۔ بشیر اوّل کی پیدائش 7 اگست 1887ء کو اور وفات 4 نومبر 1888ء کو ہوئی تھی۔ | **The Green announcement**<br>by Hadhrat Mirza Ghulam Ahmad Qadiani [as]<br>P.B, Pages-33<br>Code-E-50, Price-20/- |
| یہ کتابچہ "احمدیت یعنی حقیقی اسلام" کا ایک نچوڑ ہے۔جس کو احمدی نقطۂ نظر سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ مختصر مضمون چوہدری سر محمد ظفر اللہ خانؓ نے سن 1924ء میں لندن میں ایک مذہبی کنونشن میں پڑھا تھا جس کا انعقاد ویمبلے ایگزیبیشن آرگنائزیشن نے کیا تھا جس کو ناظرین نے بہت سراہا تھا۔ | **Ahmadiyya Movment**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-72, Code-E-6<br>Price-30/- |
| یہ کتاب کچھ اضافہ کے ساتھ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے لندن میں The conference of Living religions میں پڑھے جانے والے لیکچر پر مشتمل ہے۔اس میں بالخصوص خدا تعالیٰ کے بارے میں نظریہ، خدا تعالیٰ کا انسان کے ساتھ تعلق اور اس کے ساتھ لقاء کے مضمون کو تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔ اسی طرح اس میں اسلام کی اخلاقی اور معاشرتی تعلیم پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ | **Ahmadiyyat or The True Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-365<br>Code-E-93, Price-140/- |
| یہ کتاب حضرت مصلح موعودؓ کے ان خطابات پر مشتمل ہے جو حضورؓ نے سن 1914ء کے جلسہ سالانہ قادیان میں ارشاد فرمائے۔ان میں حضورؓ نے حضرت مولانا حکیم نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی وفات کے بعد رونما ہونے والے واقعات اور اپنے خلیفۃ المسیح منتخب ہونے پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ اپنے خطاب کے دوسرے حصہ میں حضورؓ نے ان مسائل کا بھی ذکر فرمایا جن سے جماعت دوچار ہے۔ دوسرے خطاب میں حضورؓ نے محبتِ الٰہی اور روحانی مراتب حاصل کرنے کے ضمن میں ایک زبردست مضمون بیان فرمایا ہے۔ یہ حضرت مصلح موعودؓ کی کتاب "برکاتِ خلافت" کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **Blessings of Khilafat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-197<br>Code-E-86, Price-50/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی تصنیف فرمودہ کتاب "دیباچہ تفسیر القرآن" کا انگریزی ترجمہ ہے۔اس کتاب کے کئی ایڈیشن قبل ازیں طبع ہو چکے ہیں۔ یہ جماعت احمدیہ کے لٹریچر اور حضرت مصلح موعودؓ کی کتب میں سے بہت اہم کتاب ہے۔ اس کتاب میں حضورؓ نے اُن باتوں کا ذکر کیا ہے جو قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے ضروری ہیں۔ اس ضمن میں حضورؓ نے الہامی کتاب کی ضرورت، مذہب کی ضرورت، دیگر الہامی کتب میں حضرت نبی اکرم ﷺ کے بارہ میں پیشگوئیاں اور آنحضرت ﷺ کی سوانح وغیرہ امور کا ذکر فرمایا ہے۔ یہ کتاب نہایت اہم، معلوماتی اور آنحضرت ﷺ اور قرآن مجید کی شان کو ظاہر کرنے والی کتاب ہے۔ | **Introduction to the study of the Holy Quran**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>H.B, Pages-344, Code-E-22<br>Price-135/- |
| یہ کتاب حضرت مصلح موعودؓ کی معرکۃ الآراء کتاب 'دعوت الامیر' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ یہ کتاب حضورؓ نے امیر امان اللہ خان فرمانروائے افغانستان کے لئے بطور اتمام حجت بصورت مکتوب تحریر فرمائی تھی۔ اس کتاب میں حضرت مصلح موعودؓ نے عقائد احمدیت بیان فرماتے ہوئے معاندین سلسلہ احمدیہ کے تمام اعتراضات کے تسلی بخش جواب تحریر فرمائے ہیں۔ نیز اس کتاب میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت پر بکثرت دلائل کے ساتھ بالتفصیل بحث فرمائی گئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب تبلیغ احمدیت کے نقطۂ نظر سے ایک خاص مقام اور اہمیت رکھتی ہے۔ | **Invitation to Ahmadiyyat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>H.B, Pages-470<br>Code-E-23, Price-190/- |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے جلسہ سالانہ 1939ء کے موقع پر جبکہ جماعت احمدیہ عالمگیر آپؓ کی خلافت پر پچیس سال مکمل ہونے پر سلور جوبلی منا رہی تھی 'خلافت راشدہ' کے عنوان پر نہایت ہی بصیرت افروز اور روح پرور خطاب فرمایا۔ اس میں حضورؓ نے نظام خلافت کی ضرورت و اہمیت و برکات، خلیفۂ وقت کا مقام، خلافتِ راشدہ کی مختصر تاریخ، حالات و واقعات بیان کرتے ہوئے خلافت علیٰ منہاج النبوۃ، خلافت احمدیہ کا قیام نیز مسئلہ خلافت پر خلافِ رائے اصحاب کے اعتراضات کے جوابات اور بالآخر ان کی ناکامی و نامرادی وغیرہ اہم امور پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ کتاب کا انگریزی ترجمہ پہلی مرتبہ 2009ء میں U.K سے شائع ہوا اور 266 صفحات پر مشتمل اس کا ایڈیشن نظارت نشر و اشاعت قادیان نے مئی 2014ء میں بہت عمدہ کاغذ اور پرنٹنگ کے ساتھ شائع کیا۔ | **Khilafat-e-Rashida**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih II[ra]<br>P.B, Pages-266<br>Code-E-81, Price-20/- |
















| | |
|---|---|
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ''دیباچہ تفسیر القرآن'' کے نام سے ایک معرکۃ الآراء کتاب تصنیف فرمائی، جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسوانح پر ایک جامع مضمون تحریر فرمایا اور آپؐ کے اوصاف حمیدہ کا خوبصورت انداز میں ذکر فرمایا۔ یہ مضمون علیحدہ کتابی صورت میں کئی بار شائع ہوا۔ اس کا انگلش ترجمہ بھی Life of Muhammad کے نام سے متعدد بار شائع ہو چکا ہے۔ موجودہ انگلش ایڈیشن 264 صفحات پر مشتمل خوبصورت طباعت کے ساتھ نظارت نشر و اشاعت نے شائع کیا ہے۔ | **Life of Muhammad[sa]**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-264<br>Code-E-82, Price-00/-<br>Out of Stock |
| سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے جلسہ سالانہ قادیان دسمبر 1916ء میں 'ذکرِ الٰہی' کے موضوع پر ایک عظیم الشان معرکۃ الآراء خطاب فرمایا، جس میں ذکرِ الٰہی کی اہمیت فوائد و برکات پر بصیرت افروز روشنی ڈالی اور ذکر کی مختلف اقسام بیان فرمائیں۔ کتاب کا انگریزی ترجمہ متعدد مرتبہ شائع ہو چکا ہے۔ | **Remembrance of Allah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>Paper Bound,Pages-61<br>Code-E-72, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب مولوی محمد علی صاحب کی کتاب The Split کے تفصیلی جواب پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے۔ حصہ اوّل ان گیارہ غلط بیانیوں اور الزامات کے ردّ پر مشتمل ہے جو کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے متعلق ہیں۔ دوسرے حصّہ میں اختلاف کی اصل حقیقت کو منکشف کیا گیا ہے۔ اس بات کا بھی تفصیلاً ذکر کیا گیا ہے کہ کیسے مولوی محمد علی صاحب اور ان کے چند ساتھیوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے دورِ خلافت میں نظامِ خلافت کو ختم کرنے کی سازشیں کی تھیں۔ | **Truth about the split**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd [ra]<br>H.B,Pages-415, Code-E-63<br>Price-100/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے ایک لیکچر 'اسلام میں اختلافات کا آغاز' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اس لیکچر کا بنیادی مقصد بالخصوص حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں رونما ہونے والے واقعات، حوادث اور اختلافات کے بارے میں صحیح اور درست تاریخی حقائق پیش کرنا تھا۔ حضورؓ نے اس لیکچر میں حضرت عثمانؓ کے زہد و تقویٰ اور آنحضرت ﷺ کی نظر میں آپؓ کے مقام و مرتبہ پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ دیگر صحابہ کرامؓ کے اوصاف حمیدہ کا بھی تذکرہ فرمایا ہے۔ نیز ابتدائے اسلام میں اختلافات کے آغاز کی حقیقت کو بھی بیان فرمایا ہے۔ علاوہ ازیں حضورؓ نے حضرت عثمانؓ اور آپؓ کے ساتھیوں پر لگائے جانے والے الزامات کا بھی مدلل جواب دیا ہے۔ یہ لیکچر حضورؓ کا ایک ایسا عظیم علمی کارنامہ ہے کہ کوئی بھی مؤرخ مسلم یا غیر مسلم آج تک اس کی نظیر پیش نہیں کر سکا ہے۔ | **The Outset of Dessension in Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-167, Code-E-77<br>Price - 00/-<br>Out of Stock |
| موجودہ اشتراکی اور سرمایہ دارانہ نظام کے نظریات کے تناظر میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے 28 دسمبر 1942ء کے جلسہ سالانہ میں یہ خطاب فرمایا تھا اس خطاب میں حضورؓ نے اس سوال کا جواب پیش فرمایا ہے کہ احمدیت یعنی حقیقی اسلام دنیا میں سماجی و معاشی عدم مساوات کے مسئلے کو کیسے حل کرتی ہے۔ یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے ایک لیکچر ''نظامِ نو'' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **The new world order of Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-126, Code-E-106<br>Price - 55/- |

















| | |
|---|---|
| کتابچہ ’’دس دلائل ہستی باری تعالیٰ‘‘ سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے دہریوں کے اعتراض کہ ’’اگر خدا ہے تو ہمیں دکھا دو ہم مان لیں گے‘‘ کے جواب میں تحریر فرمایا جو پہلی بار مارچ ۱۹۱۳ء میں طبع ہوا۔ جس میں آپؓ نے تحریر فرمایا کہ خدا کی ہستی چونکہ اَلطَف سے اَلطَف ہے لہٰذا حواس خمسہ سے اسے نہیں معلوم کیا جا سکتا۔ اس کا علم حاصل کرنے کے لئے اس قسم کی قیود کس طرح جائز ہو سکتی ہیں؟ خدا کی ہستی پر یقین رکھنے کے لئے بعض اور ذرائع اور دلائل ہیں۔ چنانچہ آپؓ نے دس ایسے دلائل بیان فرمائے جو خدا تعالیٰ کی ہستی کا یقینی ثبوت ہیں۔ | **Ten Proofs for The Existence of God**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IInd[ra]<br>P.B, Pages-27<br>Code-E-107, Price-35/- |
| سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد یورپ اور افریقہ کے اپنے پہلے دورہ کے دوران 28 جولائی 1967ء کو وانڈز ورتھ ٹاؤن ہال لندن میں ایک عظیم الشان خطاب فرمایا جس میں آپؒ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئیوں کے مطابق عالمگیر تباہیوں، زلزلوں اور جنگوں سے متنبہ فرمایا نیز حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کا مقصد بیان فرما کر نوعِ انسان کو "امن کا پیغام اور ایک حرف انتباہ" کے عنوان سے امن و صلح کا پیغام دیا۔ 22 صفحات پر مشتمل موجودہ ایڈیشن نظارت نشر و اشاعت قادیان نے عمدہ کاغذ و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ | **A Message of Peace & a Word of Warning**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd[th]<br>P.B, Pages-22<br>Code-E-2, Price-20/- |
| یہ کتاب سن 1967ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے بیان فرمودہ خطبات جمعہ کے ایک مجموعہ پر مشتمل ہے۔ کعبہ یا بیت اللہ کے تعلق سے قرآن مجید میں مذکور آیات قرآنیہ کی تفاسیر میں سے یہ ایک عمدہ اور اعلیٰ تفسیر ہے۔ اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ قرآن مجید میں مذکور بیت اللہ کے متعلق آیات میں بیان فرمودہ 23 عظیم الشان مقاصد کس طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کے ذریعہ پایۂ تکمیل کو پہنچے۔ | **Twenty three Great Objectives of Building The House of Allah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IIIrd [rh]<br>P.B,Pages-206, Code-E-87<br>Price-30/- |
| کتابچہ ’’اسلام کا ایک ابتدائی جائزہ‘‘ دنیا کے سب سے زیادہ تیزی سے پھیلنے والے مذہب، اسلام کے بنیادی عقائد کے تعارف پر مشتمل ہے جو کہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے Seville University میں بیان فرمودہ خطاب سے مأخوذ ہے۔ حضورؒ نے اس خطاب میں اِس عظیم مذہب کے عقائد کو بڑے پر شوکت مگر عام فہم انداز میں بیان فرمایا۔ اس خطاب میں حضورؒ نے عقائد اسلام کے بیان کے علاوہ عصر حاضر کے بیشمار مسائل پر بھی سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔ ان مسائل میں: (1) کیوں تمام مذاہب کی تعلیمات ایک جیسی لگتی ہیں۔ (2) مسلمانوں کا جہاد کے بارے میں حقیقت میں کیا نظریہ ہے۔ (3) مسئلہ تقدیر اور آزادانہ مرضی میں اسلام کیسے تطابق کرتا ہے وغیرہ شامل ہیں۔ | **An Elementary Study of Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>P.B, Pages-71<br>Code-E-8, Price-25/- |
| یہ کتاب عیسائیت کے بنیادی اصولوں پر ایک تنقید ہے۔ یا بالفاظ دیگر عیسائیت کے غلط عقائد کو زبردست، مسکت اور لاجواب دلائل سے ردّ کیا گیا ہے۔ حضورؒ نے اس میں موجودہ مسیحی عقائد کو منطق اور استدلال کی بنیاد پر پرکھتے ہوئے عیسائیت کے عقائد ابن اللہ، کفارہ اور تثلیث کا ردّ فرمایا ہے۔ مسیح کی آمد ثانی کے متعلق بھی اصل حقائق سے روشناس کرایا ہے۔ | **Christianity a Journey from facts to fiction**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>P.B, Pages-182<br>Code-E-10, Price-00/-<br>Out of Stock |

















| | |
|---|---|
| سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے حکومت پاکستان کے White Paper قادیانیت اسلام کے لئے سنگین خطرہ کے جواب میں جوخطبات ارشاد فرمائے، ان میں سے ایک خطبہ جمعہ فرمودہ 5 اپریل 1985ء میں حضرت مسیح موعود ومہدی معہود علیہ السلام کے دعاوی اور آپؑ کی آمد کے مقصد پر قرآن مجید احادیث اور آئمہ سلف کے ارشادات کی رو سے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اس خطبہ کا انگریزی ترجمہ Claims of the Promised Messiah کے نام سے کتابی صورت میں 2007ء میں لندن سے شائع ہوا۔ نظارت نشر واشاعت قادیان نے یہ کتابچہ پہلی بار شائع کیا ہے۔ | **Claims of the Promised Messiah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV (rh)<br>P.B,Pages-25<br>Code-E-74, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی تصنیف 'مذہب کے نام پر خون' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں مذہب کی غرض وغایت قیام امن تحمل، بردباری اور مذہبی رواداری کو بیان کیا گیا ہے۔ اس میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ اسلام کے معنے ہی امن وآشتی اور راضی برضی خدا کے ہیں لیکن دکھ کی بات یہ ہے کہ امت مسلمہ میں ایک قلیل طبقہ نے اس کو بگاڑ دیا ہے۔ بجائے امن وآشتی پھیلانے کے مذہب کا شدت پسندوں نے غلط استعمال کیا ہے اور مذہب کی آڑ میں تشدد اور خوف کو مذہب کے اندر بھی اور باہر بھی پھیلایا جارہا ہے۔ | **Murder in the Name of Allah**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>H.B, Pages-149, Code-E-90<br>Price-90/-<br>P.B, Pages-149,Price-50/- |
| یہ کتابچہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ایک خطاب پر مشتمل ہے جو حضورؒ نے سڈنی (آسٹریلیا) میں بیان فرمایا۔ اس مختصر خطاب میں حضورؒ مذہب کی حیات نو کے متعلق اسلامی فلاسفی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مذاہب ہمیشہ الٰہی ہاتھ سے زندہ ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کو خالق حقیقی کی طرف متوجہ کرنے کے لیے خود ایک مصلح مبعوث فرماتا ہے۔ | **Philosophy of revival of religion**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>P.B, Pages-12, Code-E-.37,<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے یہ معرکۃ الآراء اور تاریخ ساز کتاب Revelation Rationality, Knowledge and Truth کے نام سے انگریزی زبان میں تصنیف فرمائی۔ وسیع کائنات پر مشتمل، زندگی بھر کے مطالعہ وتجربات کی بناپر آپؒ نے الہام، عقل، علم اور سچائی کا فلسفہ وحکمت اور اس کے متعلق مختلف اقوام ومذاہب کا نظریہ پیش کرتے ہوئے ہستی باری تعالیٰ کے زبردست ثبوت اور بہت سے قرآنی علوم کی صداقت سائنس اور تاریخِ مذاہب سے پیش فرمائی ہے نیز مستقبل قریب وبعید میں رونما ہونے والی پیشگوئیوں کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ اس کا مطالعہ یقیناً علم وایمان اور ایقان میں اضافہ کا موجب ہے۔<br>اس عظیم کتاب کی غیر معمولی افادیت کے پیش نظر 'الہام، عقل، علم اور سچائی' کے نام سے اس کا اردو ترجمہ بھی کیا گیا ہے جو کہ شائع شدہ موجود ہے۔ | **Revelation Rationality Knowledge and Truth**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>H.B,Pages-756, Code-E-39<br>Price-345/- |
| یہ کتابچہ حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے اُس لیکچر پر مشتمل ہے جو آپؒ نے یونیورسٹی آف کینبرا آسٹریلیا میں سن 1985ء میں دیا تھا۔ حضورؒ نے اس میں بیان فرمایا ہے کہ اسلام کی خوبیاں دوچند ہیں۔ اوّلاً صرف یہی ایک مذہب ہے جو آخری، عالمی اور ابدالآباد تک رہنے والا، تمام زمانوں اور تمام لوگوں کے لیے ہے۔ دوم؛ یہی وہ منفرد مذہب ہے جو دیگر مذاہب کی صداقت کو بھی تسلیم کرتا ہے۔ اس کتابچہ میں اسلام کی سترہ ایسی خوبیاں بیان کی گئی ہیں جو اسلام کو دیگر مذاہب اور نظریات سے ممتاز کرتی ہیں۔ | **Some Distinctive Features of Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>P.B, Pages-35<br>Code-E-88, Price-00/-<br>Out of Stock |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے اس خطاب پر مشتمل ہے جو حضورؒ نے سورینام (Suriname) میں IRIS (Inter-Religious Council) میں فرمایا تھا۔ اس میں حضورؒ نے قانون شریعہ کے نفوذ کے سلسلہ میں پیش آمدہ مشکلات کی مختلف پہلوؤں سے وضاحت فرمائی ہے۔ | **The Relationship between Religion and Politics in Islam**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV rh<br>P.B,Pages-44, Code-E-96<br>Price-20/- |























| | |
|---|---|
| یہ کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ایک مجموعہ خطبات پر مشتمل ہے جس میں حضورؒ نے حکومتِ پاکستان اور اس کے مزعومہ قرطاس ابیض زیرِعنوان 'قادیانیت اسلام کے لیے سنگین خطرہ' میں مذکور الزامات واعتراضات کے جوابات دیے ہیں۔ | **The Magnificent Services of the Just Imam, The Promised Messiah to Reform**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>H.B, Pages-61<br>Code-E-53, Price - 25/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ایک لیکچر پر مشتمل ہے جسے حضورؒ نے 15 اکتوبر 1989ء کو ہیلتھ لینڈ اسکول ہونسلو برطانیہ میں فرمایا تھا۔ اس کتاب میں قرآن کریم کے مطابق حضرت خاتم النبیین ﷺ کی سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مثلاً آپؐ کی انصاف پسندی، آپؐ کا مخلوق خدا سے حسن سلوک وغیرہ، جس کی مثال تاریخ انسانیت پیش کرنے سے قاصر ہے۔ | **The Seal of Prophets[sa]**<br>by Hazrat Khalifatul Maish IV [rh],<br>H.B, Pages-38,<br>Code-E-59 , Price-20/- |
| یہ کتابچہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے ایک خطبہ جمعہ پر مشتمل ہے جو حضورؒ نے یکم فروری 1985ء کو بیان فرمایا تھا۔ اس میں حضورؒ نے مخالفین کی جانب سے اکثر لگائے جانے والے اس الزام کا مدلل جواب پیش فرمایا ہے کہ جماعت احمدیہ انگریز کا خودکاشتہ پودا ہے جس کو انگریزی حکومت نے برصغیر میں اپنے مقاصد کو پورا کرنے اور مسلمانوں میں افتراق اور نزاع پیدا کرنے کے لیے لگایا تھا۔ | **Was Ahmadiyya Muslim Jama'at planted by the British?**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>P.B,Pages-44, Code-E-66<br>Price-20/- |
| حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے باکو (آذربائی جان) میں منعقد ہونے والی کھیلوں کی ایک بین الاقوامی تقریب کے موقع کی مناسبت سے یہ پیغام تحریر فرمایا تھا۔ اس تقریب میں ٹائیگر احمدیہ ہاکی ٹیم کو آذربائی جان کونسل آف یونین وائیڈ والینٹری ٹریڈ یونین سپورٹس فیڈریشن نے مدعو کیا تھا۔ اس تقریب کے بعد آذربائی جان سے اپریل 1990ء میں اس ہاکی ٹیم نے انگلینڈ کا دورہ کیا جو MTA ہاکی کلب کے مدمقابل کھیلی تھی۔ اس وقت اس پیغام کا رشین زبان میں ترجمہ کر کے اس کو شائع کیا گیا۔ اگرچہ کہ اس میں حضور انورؒ نے آذربائی جان کے لوگوں کو مخاطب کیا ہے۔ تاہم محبت اور شفقت کا ایک عالمی نوعیت کا پیغام ہونے کے ناطے یہ تمام ممالک اور مذاہب کے لوگوں کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔ | **With Love to the Muslims of the world**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih IV [rh]<br>P.B,Pages-53, Code-E-70<br>Price-20/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ان خطبات اور خطابات کا مجموعہ ہے جن میں حضور انور ایدہ اللہ نے بانی جماعت احمدیہ علیہ السلام کی پیش کردہ دس شرائط بیعت کو قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات کی روشنی میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب ''شرائطِ بیعت اور ہماری ذمہ داریاں'' کا انگریزی ترجمہ ہے۔ | **Conditions of Baiat**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>H.B & P.B, Pages- 300, Code-E-11,<br>Price-00/- Out of Stock |
| سیّدنا امیرالمومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے متعدد خطباتِ جمعہ، مختلف ممالک کے جلسہ ہائے سالانہ اور لجنہ اماء اللہ کے اجتماعات نیز دیگر مواقع پر روزمرّہ کے عائلی مسائل اور اُن کے حل کے متعلق اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بہت سی پُرحکمت نصائح اور زرّیں ارشادات فرمائے ہیں جو کامیاب عائلی زندگی گزارنے کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ کتاب ہذا انہی ارشادات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کی اہمیت وافادیت کے متعلق حضور انور ایدہ اللہ خود تحریر فرماتے ہیں:<br>''عائلی مسائل کے متعلق جو میں نے باتیں بیان کی ہیں یہ حالاتِ حاضرہ کے مطابق ہیں۔ انہیں لجنہ وناصرات کو پڑھنا چاہئے اور اِن باتوں پر عمل کرنا چاہئے۔ نیز مجالس کو بھی اِن باتوں کو پیشِ نظر رکھنا چاہئے اور وقتاً فوقتاً انہیں اجلاسات اور میٹنگز میں دہراتے بھی رہنا چاہئے۔'' | **Domestic Issues And Their Solution**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>P.B,Pages-220, Code-E-99<br>Price-75/- |
| یہ کتاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے معرکۃ الآراء خطابات اور عالمی رہنماؤں کو لکھے گئے خطوط پر مشتمل ہے۔ جن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے عالمی رہنماؤں کو اس طرف توجہ دلائی ہے کہ دنیا تیسری عالمی جنگ کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ اس کتاب میں حضور انور نے تیسری عالمی جنگ سے بچنے اور دنیا میں امن کے قیام کی اپیل فرمائی ہے۔ نیز حضور انور نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں قیام امن کے سنہری اصول بھی بیان فرمائے ہیں۔ | **World crisis and the pathway to peace**<br>by Hadhrat Khalifatul Masih Vth[atba]<br>P.B, Pages-266<br>Code-E-109, Price-185/- |
























| | |
|---|---|
| یہ کتاب ایک لطیف شرح کے ساتھ حضرت محمد ﷺ کی مختلف موضوعات پر مشتمل چالیس اہم احادیث کا ایک شاندار مجموعہ ہے جسے حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے افراد جماعت کی سہولت اور تعلیم وتربیت کے لیے احادیث کی مختلف کتب سے جمع کیا ہے۔ | **Forty gems of Beauty**<br>by Hadhrat Mirza Basheer ahmad[ra] M.A<br>P.B, Pages-182, Code-E-18,<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| 1919ء میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے آنحضرت ﷺ کی سوانح عمری لکھنی شروع کی جو ریویو آف ریلیجنز اردو کے شماروں میں 'ہمارا آقا' کے نام سے شائع ہوتی رہی۔ یہ کتاب انہیں شماروں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے نہ صرف آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ اور اخلاقِ فاضلہ کے مختلف پہلوؤں پر قرآن وحدیث کی روشنی میں بحث کی ہے بلکہ تاریخ اسلام کے اہم واقعات اور حوادث کو ٹھوس تاریخی شواہد کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اس تصنیف میں مصنف نے مستشرقین اور تاریخ نویسوں کے متعصبانہ الزامات کا بھی تفصیلاً رد کیا ہے۔<br>اس طرح یہ مجموعہ آنحضرتؐ کی پیدائش سے لیکر سات ہجری تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ جبکہ بعد کے برسوں کے لیے مجوزہ عناوین بھی مخصوص انداز اور تفصیل کے ساتھ اس جلد میں شامل ہیں تاکہ بعد کے محققین انہی خطوط اور اصولوں پر اس تحقیق کو آگے بڑھا سکیں۔ | **The Life and Character of the Seal of Prophets[sa] V-1-3**<br>by Hazrat Mirza Bashir Ahmad[ra] M.A<br>H.B,<br>Code-E-52,Vol-1: Price-135/-<br>Pages-414<br>Code-E-95,Vol-2: Price-250/-<br>Pages-617<br>Code-E-110,Vol-3: Price-175/-<br>Pages-261 |
| 10 دسمبر 1948ء کو United Nations کی جنرل اسمبلی کی طرف سے Human Rights کے بارہ میں ایک عالمی اعلامیہ اپنایا گیا۔ حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ نے اس اعلامیہ سے موازنہ کرتے ہوئے اس کتاب میں اسلام کی تعلیمات پیش فرمائی ہیں۔ اس ضمن میں آپؓ نے قرآن وسنت سے دلائل پیش فرمائے ہیں اور اسلامی تعلیمات کی فوقیت کو ظاہر فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح چودہ سو سال قبل اسلام نے تمام انسانوں کے حقوق کی حفاظت کے متعلق بنیادی تعلیمات بیان فرمائی ہیں۔ | **Islam and Human Rights**<br>by Sir Mohammad Zafrullah Khan[ra]<br>P.B, Pages-210, Code-E-24,<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ کتابچہ سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ کے ایک خطاب پر مشتمل ہے جو انہوں نے ۲ مارچ ۱۹۳۵ء کو Y.M.C.A ہال لاہور میں بیان فرمایا تھا۔ اس خطاب میں آپؓ نے احمدیت کے بنیادی اصولوں پر روشنی ڈالی ہے۔ | **Message of Ahmadiyyat**<br>by Sir Mohammad Zafrullah Khan[ra]<br>P.B, Pages-47<br>Code-E-32, Price-15/- |
| یہ کتابچہ حضرت مسیح موعودؑ کے صحابی حضرت سر محمد ظفر اللہ خان صاحبؓ کی تصنیف ہے۔ آپؓ نے اقوام متحدہ اور ہیگ میں واقع بین الاقوامی عدالت انصاف جیسے معزز اداروں کے ذریعہ انسانیت کی خدمت کے لیے اپنی زندگی وقف کی اور انہی نظریات پر عمر بھر قائم رہے۔ اس کتاب میں آپؓ نے مختصر اور جامع رنگ میں اسلام کے ابتدائی حالات، اس کی اصل روح اور تعلیمات بیان کی ہیں تاکہ مغرب کے دلچسپی رکھنے والے افراد اس عظیم عقیدے سے بہتر طور پر آگاہ ہوسکیں جس پر دنیا کی کم از کم ایک چوتھائی آبادی فخر محسوس کرتی ہے۔ | **The message of Islam**<br>by Sir Mohammad Zafrullah Khan[ra]<br>P.B, Pages-45<br>Code-E-54, Price - 25/- |
| یہ کتاب ایک انگریز مصنف Iain Adamson کی تصنیف ہے اور اسلام انٹرنیشنل پبلیکیشنز لمیٹیڈ کی طرف سے شائع شدہ ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے حضرت مسیح موعودؑ کی سوانح کے بارہ میں 40 ابواب اور دو ضمیمے تحریر کئے ہیں جن میں حضرت مسیح موعودؑ کی سوانح کو مختصراً بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک مفید اور معلوماتی کتاب ہے۔ | **Ahmad[as]**<br>**The Guided One**<br>by Iain Adamson<br>H.B, Pages-386, Code-E-5<br>Price-175/- |























| | |
|---|---|
| **A Commentary of Al Qaseedah**<br>by Moulana Jalaluddin Shams[ra]<br>H.B, Pages-207, Code-E-92<br>Price-110/- | آنحضرت ﷺ کے عشق اور مدح میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے یہ قصیدہ فصیح عربی زبان میں رقم فرمایا۔حضورؑ نے اس میں آنحضور ﷺ کی اعلیٰ اخلاقی وروحانی اقدار، آپ ﷺ کے حسن و جمال، آپ ﷺ کے فیوض اور آپؐ کے روحانی انقلاب کا تذکرہ فرمایا ہے۔حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمسؓ نے سن 1956ء میں جبکہ وہ ایک طویل بیماری سے صحت یاب ہو رہے تھے اس قصیدہ کی ایک نہایت ہی پُر وجد اور پُر معرفت شرح رقم فرمائی۔ |
| **Holy Prophet's[sa] Kindness to Children**<br>by ......<br>P.B, Pages-44<br>Code-E-21, Price-00/-<br>Out of Stock | یہ کتابچہ مکالمہ کی صورت میں ہے اور آنحضرت ﷺ کی حیاتِ طیّبہ کے ان دلچسپ واقعات پر مشتمل ہے جو آپ ﷺ کی بچوں سے انتہائی شفقت کو ظاہر کرتے ہیں۔ |
| **Mahzar Nama**<br>by Nashro Isha'at Qadian<br>P.B, Pages-195<br>Code-E-31, Price-00/-<br>Out of Stock | یہ محضر نامہ 1974ء میں پاکستان کی نیشنل اسمبلی کی ایک خاص کمیٹی کو جماعت احمدیہ مسلمہ کی جانب سے پیش کیا جانے والا ایک اہم تاریخی دستاویز ہے۔اس دستاویز کا مقصد اس بات کو باور کرانا تھا کہ ممبران جماعت احمدیہ مسلمان ہیں۔نیز اس میں جماعت کے بنیادی اصولوں کی وضاحت کی گئی ہے۔اور اسی طرح اس دستاویز کے ذریعہ جماعت پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کی تردید کی گئی ہے۔ |
| **Muhammad The Perfect man**<br>by ..........<br>H.B, Pages-976<br>Code-E-98, Price-345/- | یہ کتاب اسوۂ انسانِ کامل ﷺ کا انگریزی ترجمہ ہے جس میں مصنف کتاب نے احادیث نبویہؐ کی روشنی میں حضرت نبی اکرم ﷺ کی روشن سیرت کے مختلف پہلوؤں کو بڑی خوش اسلوبی سے ترتیب دیا ہے۔مصنف نے مختلف عناوین باندھ کر آنحضرت ﷺ کے اُسوہ کو اس کتاب میں تحریر کیا ہے۔گو ان میں سے ہر عنوان الگ باب اور الگ کتاب ہے لیکن مصنف نے بہت اچھے انداز میں ان عناوین پر الگ الگ مضامین تحریر کر کے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔یہ کتاب جہاں آنحضرت ﷺ کے اُسوہ کے بارہ میں ازدیادِ علم کا باعث بن کر آپ ﷺ کی محبت کو دلوں میں جنبش دینے والی ہے وہاں آپ ﷺ کی سیرت پر روشنی ڈالنے کے لئے تقریر وتحریر کے لئے بھی اس کتاب میں بہت اہم اور مفید مواد موجود ہے۔ |
| **Rushdie haunted by his unholy ghosts**<br>by Mohammad Arshad Ahmadi<br>P.B, Pages-183<br>Code-E-40, Price-65/- | اس کتاب میں مصنف مشرق کی انتہا پسندی کی تردید کے ساتھ ساتھ مغرب کے رویہ کی بھی مذمت کرتا ہے۔نیز اسلام میں گستاخیِ خدا ورسول کے ضمن میں صحیح اسلامی تعلیمات پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ ثابت کرتا ہے کہ اس ضمن میں فتویٰ کا اجراء ایک ناجائز عمل تھا۔اس کتاب میں مغربی مستشرقین کے اس کردار کو بھی اجاگر کیا گیا ہے جو اسلام اور مغرب کے مابین ایک دراڑ کو بڑھاوا دے رہا ہے۔آزادیِ ضمیر پر بھی اس کتاب میں تفصیلاً بحث کی گئی ہے۔ |
| **Selected Sayings of the Holy Prophet of Islam**<br>by Nashr-o-Isha'at Qadian<br>P.B, Pages- 69<br>Code-E-41, Price-35/- | یہ کتاب ارکان ایمان وارکان اسلام اور دینی ودنیوی،معاشی واخلاقی اور روحانی تعلیمات پر مشتمل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی منتخب احادیث کا مجموعہ ہے جو پہلی بار جماعت احمدیہ کی صدسالہ جوبلی کے موقع پر شائع ہوا۔موجودہ ایڈیشن ۶۹ صفحات پر مشتمل عربی متن اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ خوبصورت ٹائٹل اور عمدہ پرنٹنگ میں نظارت نشر واشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ |
| **Selected Verses of the Holy Qur'an**<br>by Nashr-o-Isha'at Qadian<br>P.B, Pages-74<br>Code-E-42, Price-35/- | یہ کتاب ارکان ایمان وارکان اسلام اور دینی ودنیوی،معاشی واخلاقی اور روحانی تعلیمات پر مشتمل قرآن مجید کی منتخب آیات کا مجموعہ ہے جو پہلی بار جماعت احمدیہ کی صدسالہ جوبلی کے موقع پر شائع ہوا۔موجودہ ایڈیشن ۷۴ صفحات پر مشتمل عربی متن اور انگریزی ترجمہ کے ساتھ دیدہ زیب ٹائٹل اور عمدہ پرنٹنگ میں نظارت نشر واشاعت قادیان نے شائع کیا ہے۔ |




















| | |
|---|---|
| نماز اور مسائل نماز پر مشتمل یہ ایک مختصر اور جامع کتابچہ ہے۔اس میں عربی رسم الخط سے ناواقف افراد اور بالخصوص بچوں کیلئے عربی الفاظ کو عربی<br>کے علاوہ انگریزی تلفظ میں بھی درج کیا گیا ہے اور نماز اور دیگر دعاؤں کا عربی متن کے ساتھ ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔اور بچوں کی ذہنیت کو مدنظر<br>رکھتے ہوئے نماز میں ادا کی جانے والی حرکات کو تصاویر کے ذریعہ اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔نیز نماز سے متعلق اہم اور ضروری معلومات بہم<br>پہنچائی گئی ہیں۔یہ کتابچہ بالخصوص بچوں کے لئے بہت مفید ہے۔ 1994ء میں یو۔کے سے اس کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔نظارت نشرو<br>اشاعت قادیان نے 96 صفحات پر مشتمل موجودہ ایڈیشن عمدہ کاغذ وطباعت کے ساتھ افادۂ عام کے لئے شائع کیا ہے۔ | **Salat**<br>The Muslim Prayer Book<br>by Nazarat Nashr-o-Ishaat Qadian<br>P.B, Pages-96<br>Code-E-79, Price-30/- |
| یہ کتاب تفسیر کے ساتھ اُن آیات اور سورتوں کے مجموعہ پر مشتمل ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی روزمرہ کی<br>نمازوں میں تلاوت فرماتے ہیں۔ | **The Guiding Light**<br>by Prof. A R Carmichael<br>H.B, Pages-559<br>Code-E-91, Price-180/- |
| اس مختصر کتابچہ میں مصنف نے ہندو مذہب کی کتب میں مذکور بعض پیشگوئیوں کا ذکر کرتے ہوئے یہ بیان کیا ہے کہ تیرہویں صدی عیسوی<br>کے اختتام پر دنیا کے تمام بڑے مذاہب کے پیروکار ایک مصلح موعود کے انتظار میں تھے کہ عین اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے حضرت<br>مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کو مصلح اقوام عالم کے طور پر مبعوث فرما کر آپؑ کے وجود میں ان پیشگوئیوں کو متحقق فرمایا۔ | **The prophet of Present Age**<br>by Maulana Bashir Ahmad Dehalwi<br>P.B,Pages-44, Code-E-58<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| یہ کتاب بانیٔ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام کے متعلق ہے۔اس میں مصنف نے بانیٔ جماعت احمدیہ کے دعاوی<br>اور آپؑ کے وجود باجود میں متحقق پیشگوئیوں کا تفصیلاً ذکر کرتے ہوئے، آخری زمانہ میں حضرت مسیح موعودؑ اور آپؑ کی قائم کردہ جماعت کے<br>ذریعہ اسلام کی نشأۃ ثانیہ، اس کی تبلیغ واشاعت اور خدمت اسلام پر بھی تفصیلاً روشنی ڈالی ہے۔ | **The promised Masih & Mehdi**<br>by Dr.Aziz Ahmad Chaudhary<br>P.B,Pages-281, Code-E-57<br>Price-50/- |
| حضرت مولوی شیر علی صاحبؓ کا انگریزی میں بیان فرمودہ یہ ترجمۃ القرآن، حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی بعض<br>آیات کے ترجمہ میں کچھ تبدیلی اور حواشی کے اضافہ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ | **The Holy Quran (With English Translation) Small**<br>by Hadhrat Molvi Sher Ali[ra]<br>H.B, Pages-167, Code-Q-6,<br>Price -00/- (Out of Stock) |
| یہ کتابچہ پروفیسر ڈاکٹر صالح محمد الہ دین صاحب کی جلسہ سالانہ قادیان دسمبر 1988ء کی ایک تقریر پر مشتمل ہے۔اس میں مقرر نے ہستی<br>باری تعالیٰ کے متعلق سائنسدانوں کے نظریات کو بڑی خوبصورتی اور لطافت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | **Views of Scientists on the Existence of God**<br>by Dr.Hafiz Saleh Mohammad Ala din<br>P.B,Pages-21, Code-E-65<br>Price-10/- |
| اس مختصر کتابچے میں قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں مسلم خواتین کے حقوق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔نیز اس میں خواتین کے دائرۂ کار،<br>نکاح، طلاق، تعدد ازدواج نیز سماجی اور اخلاقی اقدام جو اسلام میں محفوظ ہیں، پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ | **Woman in Islam**<br>by Sir Mohammad Zafrullah Khan[ra]<br>P.B,Pages-33, Code-E-71<br>Price-00/- (Out of Stock) |
| قاعدہ یسرنا القرآن مشہور ومعروف قاعدہ ہے جو 1904ء سے رائج ہے۔اس قاعدہ کے ذریعہ بچہ نہایت آسانی سے جلد قرآن شریف<br>پڑھنا سیکھ لیتا ہے۔اس قاعدہ میں قرآن شریف پڑھنے کے تمام قواعد درج ہیں۔مصنف نے اس کی تصنیف کے ساتھ ایسی طرز کتابت<br>ایجاد کی ہے اور حروف اور اعراب کو اس طریق سے لکھا ہے کہ قاعدہ پڑھنے والے کو غلطی نہ لگے۔نئی ٹیکنالوجی کے سبب اب اسے کمپوز<br>کر کے خوبصورت ٹائیٹل اور دیدہ زیب لکھائی کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔انگریزی خوان بچوں کے لئے انگریزی زبان میں قواعد کا<br>ترجمہ کیا گیا ہے۔ | **Yassarnal Quran (English)**<br>by Sahibzada Peer Manzur Muhammad Sahib (ra)<br>P.B, Pages-68, Code-Q-23<br>Price-60/- |




**Where did Jesus Die?**
by Molana Jalaluddin Shams (ra)
P.B, Pages-244
Code-E-69, Price-125/-

کتاب Where did Jesus die? میں حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس ؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت مسیح موعودؑ کے اقوال کی روشنی میں حضرت عیسیٰؑ کی صلیبی موت سے قبل اور بعد کے واقعات کی بہت ہی معقول اور معتبر وضاحت فرمائی ہے۔